نحن انصار اللہ

☆ ☆ ☆ بیت الانصار۔ نیا دفتر مجلس انصار اللہ کینیڈا ☆ ☆ ☆

مجلس انصار اللہ کینیڈا کا ترجمان

R.D. AUTO REPAIRS & TAXI RENTALS

Great Service
& Great Prices

آر۔ڈی۔آٹو رپیئرز اینڈ ٹیکسی رینٹل

Taxi & Limo Special

Oil Change $14.99
Brakes $39.99
(Front or Rear) 95 to 97 All Makes
Brakes $39.99
(Front or Rear) 98 to 2001 All Makes

Open 24 Hours

Oil Change $14.99 Regular
Regular $24.99
Save $10.00
Front Brakes $49.99
(Most Cars)
Rear Brakes $49.99
(Most Cars)

Engine Shampoo $19.99
Safety Inspection $39.99
Engine Tuneup $49.99
(Most Cars)

Call: Mr. Khan/Nadeem
416-782-3898 - Fax: 416-782-8452

52-Eugene Street
One Block West of Caledonia Rd. & One Block South Of Lawrence
Near Major Intersection Of Keele & Lawrence Two Blocks East Of Keele

بسم اللہ الرحمن الرحیم　　　　نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم　　　　وعلے عبدہ المسیح الموعود

مجلس انصار اللہ کینیڈا کا تعلیمی ، تربیتی و دینی مجلہ

نحن انصار اللہ

1379 ہجری شمسی - 2001 عیسوی

جلد نمبر 2 - شمارہ نمبر 1

فہرست مضامین

☆ قرآن مجید

☆ حدیث النبوی ﷺ

☆ ارشادات سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام

☆ اداریہ

☆ پیغام صدر مجلس انصار اللہ کینیڈا

☆ ذکر حبیبؑ

☆ یاد مصلح موعودؓ

☆ احمدیت کی برکتیں

☆ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ کی پر شفقت یاد

☆ مقدمات کے پس منظر میں

☆ چند یادیں

☆ تجزیاتی تعاقب

☆ یاداشت اور ذہنی استعداد

☆ منقولات

☆ مجلسی سرگرمیوں کی تصویری جھلکیاں............اور بہت کچھ

امیر و مشنری انچارج کینیڈا

مولانا نسیم مہدی

صدر مجلس انصار اللہ کینیڈا

ملک کلیم احمد

قائد اشاعت

محمد زبیر منگلا

مدیر (اردو)

ناصر احمد وینس

مدیر (انگلش)

ڈاکٹر ساجد احمد

کمپوزنگ و ڈیزائنگ

سعید احمد مجید

بشارت احمد (وینکور)

دفتر اشاعت : ایڈیٹر نحن انصار اللہ - 10610 Jane Street, Maple Ontario. L6A 1S1 (Tel: 905 835 2669 Fax: 905 832 3220

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیغام ربّانی

وَإِذْ أَخَذَ اللّٰهُ مِيثَاقَ النَّبِيِّينَ لَمَا آتَيْتُكُمْ مِنْ كِتَابٍ وَحِكْمَةٍ ثُمَّ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مُصَدِّقٌ لِمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهِ وَلَتَنْصُرُنَّهُ ۚ قَالَ أَأَقْرَرْتُمْ وَأَخَذْتُمْ عَلَىٰ ذَٰلِكُمْ إِصْرِي ۖ قَالُوا أَقْرَرْنَا ۚ قَالَ فَاشْهَدُوا وَأَنَا مَعَكُمْ مِنَ الشَّاهِدِينَ ۝ (آل عمران ۳ : ۸۲)

اور اس وقت کو بھی یاد کرو جب اللہ نے (اہل کتاب سے) سب نبیوں والا پختہ عہد لیا تھا کہ جو بھی کتاب اور حکمت میں تمہیں دوں پھر تمہارے پاس کوئی (ایسا) رسول آئے جو اس کلام کو پورا کرنے والا ہو جو تمہارے پاس ہے تو تم ضرور ہی اس پر ایمان لانا اور ضرور اس کی مدد کرنا اور (فرمایا تھا) کہ کیا تم اقرار کرتے ہو اور اس پر میری (طرف سے) ذمہ داری قبول کرتے ہو؟ (اور انھوں نے کہا تھا) ہم اقرار کرتے ہیں، فرمایا اب تم گواہ رہو اور میں بھی تمہارے ساتھ گواہوں میں سے (ایک گواہ) ہوں۔

ارشادِ نبوی ﷺ

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى صَلَاتَنَا وَاسْتَقْبَلَ قِبْلَتَنَا وَأَكَلَ ذَبِيحَتَنَا فَذٰلِكَ الْمُسْلِمُ الَّذِي لَهُ ذِمَّةُ اللّٰهِ وَذِمَّةُ رَسُولِ اللّٰهِ فَلَا تُخْفِرُوا اللّٰهَ فِي ذِمَّتِهِ۔

(بخاری کتاب الصلوٰۃ باب فضل استقبال القبلۃ)

حضرت انسؓ بن مالک بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ہماری طرح نماز پڑھے اور اس میں ہمارے قبلہ کی طرف منہ کرے ہمارا ذبیحہ کھائے۔ وہ مسلمان ہے جس کی حفاظت کی ذمہ داری اللہ اور اس کے رسولؐ نے لے لی ہے۔ پس اللہ کی ذمہ داری کی بے حرمتی نہ کرو۔

ارشاداتِ عالیہ سیّدنا حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصّلوٰۃ والسلام

دنیا میں کوئی میرا دشمن نہیں ہے

مجھے حکم دیا گیا ہے کہ محض فوق العادت نشانوں اور پاک تعلیم کے ذریعہ سے سچائی کو دنیا میں پھیلاؤں ۔ میں اس بات کا مخالف ہوں کہ دین کے لئے تلوار اٹھائی جائے اور مذہب کے لئے خدا کے بندوں کے خون کئے جائیں ۔ اور میں مامور ہوں کہ جہاں تک مجھ سے ہوسکے ان تمام غلطیوں کو مسلمانوں میں سے دور کر دوں اور پاک اخلاق اور بردباری اور حلم اور انصاف اور راستبازی کی راہوں کی طرف ان کو بلاؤں ۔ میں تمام مسلمانوں اور عیسائیوں اور ہندوؤں اور آریوں پر یہ بات ظاہر کرتا ہوں کہ دنیا میں کوئی میرا دشمن نہیں ہے ۔میں بنی نوع انسان سے ایسی محبت کرتا ہوں کہ جیسے والدہ مہربان اپنے بچوں سے بلکہ سے بڑھ کر ۔ میں ان باطل عقائد کا دشمن ہوں جن سے سچائی کا خون ہوتا ہے ۔ انسان کی ہمدردی میرا فرض ہے اور جھوٹ اور شرک اور ظلم اور ہر ایک بدعملی اور ناانصافی اور بداخلاقی سے بیزاری میرا اصول ۔

(اربعین نمبر 1 ۔ روحانی خزائن ، جلد 17 ، صفحہ 344)

حضورانور کا مکتوبِ گرامی ۔۔ بسلسلہ، دفتر مجلس انصار اللہ کینیڈا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ـــــــ نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ
وَعَلٰی عَبْدِہِ الْمَسِیْحِ الْمَوْعُوْدِ

پرائیویٹ سیکرٹری
حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

لندن
۲۳.۵.۲۰۰۰

مکرم کلیم احمد صاحب۔ صدر مجلس انصار اللہ کینیڈا

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کا خط ملا۔ بعد ملاحظہ و دعا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ

"اپنے دفتر کا نام آپ "بیت الانصار" رکھ لیں۔ اللہ مبارک کرے"

اللہ تعالیٰ آپ سب کو مقبول خدمات بجا لانے کی توفیق عطا کرے۔

والسلام
خاکسار

منیر احمد جاوید

پیغام صدر مجلس انصار اللہ کینیڈا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

محض خدا تعالیٰ کے فضل سے ''نحن انصاراللہ'' کا دوسرا شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہے جو کہ چند دوستوں کی محنت کا ثمر ہے خدا تعالیٰ انہیں بہتر جزا دے (آمین)

مجلس انصاراللہ کئی جہتوں سے مجلس اور جماعت کے کاموں کو بڑھانے میں مد ثابت ہوسکتی ہے۔اس رسالہ کی مدد سے متعدد امور کی طرف توجہ دلانا مقصود ہے۔ چنانچہ جہاں یہ مقصد ہے کہ تعلیمی معیار بلند ہو وہاں یہ بھی مقصد ہے کہ انصار پدرانہ شفقت سے جماعتی امور پر نظر رکھیں۔ اور جسطرح ایک مومن باپ اپنے گھر کی چاردیواری میں خدا کے احسانوں کا شکر گزار اور پیار و محبت کا خواہاں ہے، بعینہ شکر، پیار و محبت، اخلاص اور قربانی کا معیار وہ تمام جماعت میں دیکھنے کا خواش مند ہو۔

ہم نے مجلس انصاراللہ پاکستان کی اجازت سے ''دینی نصاب'' کی کتاب شائع کی ہے۔ امید ہے کہ اس میں شامل موضوعات ہر گھر کے لیے فائدہ مند ہوں گے۔ یہ کتاب اردو میں ہے۔اس لیے اردو دان احباب زیادہ سے زیادہ اس سے استفادہ کرنے کی کوشش کریں۔اگر آپ کو اب تک یہ کتاب نہیں ملی تو اپنے زعیم صاحب سے رابطہ قائم کریں۔

نحن انصاراللہ کو کامیابی سے جاری رکھنے کے لیے آپ کے تعاون کی اشد ضرورت ہے۔ہلکے پھلکے سیرت،سائنس ،صحت اور معلوماتِ عامہ سے متعلق مضامین جو آپکو پسند ہوں اور دوسروں کے لیے بھی مفید سمجھتے ہوں بجھوائیں ۔ ایسے مضامین انشاء اللہ اس رسالہ کی زینت میں اضافہ کریں گے ۔مجلس انصاراللہ کے کاموں ، مالی قربانی ،اجلاسات اور اجتماعات میں آپ کی شمولیت ہمیشہ باعثِ مسرت ہوتی ہے۔

ہمارے آئندہ منعقد ہونے والے پروگراموں میں شامل ہونے کے لیے ابھی سے کوشش کریں۔۔خدا تعالی ہماری مساعی کو قبول کرے اور باالخصوص تبلیغ کا جو جامع پرورگرام آپ تک مقامی زعیم صاحب نے پہنچایا ہے اس پر پوری طرح عمل کرنے والے ہوں۔دعا ہے کہ اللہ تعالی اپنے فضل سے ہمیں ہر پہلو سے نوازے (آمین)

والسلام خاکسار

ملک کلیم احمد

صدر مجلس انصاراللہ کینیڈا

اداریہ

آ دیکھ تیرے جہاں میں کیا کیا نہیں ہوا !!!

یہ 30 اکتوبر 2000ء کا ایک سرمئی سویرا ہے......ظلمتِ شب کی کوکھ سے پھوٹنے والا اجالاً سحر بتدریج پھیل رہا ہے.......طلوع سحر کی ان فرحت انگیز گھڑیوں میں انسان تو انسان' چرند پرند بھی اپنے پیدا کرنے والے کی حمد و ثناء کے مدھر گیت گانے میں مگن ہیں.....ایسے میں ضلع سیالکوٹ کے قصبہ گھٹیالیاں خورد کی مسجد احمدیہ کے اندر رب العالمین کی توحید کے نام لیوا نمازِ فجر کی ادائیگی اور منبع رشدو ہدایت قرآنِ پاک کے درس سے مستفیذ ہو کر جیسے ہی صحنِ مسجد سے نکلنے لگتے ہیں تو اچانک باہر سڑک پر کھڑی ایک کار سے نکلنے والے دو انسان نما وحشی درندے صحنِ مسجد میں گھس کر نہتے و بیگناہ نمازیوں پر کلاشنکوفوں سے گولیوں کی اندھادھند بوچھاڑ کر دیتے ہیں...............

درندگی و بربریت کے اس خونچکاں ڈرامے کے نتیجہ میں گولیوں سے اٹھنے والا دھواں اور معصوم نمازیوں کے جسموں سے بہہ نکلنے والا لہو صحنِ مسجد میں چاروں طرف پھیل جاتا ہے.........بیسویں صدی کے یہ انسانی بھیڑیے طے شدہ پلان کے مطابق اپنی کاروائی لمحوں میں مکمل کر کے ہوائی فائر کرتے ہوئے باہر تیار کھڑی کار میں بیٹھ کر اطمینان سے پسرور روڈ کی طرف چلے جاتے ہیں.........ان وحشی درندوں کی بیہمانہ کاروائی کے نتیجہ میں پانچ بیگناہ احمدی مسلمان شہید اور تقریباً درجن بھر زخمی ہو جاتے ہیں۔ اس خوں آشام کاروائی کے بعد جب لوگوں کا ہجوم صحن مسجد میں زخمیوں کو سنبھالنے لگتا ہے تو چشم فلک ایک عجیب مگر ایمان افروز نظارے کا دیدار کرتی دکھائی دیتی ہے۔جس جس زخمی کو لوگ سنبھالنے لگتے ہیں تو وہ ساتھ کے زخمی کی طرف اشارہ کر کے کہتا ہے کہ پہلے اسکو سنبھالو..........! اللہ اللہ یہ تو اس شاندار اسلامی روایت کی تجدید ہے جب میدان جنگ میں شدید زخمی ہونے والے اپنی جان کنی کی کیفیت کی پرواہ کئے بغیر دوسروں کی فکر کرتے تھے اور دوسرے زخمیوں کو پہلے پانی پلانے کا کہتے تھے......

سوال یہ ہے کہ گھٹیالیاں کے ان شہیدوں اور زخمیوں کا آخر قصور کیا تھا......؟ صرف یہی نا! کہ وہ اصدق الصادقین حضرت محمد مصطفٰےؐ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیان فرمودہ پیشگوئیوں کے عین مطابق امام آخرالزماں علیہ السلام کو پہچان کر اپنے آقا ہادی کونین حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد پر عمل پیرا ہوتے ہوئے اس موعودہ امام مہدی علیہ السلام کو آنحضورؐ کا سلام پہنچانے کی سعادت سے بہرہ مند ہوئے......

اے گھٹیالیاں کے راہ حق کے شہیدو! ہزاروں ہزار رحمتیں تم پر کہ حقیقی زندگی تو وہی ہے جو تم نے پالی۔خانۂ خدا کے اندر اپنی جانوں کے صدقے رہ خدا میں اتار کر شہادت کا جو اعزاز تم نے پایا ہے، زہے نصیب! یہ سعادت تو نصیب والوں کے ہی حصے میں آیا کرتی ہے۔

یہ رتبہ بلند ملا جس کو مل گیا ☆ ہر مدعی کے واسطے دار و رسن کہاں

گھٹیالیاں کے شہداء کی تدفین کو ابھی بمشکل دس روز گزرتے ہیں کہ دس نومبر ۲۰۰۰ء کو جمعۃ المبارک کے دن تخت ہزارہ (ضلع سرگودھا) کی احمدیہ مسجد میں نماز عشاء کے وقت پانچ مزید احمدی مسلمان، بعض مفسد ملاؤں اور اطہر شاہ نامی جیسے منشیات کے عادی شر پسند غنڈہ عناصر کے بہکاوے میں آئے ہوئے مشتعل و مسلح ہجوم کے ہاتھوں (پولیس کی موجودگی میں) اپنی جانیں راہ خدا میں پیش کرنے کا عظیم اور شاندار رتبہ پا جاتے ہیں۔ان شہداء میں دو تو نوعمر اطفال عزیز مبارک احمد اور عزیز مدثر احمد بھی شامل ہیں۔یہ دونوں بچے خانہ خدا کی حفاظت کرتے ہوئے بے رحم وحشی ہجوم کے ہاتھوں ،جنگ بدر کے دو نوعمر مجاہدوں معاذؓ اور معوذؓ کی یادیں تازہ کرتے ہوئے راہ مولٰی میں اپنی جانیں قربان کر دیتے ہیں......

ایمان افروز یادوں کے اس اعادہ کے ساتھ ساتھ چشم فلک ایک اور کریہہ منظر کا نظارہ بھی تو کرتی نظر آتی ہے۔مگر یہ منظر اتنا گھناؤنا اور کربناک ہے کہ عام انسانی آنکھ شائد اس کی تاب نہ لا سکیبہ بعینہٖ وہی منظر نامہ ہے جو زمانہء جاہلیت میں اسلام کی آمد کے بعد اسے مٹا دینے

کے درپے مشرکین مکہ حضرت حمزہؓ جیسے شہداء اسلام کی نعشوں کے ساتھ روا رکھا کرتے تھے......

چنانچہ جنگل کے قانون میں کسی کمزور شکار کو ختم کر کے اس کی لاش کو نوچنے اور کھسوٹنے والے خونخوار جانوروں کے مصداق تخت ہزارہ کی سرزمین پر واقع خانہ خدا کے اندر قانون کے محافظوں کی آنکھوں کے سامنے رحمت العالمینؐ جیسے انسان کامل کے نام نامی سے منسوب ہونیوالوں نے ''خدمت اسلام'' کے کیسے کیسے کارہائے نمایاں سرانجام دیئے، ان کا ذکر سن کر کلیجہ پھٹتا اور انسانیت شرم سے منہ چھپائے پھرتی ہے......مثلاً:

☆ شہداء کی لاشوں کو چھت سے نیچے گرا کر گلیوں میں گھسیٹا جا رہا ہے......

☆ بعض کے چہرے کلہاڑیوں سے مسخ کئے جا رہے ہیں......

☆ بعض شدید زخمی ہو جانیوالوں کو مسجد کی صفوں میں لپیٹ کر زندہ آگ میں جلانے کی کوشش کی جا رہی ہے......

اور جب حیوانی جبلتوں کے حامل خونیوں کی پیاس ان وحشیانہ حرکتوں سے بھی نہیں بجھتی تو خدا کے گھر کو وہاں پڑے ہوئے قرآن پاک کے نسخوں سمیت جلا کر خاکستر کر دیا جاتا ہے.......... انا للہ وانا الیہ راجعون۔

تخت ہزارہ گاؤں میں آباد ہونے والے 60-50 احمدی گھرانے وہ ہیں جو تقسیم برصغیر کے وقت بھارت کے شہر کرنال سے محض اپنی جان اور ایمان کی حفاظت کی خاطر ہجرت کر کے یہاں آباد ہوئے۔انہیں کیا پتہ تھا کہ ان کے ساتھ وہ سلوک کیا جائے گا جو 1947ء میں سکھوں نے مسلمانوں کے ساتھ بھی نہیں کیا تھا...... البتہ وہ اتنا ضرور جانتے ہیں کہ فانی دنیا کی یہ چند روزہ حیات مستعار تو محض گنتی کے کچھ سانسوں کے آنے جانے کا نام ہے۔ مگر جس ڈھب سے ان کے جگر گوشوں، بھائیوں اور باپوں نے اپنے خون کا نذرانہ دیکر وفاؤں کی لافانی داستاں، کتاب عشق پر رقم کر دی ہے۔آنیوالا زمانہ، تخت ہزارہ کو ہیر رانجھے کے عشق مجازی پر مبنی دنیاوی قصے سے نہیں بلکہ عشق حقیقی کی اس لہو رنگ مگر لازوال داستاں سے یاد کیا کریگا...... کیونکہ ؎

جس ڈھب سے کوئی مقتل کو گیا وہ شان سلامت رہتی ہے ☆ یہ جان تو آنی جانی ہے اس جاں کی تو کوئی بات نہیں

مملکت خداداد پاکستان میں مذکورہ احمدیہ مساجد میں اجتماعی قتل کے حوالے سے ایک انتہائی گھناؤنا پہلو یہ ہے کہ شہریوں کے جان و مال کی حفاظت کی ذمہ دار موجودہ فوجی ڈکٹیٹر شپ اور اس کے بعض کارندے حتیٰ کہ لاہور ہائی کورٹ کے دو حاضر سروس جج جسٹس نذیر اختر اور جسٹس منیر احمد مغل احمدیوں کے خلاف ملاؤں کی نفرت انگیز مہم میں حصہ دار بنتے ہوئے ایک جلسہ عام میں اشتعال انگیز تقاریر کے ذریعے لوگوں کو قانون ہاتھ میں لیکر احمدیوں کے قتل کی ترغیب دیتے رہے۔جس کا ریکارڈ پاکستان کے قومی اخبارات میں بھی موجود ہے۔لوگوں کے جذبات غلط سمت انگیخت کرنے کے پہلو بہ پہلو پنجاب پولیس کا کردار بھی از حد قابل مذمت ہے۔جس نے پاکستان کے پرامن اور محب وطن احمدی شہریوں کے خلاف ایک عرصے سے جاری متشدد مزاج ملاؤں کی منافرت انگیز مہم نیز اپنی نااہلی اور مجرمانہ چشم پوشی پر پردہ ڈالنے کی خاطر گھٹیا لیاں اور تخت ہزارہ کے المناک واقعات کو بعض مقامی، خاندانی اور زمینوں کے لین دین جیسے جھگڑوں کا شاخسانہ قرار دیا۔بات صرف اسی پر منحصر نہیں رہی۔ان سانحات کے فوراً بعد ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت کسی بالائی اشارے پر میڈیا میں جماعت احمدیہ کیخلاف (عوام الناس کی توجہ حکومت کی تیزی سے گرتی ہوئی ساکھ سے ہٹانے کے لئے) عجیب و غریب اور مضحکہ خیز قسم کی بہتان تراشیوں اور الزامات پر مبنی قابل صد نفرین مہم چلائی جا رہی ہے۔ مثلاً:

☆ '' آزاد قادیانی ریاست کا اعلان کر دیا گیا......''!

☆'' مرزا طاہر کی طرف سے قادیانی ٹی وی چینل پر فلسطینیوں کے خلاف اسرائیلی مظالم کی حمایت......''!

اور اس نوع کے دیگر انتہائی بیہودہ ء شرانگیز اور من گھڑت الزامات کی ایک طویل فہرست اخباری ریکارڈ پر ہے۔اس ضمن میں تکبیر پڑھ کر سچائی کے گلے پر چھری چلانے میں ماہر کراچی کے ہفتگی جریدیے ''تکبیر''، روزنامہ جسارت اور ملت جیسے (قیام پاکستان کی شدید مخالف جماعت اسلامی کے پرورده) صحافتی چیتھڑوں کا رول تو سمجھ میں آتا ہے۔کہ کذّب وافتراء اور جماعت احمدیہ سے بغض وعناد اور مخالفت ان کی گھٹی میں پڑی ہوئی ہے......

البتہ اسی مہم کا ایک اور حیرت انگیز اور تہہ در تہہ پہلو یہ ہے کہ مذکورہ شرانگیز مہم کی تشہیر ٹورانٹو سے چھپنے والے کچھ مقامی جرائد نے بھی کی۔چنانچہ ہفت روزہ پاکستان اسٹار، بالخصوص ماہواری جریدے'' ملاقات'' کا اس مذمومہ مہم میں آلہء کارقسم کا کردار اگر مشکوک نہیں تو ایک معمہّ ضرور ہے!! حالانکہ کینیڈا کے انسانی حقوق سے متعلقہ قوانین' کریمینل کوڈ نمبر ۱۸۷ کے تحت رنگ' نسل' زبان اور مذہب کی بنیاد پر کینیڈین معاشرے میں منافرت پھیلانا ایک سنگین جرم ہے۔جس کے تدارک کیلئے پولیس کا اسپیشل یونٹ بھی موجود ہے۔چنانچہ کینیڈا جہاں جملہ بنیادی انسانی حقوق جیسے تحریر۔تقریر بالخصوص آزادیٔ صحافت کا علمبردار ہے وہاں اپنے شہریوں کو اس آزادی کے ناجائز استعمال یا بالالفاظ دیگر'' صحافتی دہشت گردی'' سے تحفظ دلانے کا ضامن بھی ہے۔تاہم قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ رکھنے کے باوجود متذکرہ جرائد کو محض اتمام حجت کی خاطر جوابی مراسلے بھی بھجوائے گئے۔

اس سلسلے میں ہفت روزہ پاکستان اسٹار بہر کیف شکریئے کا مستحق ہے کہ اس نے صحافتی دیانتداری کا عملی مظاہرہ کرتے ہوئے جوابی مراسلہ بھی شائع کیا۔البتہ ماہواری جریدے'' ملاقات'' نے اپنی غیر جانبداری، صحافتی دیانتداری اور کسی فرقہ یا جماعت کے افراد کی دلآزاری نہ کرنے کی پالیسی کا ڈھول پیٹنے کے باوجود'' ہاتھی کے دانت دیکھانے کے اور دکھانے کے اور'' کے مصداق اپنے جریدے میں دانستہ شائع کی جانیوالی شرانگیز خبر پر بھجوایا جانیوالا قلمی تجزیہ شائع نہیں کیا۔ایک انشورنس کمپنی سے بطور انشورنس ایجنٹ، ریٹائرمنٹ کے بعد یکایک صحافی بن جانے کا سوانگ بھر کر'نیز'' بھٹوازم'' کے خیالی بت کا پجاری بن کر اپنے چارحرفی پرچے کو بزعم خویش اتھارٹی بناتے ہوئے دیگر ہم وطن کلمہ گوؤں کو مسلمانی اور حبّ الوطنی کے سرٹیفکیٹ جاری کرنے والے خودساختہ'' محافظ اسلام'' کے لئے بزبان شاعر یہ بے لاگ مشورہ ہے کہ

محض غوغا نہیں اسلام کا دستور حیات ☆ تو مسلماں ہے تو اسلام کو بدنام نہ کر!

قصہ مختصر، پاکستان میں احمدیوں کے خلاف ایک مدت سے جاری ناانصافیوں کے متعلق بحثیت احمدی مسلمان، ہمارا قرآن پاک کے اس اٹل فرمان خداوندی پر غیر متزلزل ایمان ویقین ہے کہ: '' ہم دنوں کو انسانوں پر پھیرتے رہتے ہیں''!

یہاں دنوں سے مراد محض موسم گرما وسرما کے ایام ہی نہیں بلکہ جوروستم کی سیاہ رات کا چھانا یا احترام انسانیت کی نکہتوں سے مہکتی سحر کا بکھر جانا بھی مراد ہے۔اسلامی مساوات کے عظیم اصولوں کے نام پر معرض وجود میں آنے والی مملکت خداداد پاکستان (جس کے قیام واستحکام میں پاکستان کے احمدیوں کی مساعی ایک کھلی کتاب کی مانند ہے) میں عہدستم اور بے انصافیوں کے اندھیرے بالآخر چھٹ کر رہیں گے۔جن کی اوٹ سے انصاف، رواداری اور انسان دوستی کی کرنوں سے منور حقیقی اسلام کا آفتاب بھی جلوہ گر ہو کر رہے گا۔ انشاء اللہ العزیز

یہ عہد ستم، سلسلہء دار کہاں تک ☆ رستے میں اندھیرے کی دیوار کب تک
اے صبح! میرے دیس میں تو آ کے رہے گی ☆ روکیں گے تجھے شب کے طرفدار کب تک

کچھ جریدہ ٔہذا کے بارے میں !

زیرنظر شمارہ میں شہدائے گھٹیالیاں اور شہدائے تخت ہزارہ کے تذکرے کا مقصد جہاں شہدائے احمدیت اور ان کے لواحقین کو خصوصی دعاؤں میں یاد رکھنا پیش

نظر ہے ......وہاں دنیا کی آنکھوں میں دھول جھونکنے والے سرکردہ افراد (بشمول احراری صدر پاکستان) کے ان بیانات کی قلعی کھولنا بھی پیش نظر ہے جو دنیا کے مہذب انسانوں کو یہ کہہ کر گمراہ کرتے رہتے ہیں کہ پاکستان میں اقلیتوں کو مکمل مذہبی آزادی اور جان و مال کا تحفظ حاصل ہے۔ چونکہ پاکستان میں احمدیوں کو بھی غیر مسلم اقلیتوں کے ساتھ شمار کیا جاتا ہے لہذا اس نوعیت کے سفید جھوٹ کو طشت ازبام کرنا بھی اس مجلّہ کی پالیسی کا حصہ ہے اس کے علاوہ جن دیگر موضوعات پر جملہ مواد شامل اشاعت کیا گیا ہے' امید کہ قارئین اس کی بابت اپنی آراء سے آگاہ کرینگے تاکہ پرچے کو مزید دلچسپ اور معلوماتی بنایا جاسکے۔ موجودہ شمارے کو معلوماتی اور قارئین کی بھرپور دلچسپی کا حامل بنانے کی خاطر ہم اپنی کاوش میں کس حد تک کامیاب رہے ہیں اُس کا بہتر فیصلہ یا جواب تو قارئین کرام ہی دے سکتے ہیں۔البتہ انصار بھائیوں سے ہم پھر گزارش کریں گے کہ وہ اپنی بیتی زندگیوں میں پیش آنیوالے یا مشاہدہ کئے جانیوالے دلچسپ اور ناقابل فراموش واقعات لکھ کر بھجوائیں۔ بعض بڑی عمر کے انصار بزرگ جو خرابی صحت یا کسی اور وجہ سے خود نہ لکھ سکتے ہوں تو وہ ماضی میں گزرے ہوئے دلچسپی کے حامل واقعات گھر میں کسی اور فرد سے لکھوا کر بھی بھجوا سکتے ہیں۔اور اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو آڈیو کیسٹ پر ریکارڈ کروا کر ارسال کردیں۔قابل اشاعت ہونے کی صورت میں انشاء اللہ پرچے کی زینت بنائے جائیں گے۔ایک گزارش ہم جریدے کی اردو کمپوزنگ کے حوالے سے یہ کرنی چاہتے ہیں کہ ٹورانٹو اور اس کے گردونواح میں مقیم ایسے احباب جو پرچے کے اردو مسودات کی کمپیوٹر پر کمپوزنگ کرسکتے ہوں اور خدمت دین کی خاطر رضاکارانہ طور پر ادارہ کا ہاتھ بٹانے میں تعاون کرسکیں تو ادارہ انھیں خوش آمدید کہے گا۔اس سلسلہ میں اگر کسی دوست کو اردو سافٹ ویئر کی ضرورت درپیش ہوئی تو وہ بھی مہیا کردیا جائیگا۔

قائدین اور ناظمین کرام سے گذارش ہے کہ اپنی اپنی مجالس کی مجلسی سرگرمیوں کی رپوٹس بمع تصاویر بغرض اشاعت بھجواتے رہا کریں۔

تبرکات

بعثت کا مقصد

سیدنا حضرت مسیح موعود بانی سلسلہ احمدیہ فرماتے ہیں:۔

"خدا نے مجھے دنیا میں اس لئے بھیجا کہ تا میں حلم اور خُلق اور نرمی سے گم گشتہ لوگوں کو خدا اور اُس کی پاک ہدایتوں کی طرف کھینچوں۔ اور وہ نور جو مجھے دیا گیا ہے اس کی روشنی سے لوگوں کو راہ راست پر چلاؤں۔ انسان کو اس بات کی ضرورت ہے کہ ایسے دلائل اس کو ملیں جن کی رُو سے اس کو یقین آجائے کہ خدا ہے۔ کیونکہ ایک بڑا حصہ دنیا کا اسی راہ میں ہلاک ہو رہا ہے کہ ان کو خدا تعالیٰ کے وجود اور اُس کی الہامی ہدایتوں پر ایمان نہیں ہے۔ اور خدا کی ہستی کے ماننے کے لئے اس سے زیادہ صاف اور قریب الفہم اور کوئی راہ نہیں۔ کہ وہ غیب کی باتیں اور پوشیدہ واقعات اور آئندہ زمانہ کی خبریں اپنے خاص لوگوں کو بتلاتا ہے۔ اور وہ نہاں در نہاں اسرار جن کا دریافت کرنا انسانی طاقتوں سے بالاتر ہے اپنے مقربوں پر ظاہر کر دیتا ہے۔"

(تریاق القلوب صفحہ ۱۳-۱۴)

سیدنا حضرت مصلح موعودؓ کی
محیر العقول سیاسی بصیرت و فراست

(دوست محمد شاهد۔ مؤرخ احمدیت)

ہمارے دیں کا قصوں پہ ہی مدار نہیں
نشان ساتھ ہیں اتنے کہ کچھ شمار نہیں

حقیقی اسلام کی حقانیت و صداقت کے دلائل و نشانات لاتعداد ہیں۔ سمندر کے قطرے، زمین کے ذرّے اور آسمان کے ستارے گنے جاسکتے ہیں مگر اسلام کی آیات بینات اور حجج قاطعہ کا احاطہ ممکن نہیں اور ہرگز ممکن نہیں اور طالب صادق اور حق کے متلاشی کے لئے تو امام عصر حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی پیشگوئی متعلق مصلح موعود (منقول از اشتہار ۲۰ر فروری ۱۸۸۶ء) کا عالمی نشان ہی کافی ہے کیونکہ اس میں سیدنا محمود المصلح موعود (ولادت ۱۲ر جنوری ۱۸۸۹ء۔ وفات ۷/۸ نومبر ۱۹۶۵ء) کی ولادت باسعادت سے بھی چار برس قبل ۵۲۔ ایسی مہتم بالشان صفات بیان کی گئیں جو آپ کی پوری زندگی، آپ کے شاندار کارناموں اور بے مثال اخلاق و شمائل پر حاوی اور آپ کی مقدس اور خدانما شخصیت کی عکسی تصاویر تھیں جن میں سے ہر ایک صفت اس صفائی، وضاحت اور شان و شوکت کے ساتھ معرض وجود میں آئی کہ اپنے ہی نہیں بیگانے بھی دنگ رہ گئے۔

مثلاً الہام میں بتایا گیا تھا کہ "وہ سخت ذہین و فہیم ہوگا"۔ باوجودیکہ آپ ایک خالص مذہبی و روحانی جماعت کے پیشوا تھے مگر زمانہ حاضر کے چوٹی کے مسلم زعماء مثلاً مؤرخ اسلام سید عبدالقادر صاحب ایم۔اے، مولانا محمد علی جوہر، خواجہ حسن نظامی دہلوی، مولانا عبدالمجید سالک، جناب محمد ابراہیم برہم مدیر اخبار "مشرق" گورکھپور، مولانا محمد دین فوق مؤرخ کشمیر، میاں احمد یار خان دولتانہ، سید رئیس احمد صاحب جعفری، میاں محمد شفیع (م۔ش)، سردار شوکت حیات خان کو حضرت مصلح موعودؓ کی ذہانت و فراست کا لوہا ماننا پڑا۔ حتی کہ "مفکر احرار" چوہدری افضل حق جیسے معاند احمدیت بھی آپ کے عالی پایہ اور زبردست انقلابی دماغ کی قوت کو تسلیم کرنے پر مجبور ہوگئے۔

قسط امروزہ میں سیدنا حضرت مصلح موعودؓ کی محیر العقول سیاسی بصیرت کی تین واقعاتی، تاریخی اور فیصلہ کن مثالیں پیش کرنا مقصود ہے جس سے یہ حقیقت چمکتے ہوئے سورج کی طرح پوری آب و تاب کے ساتھ کھل کر سامنے آجائے گی کہ جس طرح سیدنا حضرت مسیح موعودؑ نے اشتہار ۲۲ر مارچ ۱۸۸۶ء میں مصلح موعود سے متعلق پیشگوئی کے بارہ میں فرمایا تھا بلاشبہ یہ "**ایک عظیم الشان نشانِ آسمانی ہے جس کو خدائے کریم جل شانہ نے ہمارے نبی کریم ﷺ کی صداقت و عظمت ظاہر کرنے کے لئے ظاہر فرمایا ہے**"۔

پہلی مثال (تحریک آزادئ کشمیر)

سیدنا حضرت مصلح موعودؓ نے ۱۶ر اکتوبر ۱۹۴۷ء کو ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ:

"پاکستان یا ہندوستان میں ریاست ہائے کشمیر و حیدر آباد کی شمولیت کا فیصلہ بیک وقت ہونا چاہئے۔ خواہ حکمران یا خواہ عوام کو شمولیت کے فیصلہ کا مجاز قرار دیا جائے لیکن دونوں ریاستوں کے فیصلہ کا معیار ایک ہی ہونا چاہئے۔...... کشمیر کا پاکستان میں شامل ہونا اشد ضروری ہے کیونکہ اگر کشمیر ہندوستان میں شامل ہو گیا تو پاکستان کی سرحد پانچ سو میل لمبی ہو جائے گی اور حملے کا خطرہ بڑھ جائے گا"۔

(اخبار "زمیندار" لاہور۔ ۱۹ر اکتوبر ۱۹۴۷ء صفحہ ۵)

ازاں بعد حضور نے جماعت احمدیہ کے آرگن الفضل (۱۹ر اکتوبر ۱۹۴۷ء) میں "کشمیر اور حیدر آباد" کے زیر عنوان ایک مفصّل مضمون بھی رقم فرمایا جس میں حکومت پاکستان کو زبردست انتباہ فرمایا کہ حیدر آباد اور کشمیر کی ریاستوں کے سوال متوازی ہیں مگر افسوس اس نے اب تک اس نہایت اہم پہلو کی طرف توجہ نہیں کی جبکہ ہندوستانی گورنمنٹ جلد جلد ایسے حالات پیدا کر رہی ہے کہ شاید دونوں ریاستیں ہی ہندوستان میں شامل ہو جائیں۔ پس حکومت پاکستان کو اعلیٰ سطح پر ان دونوں ریاستوں کے متعلق فوری طور پر بیک وقت ایک اصول منوالینا چاہئے کہ وہ دو اصولوں میں سے کس کے مطابق فیصلہ چاہتی ہے۔ آیا والیٔ ریاست کی مرضی کے مطابق یا آبادی کی کثرت رائے کے مطابق۔ اس ضمن میں صاف صاف لفظوں میں آپ نے تحریر فرمایا:

"اس اصل پر فیصلہ ہو سکتا ہے کہ ملک کی اکثریت جس امر کا فیصلہ کرے اس طرف ریاست جا سکتی ہے۔ اگر اس اصل کو تسلیم کر لیا جائے تو کشمیر پاکستان کے ساتھ ملنے پر مجبور ہوگا اور حیدر آباد ہندوستان کے ساتھ ملنے پر مجبور ہوگا۔ اگر ایسا ہوا تو پاکستان کو یہ فائدہ حاصل ہوگا کہ بتیس لاکھ مسلمان آبادی اس کی آبادی میں اور شامل ہو جائے گی، لکڑی کا بڑا ذخیرہ اس کو مل جائے گا، بجلی کی پیداوار کے لئے آبشاروں سے مدد حاصل ہو جائے گی اور روس کے ساتھ اس کی سرحد مل جانے کی وجہ سے اسے سیاسی طور پر بڑی فوقیت حاصل ہو جائے گی"۔

"پس ملک کے ہر اخبار، ہر انجمن، ہر سیاسی ادارے اور ہر ذمہ دار آدمی کو پاکستان کی حکومت پر زور دینا چاہئے کہ حیدر آباد کے فیصلہ سے پہلے کشمیر کا فیصلہ کروا لیا جائے ورنہ حیدر آباد کے ہندوستان یونین سے مل جانے کے بعد کوئی دلیل ہمارے پاس کشمیر کو اپنے ساتھ شامل کرنے کے لئے باقی نہیں رہے گی سوائے اس کے کہ کشمیر کے لوگ خود بغاوت کر کے آزادی حاصل کریں۔ لیکن یہ کام بہت لمبا اور مشکل ہے۔ اور اگر کشمیر گورنمنٹ ہندوستان یونین میں شامل ہو گی تو یہ کام خطرناک بھی ہو جائے گا کیونکہ ہندوستان یونین اس صورت میں اپنی فوجیں کشمیر میں بھیج دے گی اور کشمیر کو فتح کرنے کا صرف یہی ذریعہ ہوگا کہ پاکستان اور ہندوستان یونین آپس میں جنگ کریں"۔

(روزنامہ الفضل ۱۹/اکتوبر ۱۹۴۷ء صفحہ ۱۔۲)

افسوس صد افسوس مسلم لیگی ہائی کمان نے مصلح موعودؓ کے اس بروقت انتباہ کو یکسر نظر انداز کر دیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ صرف چند روز بعد ۲۷/اکتوبر ۱۹۴۷ء کو لارڈ ماؤنٹ بیٹن گورنر جنرل بھارت نے کشمیر کو انڈین یونین میں شامل کرنے کا اعلان کر دیا اور ہندوستانی فوجیں کشمیر میں داخل ہو گئیں جس پر قائداعظم محمد علی جناح نے پاکستانی افواج کو فوری طور پر کشمیر پر قبضہ کا فرمان صادر فرمایا مگر پاکستان کے ایکٹنگ کمانڈر انچیف جنرل گریسی نے اس پر عمل کرنے سے انکار کر دیا کہ وہ سپریم کمانڈر فیلڈ مارشل سر کلوڈ اوکنلک کی منظوری کے بغیر از خود کوئی حکم پاکستانی فوج کو جاری نہیں کر سکتا اور سپریم کمانڈر نے یہ مؤقف اختیار کیا کہ کشمیر ہندوستان سے الحاق کر چکا ہے انڈین یونین کو مہاراجہ کشمیر کی درخواست پر کشمیر میں فوج داخل کرنے کا حق پہنچتا ہے۔ اس پر قائداعظم نے اپنا آرڈر منسوخ کر دیا۔

(عہد لارڈ مانونٹ بیٹن مصنفہ کیمبل جانسن۔ مترجم یونس احمد۔ ناشر نفیس اکیڈیمی کراچی۔ ستمبر ۱۹۶۳ء)

جناب کے ایچ خورشید نے (جنہیں ۱۹۴۴ء سے ۱۹۴۷ء تک قائداعظم کے پرائیویٹ سیکرٹری ہونے کا قابل فخر اعزاز حاصل تھا) اپنی کتاب "قائداعظم کی یادیں" (مطبوعہ آکسفورڈ یونیورسٹی پریس کراچی ۱۹۹۱ء) کے صفحہ ۱۰۶۔۱۰۷ پر یہ لرزہ خیز انکشاف کیا ہے کہ:

"چوہدری محمد علی کا کہنا ہے کہ دسمبر ۱۹۴۷ء تک بلکہ عین ۲۲/دسمبر کی تاریخ تک بھارت کے حکمران مصالحت پر آمادہ تھے۔ شرط یہ تھی کہ پاکستان کشمیر کا حق منوانے کے ساتھ ساتھ حیدر آباد دکن کی جغرافیائی حقیقت کو قبول کرنے پر بھی آمادہ ہو جائے۔

محمد علی کا تاثر یہ ہے کہ قائداعظم جو برصغیر کی سیاست میں اپنا سکہ منوا چکے تھے اس موقع پر ایک زیرک شاطر کی طرح بھارت کو شرمات دینے کی فکر میں تھے۔ لیکن اس بار چال الٹ پڑ گئی۔ آزادی کے بعد بھارتی اور پاکستانی دونوں افواج کی سپریم کمان سر کلاڈ آکن لیک کے ہاتھ میں تھی جس نے پاکستانی دستوں کو کشمیر میں داخل ہونے کی اجازت دینے سے انکار کر دیا تھا۔ چوہدری محمد علی کا خیال ہے کہ بطور گورنر جنرل پاکستان قائداعظم کے لئے یہ بہت بڑا دھچکہ تھا اور یہی سانحہ ان کی صحت کو لے بیٹھا"۔

دوسری مثال (المیہ مشرقی پاکستان)

سیدنا حضرت مصلح موعودؓ نے ۲/دسمبر ۱۹۴۷ء سے ۱۷/جنوری ۱۹۴۸ء تک لاہور کے مینارڈ ہال کالج اور پھر پنجاب یونیورسٹی ہال میں "پاکستان اور اس کا مستقبل" کے اہم موضوع پر چھ نہایت معلومات افروز لیکچر زدئے جن میں بالترتیب جسٹس محمد منیر، ملک فیروز خان نون، ملک عمر حیات پرنسپل اسلامیہ کالج و وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی، میاں فضل حسین صاحب وزیر تعلیم اور شیخ سر عبدالقادر جیسی نامور شخصیتوں نے صدارت کے فرائض انجام دئے۔ ان لیکچروں کو علمی طبقہ میں نہایت قدر و عظمت سے سنا گیا اور پاکستانی پریس نے اس کے اہم نکات شائع کئے۔

(تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو: تاریخ احمدیت جلد ۱۱ صفحہ ۴۰۶ تا ۴۳۷۔ مطبوعہ دسمبر ۱۹۷۰ء)

حضور کا تیسرا لیکچر "پاکستان کی معنوی دولت" کے عنوان پر تھا جس میں آپ نے دیگر اہم تجاویز پر روشنی ڈالنے کے علاوہ مسلم لیگی ہائی کمان کو خاص طور پر تاکید فرمائی کہ:

"مادری زبان میں تعلیم دی جائے۔ اس سلسلہ میں مشرقی پاکستان پر زور نہ دیا جائے کہ وہ ضرور اردو کو ذریعہ تعلیم بنائے ورنہ وہ پاکستان

سے علیحدہ ہو جائے گا کیونکہ وہاں کے باشندوں کو بنگالی زبان سے ایک قسم کا عشق ہے"۔

(الفضل ۱۴/دسمبر ۱۹۴۷ء، صفحہ ۱۔۲)

اب اگر تاریخ پاکستان کا بغور مطالعہ کیا جائے تو یہ حقیقت بالکل عیاں ہو جاتی ہے کہ بنگالی اردو لسانی تنازعہ ہی وہ بنیادی امر تھا جس نے بالآخر ایک عوامی تحریک کی شکل اختیار کر لی اور بالآخر سقوط ڈھاکہ پر منتج ہوئی۔ چنانچہ ملک کے نامور اہل قلم جناب ڈاکٹر صفدر محمود نے جنہیں سیاسیات پاکستان کی وقائع نگاری میں سند (Authority) تسلیم کیا جاتا ہے اپنی کتاب "پاکستان کیوں ٹوٹا؟" کے پہلے باب میں بنگالی مسلمانوں کے احساس محرومی اور کشمکش کے عمل کا آغاز اسی نقطہ کو قرار دیتے ہوئے واضح لفظوں میں لکھا ہے کہ:

"فروری ۱۹۴۸ء میں مشرقی پاکستان سے ایک ہندو رکن ڈاکٹر دربند ناتھ دت نے دستور ساز اسمبلی کے ضوابط میں ترمیم پیش کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ بنگالی کو بھی سرکاری زبان قرار دیا جائے ......اس وقت تک اراکین اسمبلی انگریزی یا اردو میں اظہار خیال کر سکتے تھے۔ لیاقت علی خان نے تحریک کی مخالفت کرتے ہوئے کہ کہ مذکورہ ترمیم کا مقصد پاکستانیوں کے درمیان تفرقہ ڈالنے کے سوا کچھ نہیں اور یہ کہ صرف اردو ہی پاکستان کی قومی زبان ہو گی۔...... بنگالیوں نے جنہیں اپنی زبان سے بہت محبت تھی اردو کی برتری تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔ یہ لسانی تنازعہ بالآخر تحریک کی شکل اختیار کر گیا اور بعض شکست خوردہ سیاستدانوں نے جنہیں مسلم لیگ میں شامل کرنے سے انکار کر دیا گیا تھا عوام میں اپنا کھویا ہوا وقار بحال کرنے کے لئے مسلم لیگی حکومت کے خلاف اس تحریک کی حمایت کی۔ مرکز مخالف ان اجتماعی مظاہروں کو کمیونسٹوں کا فعال تعاون بھی حاصل تھا"۔ (صفحہ ۱۹۔۲۰)

حال ہی میں لاہور سے "دارالشعور" یوسف مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار نے جناب مرتضیٰ انجم صاحب کے قلم سے "حمودالرحمٰن کمیشن رپورٹ۔ المیہ مشرقی پاکستان کے سیاسی اور فوجی اسباب" کے عنوان سے سوا چار سو صفحات پر مشتمل کتاب شائع کی ہے جس کے شروع میں (حمودالرحمٰن کمیشن کے روبرو فوجی جرنیلوں اور افسروں کے بیانات سے قبل) ڈیڑھ سو صفحات پر پھیلا ہوا ایک دیباچہ بھی شامل کیا ہے جس میں فاضل مؤلف نے سقوط ڈھاکہ کے پس منظر کا خلاصہ ان الفاظ میں دیا ہے کہ:

"قیام پاکستان کے بعد مشرقی پاکستان میں پاکستان مسلم لیگ کی پارلیمانی پارٹی نے خواجہ ناظم الدین کو اپنا لیڈر چن لیا لیکن ان کی حکومت جلد ہی مشکلات کا شکار ہو گئی۔ فروری ۱۹۴۸ء میں مرکزی اسمبلی میں قومی زبان کا مسئلہ زیر بحث آیا۔ تجویز تھی کہ اردو اور بنگالی کو قومی زبان کا درجہ دیا جائے۔ وزیر اعظم لیاقت علی خان نے اس کی سخت مخالفت کی۔ جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ قوم دو حصوں میں تقسیم ہو گئی۔ مسئلہ یہ تھا کہ اُردو پاکستان کے کسی حصے کی زبان نہ تھی جبکہ بنگالی زبان پاکستان کی کل آبادی کے ۵۶ فیصد شہریوں کی زبان تھی۔ جو سب کے سب مشرقی حصے میں رہتے تھے جبکہ بنگالی زبان مغربی حصے میں نہ ہی بولی اور نہ ہی سمجھی جاتی تھی۔ یہ لسانی بحث پاکستانی سیاستدانوں کے لئے چیلنج بن گئی جن کی وجہ سے مشرقی پاکستانی عوام میں بے چینی پیدا ہو گئی۔ اس طرح زبان کے مسئلے پر مشرقی بنگال اور مرکزی حکومت کے درمیان ایک ایسے تنازعے کی صورت پیدا ہو گئی جو بالآخر پاکستان کے ٹوٹنے کی بنیاد بن گیا۔

مغربی پاکستان کے چاروں صوبوں میں اپنی زبانیں بولی جاتی تھیں لہٰذا ان صوبوں نے بنگالی کو قومی زبان قرار دئے جانے سے متعلق بے اعتنائی کا رویہ اختیار کیا جس طرح مسلمان ہندوستان میں رہ کر اپنے مذہب، تہذیب و تمدن کو خطرے میں محسوس کرتے ہوئے ہندوؤں کی بالادستی کو قبول نہیں کر سکتے تھے۔ اسی طرح بنگالیوں نے مغربی پاکستانیوں کے غالب طبقے کو اپنی تہذیب و تمدن اور روایات کے لئے خطرہ تصور کر لیا۔ جس کے نتیجہ میں پورا صوبہ مشرقی پاکستان فسادات کی لپیٹ میں آ گیا۔ مقامی انتظامیہ فسادات پر قابو پانے میں ناکام رہی۔

مارچ ۱۹۴۸ء میں قائد اعظم نے مشرقی پاکستان کا ایک ہفتے کا دورہ کیا اور اپنی تقریروں میں عوام کو مشورہ دیا کہ وہ متحد رہیں اور صوبائی وزارت کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ لسانی مسئلہ جو اس وقت موضوع بحث بنا ہوا تھا۔ اس کے متعلق قائد اعظم نے دوٹوک فیصلہ کرتے ہوئے کہا کہ مشرقی پاکستان کی صوبائی زبان بنگالی ہے اس سے کسی کو تعرض نہیں ہو سکتا۔ لیکن پورے پاکستان کی قومی زبان کا درجہ صرف اردو کو ملے گا۔ یہ اعلان بنگالیوں نے شکستہ دلی کے ساتھ سنا۔ مقامی اور قومی راہنما انہیں مطمئن نہ کر سکے۔ اگرچہ عارضی طور پر خاموشی چھا گئی لیکن یہ ایک ایسا فتنہ تھا جس نے بعد میں پھر سر اٹھایا اور نتائج کی ہولناکیوں کو ملک کی تقدیر سے جوڑ کر ہمیشہ کے لئے رخصت ہو گیا"۔

("حمودالرحمن کمیشن رپورٹ۔ المیہ مشرقی پاکستان کے سیاسی اور قومی اسباب"۔ صفحہ ۱۲۔۱۳۔ اشاعت ستمبر ۲۰۰۰ء)

تیسری مثال

(پہلا امریکی قرضہ اور ہولناک نتائج)

حضرت مصلح موعودؓ نے 'پاکستان کا مستقبل' سے متعلق بصیرت افروز لیکچروں کے سلسلہ میں جو پہلا فاضلانہ لیکچر ارشاد فرمایا اس کی بازگشت ہندوستان میں بھی سنی گئی۔ چنانچہ امرتسر کے اخبار "ویر بھارت" نے ۱۳؍دسمبر ۱۹۴۷ء کی اشاعت میں "امریکہ اور پاکستان" کے عنوان سے حسب ذیل شذرہ لکھا:

"احمدیوں کے خلیفہ مرزا بشیر الدین محمود احمد نے ۶۔ارب ڈالر کے اس قرضہ کے خلاف آواز اٹھائی ہے جو پاکستان امریکہ سے لینا چاہتا ہے۔ مرزا صاحب کا خیال ہے کہ اس طرح پاکستان اقتصادی اور سیاسی طور پر امریکہ کا غلام بن جائے گا"۔

یہ "خیال" جو خلیفہ موعود نے ۵۳ سال قبل پاکستان کے مشہور سیاست دانوں، عظیم دانشوروں اور چوٹی کے ماہرین معاشیات کے سامنے پیش فرمایا تھا آج کس طرح ایک ہولناک حقیقت کا روپ دھار چکا ہے کسی مزید تبصرہ کا محتاج نہیں۔ اکیسویں صدی کے آغاز میں مسلم لیگ ہم خیال گروپ کے سرکردہ راہنما اور معطل رکن اسمبلی طارق عزیز نے "ایک ٹیبل ٹاک" پروگرام میں یہ حقیقت افروز بیان دیا کہ:

"پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین دن تھا جب اس ملک کے لئے پہلا قرضہ لیا گیا کیونکہ آج تک جتنے قرضے بھی لئے گئے وہ منفعت بخش کم ہی نظر آئے اور قوم کو لیت و لعل میں لگادیا گیا۔ کیونکہ جب ہم کسی غیر ملک سے قرض لیتے ہیں تو غیر ملکی دیمک بھی ساتھ آتی ہے اور اس دیمک نے ہمارے قومی تشخص کو چاٹنا شروع کر دیا ہے جس کا نتیجہ یہ ہے کہ قرآن نے جن اقوام کو مردہ اقوام کہا ہے ہم آج اس میں شامل ہو گئے ہیں......... آج حالات یہ ہیں کہ پاکستان میں لوگوں کو باعزت رزق نہیں مل رہا......... اور اب یہ منافقین کی قوم ہے جو کہتی کچھ، پڑھتی کچھ اور عمل کچھ کرتی ہے"۔

(روزنامہ "دن" لاہور ۲۷/جنوری ۲۰۰۱ء)

جناب طارق عزیز صاحب (نیلام گھر) نے امریکی امداد کے جن ہولناک اور حشر بپا کرنے والے نتائج کی طرف مصلحتاً استعارہ اور کنایہ کی زبان سے محض اشارہ کرنے پر اکتفا کیا ہے ان کی تفصیل روزنامہ "دن" کے مندرجہ بالا پرچہ ہی میں "امریکہ سے وفاداری کا صلہ" کے عنوان کے ساتھ جناب پروفیسر حسن عسکری کاظمی کے قلم سے منظر عام پر آگئی ہے۔ جس کو میں خالص تصرف الٰہی سمجھتا ہوں۔ آج ہمارا پیارا وطن پاکستان کس طرح امریکہ کے سیاسی شکنجہ میں زندگی اور موت کی کشمکش سے دوچار ہے اور اس کے عوام اور حکمران دونوں اس کی غلامی کی زنجیروں میں جکڑے ہوئے کراہ رہے ہیں اس کا نقشہ پروفیسر صاحب نے بایں الفاظ کھینچا ہے:

"حکمرانوں نے امریکی ڈالروں سے اپنے ذاتی اکاؤنٹ کھولے اور اپنے بنک بیلنس میں اضافہ کیا۔ دوسرے ملکوں میں ہوٹل، پلازے اور محل تعمیر کئے۔ یہی حکمران عوام کی گردنوں پر ایک عرصے تک مسلط رہے مگر ملک و قوم کی بھلائی اور بہتر مستقبل کے لئے کوئی منصوبہ پایۂ تکمیل کو نہ پہنچا سکے جس کے نتیجہ میں حکمران بھی عوام کی نگاہ سے گر گئے۔ اس صورت حال سے پاکستان بھی دوچار ہے۔ یہاں کرپشن کے پھیلاؤ میں حکمرانوں کی بے دریغ اقربا نوازی اور امریکہ کے اشارہ ابرو پر ان کے تحفظ کا اہتمام بجائے خود قابل مذمت ہے۔ اسی طرح جو حکومت امریکی مفادات کو عزیز رکھتی ہے اسے امریکہ کی اشیرباد حاصل ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جنرل ضیاء الحق سے لے کر موجودہ جنرل پرویز تک امریکہ حکومت کی حاشیہ برداری کو اپنے استحکام کی خاطر ضروری سمجھتے چلے آرہے ہیں۔ بے نظیر بھٹو اور نواز شریف کھلے حلیف بن کر امریکہ کے پٹھو بننے پر فخر کرتے رہے۔ آئندہ برسر اقتدار آنے میں امریکہ کی حمایت کے بغیر ان کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا اسی لئے یہ تین سوار اپنی اپنی جگہ موجودہ صدر کی نظروں میں آنے کی خاطر ہاتھ پاؤں ماریں گے اور اپنی اپنی وفاداری کا یقین دلانا ضروری سمجھیں گے۔ سوال پیدا ہوتا ہے کہ عوام کی فلاح کے لئے کیا ہوگا؟ کیا قرض معاف ہو جائے گا، کیا امریکہ پاکستان کو خوشحال بنانے کی خاطر کسی پیکیج کا اعلان کردے گا، کیا کشمیر کو پاکستان میں شامل ہونے میں کوئی بھولا ہوا وعدہ پورا کردے گا، کیا اپنے وفاکیش پاکستان کو اپنی دوستی کا یقین دلاتے ہوئے بھارت کو آنکھیں دکھائے گا۔ ایسا کچھ بھی نہیں ہوگا۔ ہاں یہ تینوں سوار اپنے گھوڑوں کا رخ امریکہ کے اصطبل کی طرف موڑنے میں ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کی بھرپور کوشش کریں گے۔ پاکستان میں خوشحالی قدم رکھے نہ رکھے ان کی بلا سے۔ یہاں سے جاگیرداری نظام کا خاتمہ ہو یا نہ ہو یہاں صنعتوں کو فروغ حاصل ہو نہ ہو، مزدوروں کو ان کے حقوق ملیں نہ ملیں، تعلیم کو لازمی قرار دیا جائے یا جہالت کے اندھیرے پھیلیں۔ لوگوں کو روزگار مہیا ہو یا نہ ہو۔ لوگ باہر جائیں یا اپنے ملک میں سسک سسک کر دم توڑتے رہیں ان کو ان باتوں سے کوئی غرض نہیں۔ ان کا بینک مضبوط سے مضبوط تر ہوتا ہے۔ **اس وقت امریکی قیادت کو صرف یہ فکر لاحق ہے کہ پاکستان جو ان کی نگاہ میں ایک سٹریٹیجک اہمیت رکھتا ہے اسے کس طرح**

اپنے تصرف میں رکھا جائے۔ اگر ہم اپنی تعمیر نو میں اپنے وسائل سے کام لیتے اور مراعات یافتہ طبقے کا خاتمہ کرنے میں

تعمیر نو میں اپنے وسائل سے کام لیتے اور مراعات یافتہ طبقے کا خاتمہ کرنے میں کامیاب ہو جاتے تو آج ہم دنیا کے خوشحال ترین ملکوں میں شمار کئے جاتے مگر ہم تو وفادار ٹھہرے وہ بھی امریکہ بہادر کے۔ حالانکہ مرزا غالب نے ایسی وفا پر لعنت بھیجی ہے۔ ؎

وفا کیسی کہاں کا عشق جب سر پھوڑنا ٹھہرا
تو پھر اے سنگدل تیرا ہی سنگ آستاں کیوں ہو"

☆......☆......☆......☆

حرفِ آخر

حقائق اور مستند واقعات پر مبنی مندرجہ بالا تینوں مثالیں حیرت انگیز بھی ہیں اور قیامت خیز اور عبرت آمیز بھی جن کے مختصر تذکرہ کے بعد مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ جہاں جنوبی ایشیا کے مسلمانوں کے محسن اور معمارِ پاکستان کی حیثیت سے قائداعظم محمد علی جناح کے مجاہدانہ کارناموں کو ہمیشہ آبِ زر سے لکھا جائے گا وہاں قیامت تک ہر نسل خلیفہ موعود سیدنا محمود المصلح موعود کی بے مثال اور عدیم النظیر سیاسی بصیرت و فراست کو خراجِ تحسین ادا کرتی رہے گی ؎

جیتے جی قدر بشر کی نہیں ہوتی پیارو
یاد آئیں گے تمہیں میرے سخن میرے بعد

(الفضل انٹرنیشنل)

رضائے الٰہی

ہو فضل تیرا یارب یا کوئی ابتلا ہو
راضی ہیں ہم اسی میں جس میں تری رضا ہو
مٹ جاؤں میں تو اس کی پروا نہیں ہے کچھ بھی
میری فنا سے حاصل گر دین کو بقا ہو
سینہ میں جوشِ غیرت اور آنکھ میں حیا ہو
لب پر ہو ذکر تیرا دل میں تری وفا ہو
شیطان کی حکومت مٹ جائے اس جہاں سے
حاکم تمام دنیا پہ میرا مصطفےٰ ہو
محمود عمر میری کٹ جائے کاش یونہی
ہو روح میری سجدہ میں سامنے خدا ہو

(کلام محمود)

جناب مولانا محمد علی جوہر ایڈیٹر ہمدرد اخبار دہلی رقمطراز ہیں:۔

"ناشکر گزاری ہوگی کہ جناب مرزا بشیر الدین محمود احمد اور ان کی اس منظم جماعت کا ذکر ان سطور میں نہ کریں جنہوں نے اپنی تمام تر توجہات بلا اختلاف عقیدہ تمام مسلمانوں کی بہبودی کے لئے وقف کر دی ہیں۔ یہ حضرات اس وقت اگر ایک جانب مسلمانوں کی سیاسیات میں دلچسپی لے رہے ہیں تو دوسری طرف تبلیغ اور مسلمانوں کی تنظیم و تجارت میں بھی انتہائی درجہ سے منہمک ہیں اور وہ وقت دور نہیں جبکہ اسلام کے اس منظم فرقہ کا طرزِ عمل سوادِ اعظم اسلام کے لئے بالعموم اور ان اشخاص کے لئے بالخصوص جو بسم اللہ کے گنبدوں میں بیٹھ کر خدماتِ اسلام کے بلند بانگ و در باطن ہیچ دعاوی کے خوگر ہیں۔ مشعلِ راہ ثابت ہوگا۔ جن اصحاب کو جماعت قادیان کے اس جلسہ عام میں جس میں مرزا صاحب موصوف نے اپنے عزائم و طریق کار پر اظہارِ خیالات فرمایا۔ شرکت کا شرف حاصل ہوا ہے وہ ہمارے خیال کی تائید کئے بغیر نہیں رہ سکتے۔"

(اخبار ہمدرد دہلی ۲۶ ستمبر ۱۹۲۷ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کے وصال پر "صدق جدید" کا تعزیتی نوٹ

"**امام جماعت احمدیہ کا انتقال** کراچی سے خبر شائع ہوئی ہے کہ جماعت احمدیہ (قادیانی) کے امام حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد کا ۸ نومبر کو رَبْوہ میں انتقال ہوگیا۔ مہینوں کیا برسوں سے سخت بیمار چلے آتے تھے۔ اور یہ طویل اور شدید بیماری کلمہ گو کے لیے بجائے خود گناہوں کو دھونے والی اور ان کا کفارہ کر دینے والی ہے۔ دوسرے عقیدے ان کے جیسے بھی ہوں قرآن و علوم قرآنی کی عالمگیر اشاعت اور اسلام کی آفاق گیر تبلیغ میں جو کوششیں انہوں نے سرگرمی اور اولوالعزمی سے اپنی طویل عمر میں جاری رکھیں ان کا صلہ اللہ انہیں عطا فرمائے۔ اور ان کی خدمات کے طفیل میں ان کے ساتھ عام معاملہ درگزر کا فرمائے۔ علمی حیثیت سے قرآنی حقائق و معارف کی جو تشریح تبیین و ترجمانی وہ کر گئے ہیں اس کا بھی ایک بلند و ممتاز مرتبہ ہے۔"

(عبد الماجد دریاآبادی ۱۸ نومبر ۱۹۶۵ء صدق جدید)

مولانا محمد اسمٰعیل منیر (واقف زندگی)

احمدیت کی برکات

ہمارے پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الموعود ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے متعدد بار تحریک فرمائی ہے۔کہ احمدی خاندان اپنے بزرگوں کی روایات وخدمات جمع کریں۔تا ان کی اولادوں کو پتہ چلے۔کہ ان کے خاندان کو احمدیت سے کیا برکتیں نصیب ہوئی ہیں۔تا ان کے اندر ان پاک روایات کو آگے بڑھانے کا جذبہ پیدا ہو۔اور احمدیت کی خدمت کرکے دین و دنیا میں دن دوگنی اور رات چوگنی ترقی کریں۔ہم انصار بھائیوں کوحضور کے اس اہم ارشاد کی طرف خصوصی توجہ کرنی چاہیئے۔اگر وہ یہ حالات لکھ نہیں سکتے۔تو اپنی گھریلو مجالس میں ٹیپ ریکاڈرر VCR کے ذریعہ آڈیو روڈیو تیار کر کے انکا استعمال کرنا شروع کر دیں۔تو وہ کتابوں سے بہتر رنگ میں ہماری آئندہ نسلوں کی رہنمائی کی ضامن بن سکیں گی۔

ابتدا میں عاجز اپنے والد میاں فضل کریم صاحبؓ کی تین روایات درج کرتا ہے۔یہ روایات حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ کے ارشاد پر مکرم شیخ عبدالقادر صاحب مربی سلسلہ نے ۱۹۳۷ء میں صحابہ سے سن کر جمع کی تھیں۔یہ رجسٹر خلافت لائبریری ربوہ میں محفوظ ہیں۔

میاں فضل کریم صاحب صحابیؓ حضرت اقدس نے فرمایا۔

۱۔"اس عاجز نے بیعت تو بذریعہ خط ۱۹۰۵ء سے پہلے ہی کی تھی۔مگر پھر جب میں ۱۹۰۵ء میں قادیان گیا اور جا کر دستی بیعت کی اور حضورؑ سے واپس آنے کی اجازت مانگی۔تو حضورؑ نے فرمایا۔کہ ابھی چند روز اور ٹھہرو۔اسکے بعد پھر میرے اجازت طلب کرنے پر حضور اقدسؑ نے اجازت دے دی۔اس کے بعد حضور اقدسؑ سے کوئی وظیفہ پڑھنے کی درخواست کی۔تو حضور نے فرمایا۔کہ درود شریف جو نماز میں پڑھا جاتا ہے۔وہی پڑھا کرو"۔

۲۔"پھر دوسری دفعہ ۱۹۰۶ء میں ہم پانچ چھ آدمی مل کر گئے۔(میرے نانا کے بھائی میراں بخش صاحب کی روایت صفحہ ۱۲ رجسٹر ۳ میں یہ پانچ نام درج ہیں۔۱۔میراں بخش صاحب ۲۔میاں فضل کریم صاحب۔۳۔میاں فضل دین صاحب ۴۔میاں غلام رسول صاحب ۵۔اسمٰعیل صاحب) تو اس وقت ہم کچھ حنا اور چند ایک روغنی ہانڈیاں بطور تحفہ لے گئے تھے۔جب حضورؑ کو معلوم ہوا۔کہ ہم درزی ہیں۔تو حضورؑ نے ہم کو کچھ کپڑے سینے کو دیئے۔اور باورچی کو کہا کہ انکو کچھ اچھا کھانا دو۔لیکن ہم نے عرض کیا۔کہ حضورؑ ہم کو کچھ پس خوردہ مرحمت فرمائیں۔چنانچہ وہ بھی اندر سے آتا رہا۔اور جب کام ختم ہو گیا۔تو ہم واپس آنے لگے۔تو ہم نے دعا کے لئے درخواست کی۔چنانچہ حضورؑ نے ہم سب کو اندر بلا کر کھڑے ہو کر دعا کی۔اور وہ دعا ابھی تک ہم کو یاد آتی ہے۔اس کے بعد ہم سے کپڑوں کی مزدوری دریافت کی۔جو ہم لینا نہیں چاہتے تھے۔لیکن حضورؑ کے اصرار پر ہم نے حضورؑ کے کُرتے مانگے۔تو ہم کو اندر سے ایک ایک کُرتا مل گیا۔جو ابھی تک ہمارے پاس محفوظ ہے"۔

(یہ کرتہ محترم والد صاحب کی وفات ۱۹۳۹ء تک محفوظ رہا۔بعد میں بعض احمدی رشتہ داروں نے والدہ صاحبہ سے کچھ ٹکڑے مانگے جو اُن کو مل گئے۔اور اب باقی اس کے ٹکڑے میرے بچوں عزیزم محمد داؤد صاحب منیر ہوسٹن امریکہ ۲۔ڈاکٹر محمد ادریس صاحب کیلیفورنیا امریکہ ۳۔عزیزم محمد الیاس صاحب منیر مربی سلسلہ فرینکفورٹ جرمنی ۴۔عزیزی ناصرہ بابرہ ربوہ کے پاس بھی محفوظ ہیں۔)

۳۔پھر ۱۹۰۸ء میں جب حضور اقدسؑ لاہور تشریف لائے۔میں ایک مکان بنوا رہا تھا۔میں اپنی بیوی کو لے کر جو کہ بیمار تھی۔حضورؑ کی خدمت میں حاضر ہوا۔اور دعا کے لئے درخواست کی۔حضور نے فرمایا۔کہ بچے کا دودھ چھڑا دو۔اور ہم دعا کریں گے۔وہاں پر خواجہ کمال الدین صاحب نے ایک خاص لیکچر کا انتظام کروایا ہوا تھا۔جس پر ہمارے منشی احمد دین صاحب نے ایک رقعہ کے ذریعہ اندر جانے کی اجازت طلب کی۔اور لیکچر سنا۔12:30 بجے خواجہ صاحب نے حضورؑ سے عرض کیا۔کہ اب لیکچر بند کر دیں۔لوگ کھانا کھانا چاہتے ہیں۔لیکن حضور نے جواب دیا۔کہ ہم نے بھی صرف دوا ہی پی ہے۔اس پر سامعین میں سے ایک نے کہا۔کہ وہ کھانا تو ہم ہر روز کھاتے ہیں۔یہ روحانی کھانا کبھی کبھی ملتا ہے۔اس لئے اسے جاری رکھا جائے۔اس پر حضور اقدسؑ نے ایک گھنٹہ مزید تقریر فرمائی۔اور ہم واپس گوجرانولہ آ گئے۔(رجسٹر روایات صحابہ ۳ ص ۳۶۔۳۷)

میرے والد میاں فضل کریم صاحب صحابی حضرت اقدس مسیح موعودؑ اپنے خاندان میں چھ بھنوں کے اکلوتے بھائی تھے۔اور خاندان میں عزت کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے۔بیس سال کی عمر میں آپ کو احمدیت قبول کرنے کی سعادت حاصل ہوئی۔اِس کے بعد خاندان والوں نے آپ کی خوب مخالفت کی یہاں تک کہ آپ کے مکان اور کپڑے کی دوکان کی آٹھ دس دفعہ چوریاں بھی کروائیں۔تاکہ کسی طرح یہ احمدیت سے واپس آ جائیں۔مگر آپ کا ایمان اِن مصائب میں بھی مضبوط تر ہوتا چلا گیا۔(اور آج اللہ تعالیٰ نے یہ نشان دکھایا ہے۔کہ اس خاندان کے بڑوں کی اولادیں

تو ختم ہوگئی ہیں۔اور اس ایک فرد کی جس نے احمدیت قبول کی اولاد سینکڑوں بن کر دنیا کے ہر برِ اعظم میں پھیلی پڑی ہے۔اور حضرت مسیح موعودؑ کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے جو وعدہ فرمایا تھا۔کہ تیرے دلی محبوں کے نفوس و اموال میں برکت ڈالوں گا۔ وہ آپ کے حق میں ہر روز پورا ہوتا چلا جا رہا ہے۔آپ کے بیٹوں. بیٹیوں. پوتوں پڑ پوتوں۔نواسوں اور پڑ نواسیوں کو دنیا کے کناروں تک اللہ تعالیٰ نے پھیلا دیا ہے۔ جو آپ کی جماعت کے لئے جانی و مالی قربانیاں پیش کرنے میں بڑھتے ہی چلے جاتے ہیں۔)

دین کو دنیا پر مقدم رکھا:

خلافتِ اولیٰ میں آپ کی آنکھوں میں تکلیف تھی۔جس کی وجہ سے حضرت خلیفہ المسیح الاولؓ نے آپ کو درزی کا کام چھوڑ کر تجارت کی طرف توجہ دلائی۔تو آپ نے اپنے غیر احمدی دوستوں کے ساتھ مل کر پنساری کی دوکان کھولی۔جمعہ کا دن آیا۔تو آپ نے نماز کے لئے دوکان بند کی۔اور اپنے دوسرے ساتھی کو بھی نماز جمعہ کے لئے چھٹی دے دی۔جس نے اپنے مالک کو جاکر جمعہ کے وقت دوکان کی بندش کی خبر سنائی۔آپ کا غیر احمدی دوست اس پر چیں بہ چیں ہوا۔کہ باقی سب دوکانیں کھلی رہیں اور ہماری دوکان بند ہوگئی ۔ جس کا ہمیں نقصان ہوا ہو گا۔پس آئندہ سے دوکان کھلی رہا کرے۔ایک جمعہ آپ چھٹی کریں اور دوسرے جمعہ اُس کا نمائیدہ چھٹی کرے گا۔جب آپ نے اپنے دوست کا یہ فیصلہ سنا۔تو کہنے لگے کہ میں تو خدا کے حکم کے مطابق نماز جمعہ کی آذان سن کر مسجد کی طرف دوڑ کر جاؤں گا۔ اور تجارت کے اڈے کو بند کروں گا۔اگر آپ کو یہ منظور نہیں تو یہ لیں چابیاں۔میں ایسی دوکان داری سے باز آیا۔ اللہ تعالیٰ کو آپ کی یہ ادا پسند آئی۔اور آپ کو کپڑے کی بہتر دوکان کھولنے کی توفیق دی۔جس سے آپ کو جماعت کی خدمت کا بھی خوب موقعہ ملتا رہا۔مجھے بچپن کا واقعہ نہیں بھولتا۔ پرائمری سکول سے چھٹی ملنے پر گھر آتا۔تو والدہ صاحبہ چند دوستوں کا کھانا دیتیں۔جو دوکان پر لے جاتا۔تو وہاں دیہات سے آنے والے احمدی دوست بیٹھے دیکھتا۔کوئی الفضل پڑھ رہا ہوتا۔تو دوسرا الفاروق تیسرا ریویو آف ریلیجنز پڑھ رہا ہوتا۔سارے احمدی اخبار و رسائل دوکان پر منگوائے جاتے تھے۔تا دیہات کے احمدیوں کی خدمت ہو سکے۔اِس طرح ان کو مادی اور روحانی دونوں کھانے خوب میسر آتے۔اور ساتھ ساتھ اِن کتب و اخبارات سے تبلیغ کا کام بھی خوب چلتا۔یہ زمانہ آپ کی وفات ۱۹۳۹ء سے پہلے کا تھا۔ جبکہ ہر قسم کی آزادی میسر تھی۔

۱۔ برکتیں جاری ہیں:

احمدیت کی برکتیں آپ کی وفات کے بعد بھی آپ کے خاندان کو مل رہی ہیں۔بلکہ بڑھتی جا رہی ہیں۔آپ کے ایک بیٹے اس عاجز کو میٹرک پاس کرنے کے بعد ۱۹۴۴ء میں وقفِ زندگی کرنے کی توفیق ملی۔جب کہ میر محمدؐ اسحاق صاحب کی وفات پر حضرت المصلح موعودؓ نے اپنے خطباتِ جمعہ میں وقف کی تحریک فرمائی۔پھر حضور کے ارشاد کی تعمیل میں جامعہ احمدیہ سے تعلیم مکمل کر کے ۱۹۵۱ء میں سری لنکا پھر مشرقی افریقہ پھر ماریشس پھر مغربی افریقہ میں تبلیغ اسلام کا فریضہ سرانجام دینے کی توفیق ملی۔مرکز میں قیام کے دوران پروفیسر جامعہ احمدیہ۔سیکرٹری نصرت جہاں۔ سیکرٹری حدیقۃ المبشرین اور ناظر تعلیم القرآن وقفِ عارضی کی ڈیوٹیاں سرانجام دیں۔اور ساتھ ساتھ آنریری کام بحثیت مہتمم اطفال الاحمدیہ۔ قائد اصلاح و ارشاد انصار اللہ۔رکن مجلس کارپرداز بہشتی مقبرہ۔قاضی مرکزی۔ممبر مجلس افتاء بھی سرانجام دینے کے مواقع اللہ تعالیٰ نے بہم پہنچائے۔الحمد اللہ۔

میرے وقف کرنے کے بعد میرے خاندان سے ۳۰/۳۵ افراد نے وقف میں حصہ لیا۔ اور مربی بن کر جماعتی خدمات میں مصروف ہیں۔انہی میں سے ایک عزیزم عبد الماجد صاحب طاہر ایڈیشنل وکیل التبشیر ڈیوٹی پر ہیں۔اور عبدالمنان صاحب طاہر وکالتِ تبشیر میں ہیں۔اور اب ہمارے بیسیوں بچے وقفِ نو کے جہاد میں شامل ہیں. اللھم زد فزد.

۲۔درویشی کا اعزاز:

اسی طرح جماعت کی خدمت کا ایک عظیم الشان اعزاز میرے بڑے بھائی ماسٹر محمد ابراہیم صاحب کی وجہ سے ہمارے خاندان کو ملا۔بھائی جان ۱۹۴۷ء میں حفاظتِ مرکز کی خاطر کراچی جماعت سے دو ماہ وقف کر کے قادیان پہنچے۔پھر آپ کا نام قادیان کے لئے درویشوں میں آ گیا۔اور آپ وہیں کے ہو رہے۔آپ اور آپکے آٹھ بچے بچیاں قادیان کی خدمت میں ہر دم مصروف ہیں۔اور ۱۹۹۱ء کے جلسہ قادیان میں حضرت خلیفہ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ نے درویشانِ قادیان زندہ باد کا نعرہ لگا کران سب کو زندہ جاوید کر دیا ہے۔

۳۔ اسیروں کا سردار:

پھر ایک اور اہم اعزاز ہمارے خاندان کو اللہ تعالیٰ نے عزیزم محمد الیاس صاحب منیر سابق مربی ساہیوال کے ذریعے بخشا۔کہ آپ کو مشہور مقدمہ ساہیوال میں اہم فریق بنا کر جنرل ضیاء الحق صدرِ پاکستان نے موت کی سزا سنائی۔جس کو سن کر آپ نے جیل میں ڈپٹی کمشنر کے سامنے ہی الحمد اللہ پڑھا۔جس کو سن کر DC بھی حیران رہ گیا۔اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے عزیزم کو دس سال جیل میں ثابت قدمی سے احمدیت کا شاندار نمونہ قائم کرنے کی توفیق عطا فرمائی۔اور خدائی بشارتوں کے مطابق وہ اپنے ساتھیوں سمیت جیل سے دس سال بعد رہا ہو کر دنیائے احمدیت کے لئے خوشی کا باعث بنے۔اور آپکو سزا دینے والا جنرل ضیاء الحق آگ کے عذاب سے دوچار ہوا۔

اور اس کی خاک بھی کچھ تو ہوا نے اڑا دی اور رہی سہی باقی دریائے ستلج کے سیلاب نے بہا کر سمندر میں پہنچا دی۔

جب عزیزم محمد الیاس صاحب منیر جیل سے رہا ہو کر براستہ جرمنی یوکے کے جلسہ سالانہ ۱۹۹۶ء میں پہنچا۔تو حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ نے انہیں سٹیج پر بلا کر گلے لگایا۔اور فرمایا۔کہ یہ اسیروں کا سردار ہے۔جس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے خوش خبری دی تھی۔کہ وہ جیل سے آزاد ہو کر یہاں اسلام آباد جیسی شاندار فضا میں مجھ سے ملے گا۔سو آج یہ نشان بھی پورا ہوا۔اس نظارے کو ساری دنیا نے MTA پر دیکھا۔اور کئی دوستوں نے بتایا۔ کہ اسوقت وہ رشک کی نگاہوں سے عزیزم محمد الیاس صاحب منیر کو دیکھ رہے تھے۔اور دل میں خواہش تھی۔کہ آج وہ سٹیج پر ہوتے۔عزیزم آج کل فرینکفورٹ (جرمنی) میں مربی سلسلہ احمدیہ کے ساتھ ساتھ سیکرٹری اشاعت کے فرائض بھی سر انجام دے رہے ہیں۔گویا حضرت یوسفؑ کی سنت کو پورا کرنے کے لئے مادی دانوں کی جگہ روحانی دانے بکھیر رہے ہیں۔

۴۔اعزازی خدمات۔

یہ سلسلہ بھی ہمارے افراد خاندان کا ہر برِ اعظم میں پھیلا ہوا ہے۔میری آنکھوں کے سامنے وہ ہمارے بچے اور بچیاں نظر آ رہی ہیں۔جو آسٹریلیا، جاپان فجی، برطانیہ، افریقہ اور نارتھ امریکہ میں مختلف جماعتی خدمات میں دن رات ایک کر رہے ہیں۔یہاں کینیڈا میں ہماری دو بہنوں کے بچوں نے مختلف ذمہ داریاں سنبھال رکھی ہیں۔میاں ندیم محمود نیشنل سیکرٹری مال کے علاوہ کمپیوٹر سیکشن میں بھی کام کر رہے ہیں۔ان کے چچا میاں سلیم صاحب نائب صدر انصار اللہ اور سمعی و بصری شعبہ کے اعلیٰ کارکن ہیں۔ان دونوں کے ساتھ ان کا سارا خاندان ہی جماعتی خدمات کے لئے وقف ہے۔اور میاں ندیم اور میاں نعیم کی بیگمات لجنہ کے کاموں میں خوب مصروف نظر آتی ہیں۔اور جلسوں میں انگریزی میں عمدہ تقاریر کرنے والیوں میں شامل ہوتی ہیں۔

اسی طرح مہمان نوازی میں چائے پلاتے ہوئے مرزا محمد امین بھی ہر مجلس میں نظر آتے ہیں۔اسی طرح عزیزم خالد کھوکھر (سابق) قائد مجلس خدام الاحمدیہ ویسٹن ساؤتھ نے گذشتہ سال مجالس خدام الاحمدیہ کینیڈا میں تیسرا مقام لے کر اپنے خاندان کی عزت کو چار چاند لگائے ہیں۔

ہوسٹن کی جماعت میں عزیزم محمد داؤد صاحب منیر سیکرٹری تبلیغ کو کبھی تبلیغی چارٹس کی تیاری میں دن رات مصروف دیکھا۔تو کبھی تبلیغی آڈیوز بناتے ہوئے اور سان ہوزے کیلیفورنیا امریکہ میں عزیزم محمد ادریس صاحب منیر کو سمعی بصری کے شعبہ میں خدمت کرنے میں پایا۔

الحمد اللہ کہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے سارے عزیزان کو جماعتی خدمات میں آگے ہی آگے بڑھنے کے مواقع عطا فرمائے ہیں۔اور انہی جماعتی خدمات کا پھلیہ ہے۔کہ مادی دنیا ان کی ترقی کے سامان مہیا کر رہی ہے۔الحمد اللہ

آخر میں درخواستِ دعا ہے۔کہ احمدیت کے باغ میں میاں فضل کریم صحابی نے جو ایک پودا آج سے ایک سو سال قبل لگایا تھا۔وہ ہمیشہ پھلتا پھولتا رہے۔اور اس کے پھل اور پھول ہمیشہ باغِ احمدیت کی رونق کو بڑھانے والے بنیں۔اور احمدیت کی برکتیں حاصل کر کے انہیں آگے بڑھانے والے ثابت ہوں۔آمین۔

خصوصی درخواست دعا

احباب جماعت سے پاکستان میں جملہ اسیران راہ مولا کی جلد از جلد باعزت رہائی نیز مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کے لئے دردمندانہ درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے ان بھائیوں کو اپنی حفظ و امان میں رکھے اور ہر شر سے بچائے۔اللھم انا نجعلک فی نحورھم ونعوذبک من شرورھم۔

دعا بحضور سرکار محبت

(از منظوم کلام حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا)

اے شاہ زماں خالق انوار محبت
اے جانِ جہاں! رونق گلزار محبت

کوچہ میں ترے گرم ہے بازار محبت
"سر بیچے پھرتے ہیں خریدار محبت"

ہم کو بھی عطا ہو کہ تری عام ہے رحمت
اک سوز دروں خلعت دربار محبت

شعلہ سا ترے حکم سے سینوں میں بھڑک جائے
پھر بجھ نہ سکے تا بہ ابد نار محبت

ہاتھوں میں لئے کاسۂ دل آئے ہیں مولا
خالی نہ پھریں تیرے طلب گار محبت

(آمین)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمۃ اللہ علیہ کی پُرشفقت یاد

از: کرنل دلدار احمد (ریٹائرڈ)

جن دنوں خاکسار راولپنڈی (پاکستان) میں تعینات تھا۔ حضرت مرزا ناصر احمد خلیفۃ المسیح الثالث رحمۃ اللہ علیہ اسلام آباد (پاکستان) تشریف لائے۔ اور بیت الفضل گیسٹ ہاؤس میں قیام فرمایا۔ خاکسار بمع فیملی ملاقات کے لئے حاضر ہوا۔

حضور نے کمرۂ ملاقات میں تشریف لاتے ہی فرمایا۔ "کل ایک جگہ پر ہم نے تمہیں یاد کیا۔ بتاؤ کون سی جگہ تھی۔" مَیں حیران ہوا کہ میں بھی کوئی ایسی چیز ہوں۔ جسے خلیفہ عالی مرتبت وقت جیسی عظیم المرتبہ ہستی یاد کرے۔ وہ خلیفہ وقت جس کی ایک جھلک دیکھنے کے لئے لوگ ہزاروں میل کا سفر اختیار کرتے ہیں۔ چونکہ یہ بات میرے تصور سے بھی بلند تھی کہ میرے جیسے حقیر انسان کو حضور یاد کریں گے۔ اس لئے عرض کیا۔ "حضور مجھے تو کچھ یاد نہیں۔" اس پر حضور نے نہایت محبت سے فرمایا۔ "یاد کرو وہ پُل سالگراں۔ مری سے وہاں تک تم نے ہمارا پیچھا کیا تھا۔" کیا شان تھی حضور کی اپنے غلاموں سے اظہار شفقت کی۔ حضور نے اظہارِ شفقت کی خاطر 15 سال قبل کے ایک واقعہ کی یاد دلا دی تھی۔

واقعہ یوں تھا کہ حضور اپنی خلافت کے ابتدائی سالوں 66ء 67ء میں جبکہ خاکسار مری میں تعینات تھا۔ مری تشریف لائے اور بھوربن ریسٹ ہاؤس میں قیام فرمایا۔ ان دنوں خاکسار کو طویل ملاقاتوں کی سعادت نصیب ہوتی رہی۔ ان ملاقاتوں میں حضور کا سب سے دلچسپ موضوع فرقان فورس (جہادِ کشمیر میں جماعت احمدیہ کی رضا کار بٹالین) ہوا کرتا تھا۔ خاکسار کو بھی فرقان فورس میں رضا کار کے طور پر خدمت کی توفیق ملی تھی۔ چنانچہ فرقان فورس کا جب بھی ذکر آیا۔ حضور بہت دیر تک اس پر مصروفِ گفتگو رہتے۔ اور بہت دلچسپ اور ایمان افروز واقعات بیان فرماتے۔

حضور کے سفر کی روانگی عموماً علی الصبح ہوا کرتی تھی۔ حضور کا جس روز مری سے واپسی کا پروگرام تھا۔ میں حضور کو الوداع کہنے کی غرض سے حضور کی قیام گاہ کی طرف روانہ ہوا۔ لیکن میں ابھی راستہ ہی میں تھا۔ کہ حضور کا قافلہ مری سے واپس جاتا ہوا نظر آیا۔ وقت پر نہ پہنچ سکنے کا بہت قلق ہوا۔ اس لئے میں نے اپنی کار کا رخ موڑ کر حضور کے قافلہ کے پیچھے لگا لیا۔ اور پیچھے پیچھے چلتا گیا۔ حتیٰ کہ وہ مقام آ گیا۔ جہاں سے میدانی علاقہ شروع ہوتا ہے۔ اور جس کا نام "پُل سالگراں" ہے۔ اس پُل کے پاس پہنچ کر حضور کا قافلہ یک دم رک گیا۔ اور حضور کا ایک خادم دوڑتا ہوا میرے پاس آیا۔ اور کہا۔ کہ حضور تمہیں بلا رہے ہیں۔ میں بہت ڈرا۔ کہ حضور فرمائیں گے۔ کہ ہمارا پیچھا کیوں کر رہے ہو۔ لیکن جب میں پاس پہنچا۔ تو اس سراپا محبت وشفقت وجود نے نہایت ہی پیار سے فرمایا۔ "جزاکم اللہ۔ اب آپ جائیں۔"

1981ء میں جلسہ سالانہ جماعت احمدیہ عالمگیر ربوہ کے موقع پر اس عاجز کی ڈیوٹی بطور نائب افسر خدمتِ خلق تھی۔ جلسہ سالانہ کے ایام میں حکومت پاکستان کے رولز کے مطابق کھلے عام ہتھیار لے کر نکلنا ممنوع تھا۔ جلسہ کے ایک دن پولیس کا ایک سپاہی سول کپڑوں میں ملبوس رائفل لے کر گول بازار سے گذر رہا تھا۔ اُس کو ہمارے ایک خادم نے پکڑا اور تھانے لے گیا۔ لیکن تھانے والوں نے جہاں اس سپاہی کو پکڑ کر قید کر لیا۔ وہاں ہمارے اس خادم کو بھی detain کر لیا۔ خاکسار اپنے خادم کو چھڑانے کے لئے تھانہ گیا اور اسے رہا کروا لایا۔ اپنے معمول کی رپورٹ میں اس واقعہ کی بھی حضور کی خدمت میں رپورٹ پیش کی گئی۔ حضور جلسہ سالانہ کے آخری دن کی تقریر کے لئے جب جلسہ گاہ میں تشریف لائے۔ تو حضور نے اِس عاجز کو طلب فرمایا۔ اور حکم دیا۔ کہ ہمارا وہ کارکن جس نے پولیس کے آدمی کو پکڑا تھا۔ کو ابھی ظہر وعصر کی نمازوں کے بعد میرے پاس لاؤ۔ خاکسار "بہتر حضور" کہہ کر اِس فکر میں مبتلا ہو گیا کہ ظہر و عصر کی نمازوں کی ادائیگی میں تو بمشکل پندرہ۔ بیس منٹ لگیں گے۔ اِس قلیل وقت میں مَیں اُس شخص کو دو لاکھ کے مجمع سے کیونکر ڈھونڈ سکوں گا۔ اِس فکر کے باعث دعا کی طرف توجہ مبذول ہوئی اور اپنے موٹر سائیکل سواروں کے دستہ کے انچارج کے پیچھے بیٹھ کر اُسے ربوہ کے گول بازار کا چکر لگانے کو کہا۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے دوسرے ہی چکر میں وہ خادم نظر آ گیا۔ اور نماز ظہر وعصر کے اختتام کے ساتھ ہی خاکسار نے اُس خادم کو حضور کی خدمت میں پیش کر دیا۔ حضور نے اُس خادم اور اِس عاجز پر بہت ہی شفقت کا اظہار فرمایا۔

اسی جلسہ کے اختتام کے اگلے روز بیرونی ممالک کے وفود کی حضور سے ملاقاتیں تھیں۔ یہ ملاقاتیں کئی گھنٹے تک جاری رہیں۔ اور اس دوران حضور مسلسل کھڑے رہے اور ہر ملک کے ہر رکن سے حضور نے معانقہ فرمایا۔ اور اس طرح کئی گھنٹے لگاتار حضور کھڑے رہے۔ چونکہ میں بھی حضور کے ساتھ اپنے فرائض کی ادائیگی کی غرض سے کھڑا تھا۔ میری ٹانگیں درد کرنے لگیں۔ اور میں تھکاوٹ سے چور تھا۔ لیکن حضور رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھ کر حیران ہوتا رہا۔ جو ستر سال سے زیادہ عمر اور ایک لمبا عرصہ بیمار رہنے کے باوجود کسی قسم کی تھکن ظاہر کئے بغیر ہر ایک ملنے والے کے لئے بے پناہ محبتیں اور مسکراہٹیں بکھیر رہے تھے۔

1981ء کے دوران ربوہ میں ماہ مارچ کے دوران منعقد ہونے والے سالانہ گھوڑ دوڑ ٹورنامنٹ کے موقعہ پر اس عاجز کی ڈیوٹی بطور چیف جج تھی۔ سخت بارش کے باعث اکثر مقابلے نہ ہو سکے۔ لیکن اختتامی تقریب جس میں تقسیم انعامات اور حضور

انور کے ساتھ تمام شامل ہونے والے۔ منتظمین اور ججز کا کھانا شامل تھا۔منعقد ہوئی۔حضور انور نے اپنے خطاب میں بارشوں کے موسم میں بھی گھوڑ سواری کی اہمیت اورضرورت کی وضاحت فرمائی۔اور بارشوں کے دوران ایک گاؤں سے دوسرے گاؤں کراس کنٹری برائے رابطہ کی ضرورت کا اظہار فرمایا۔

تقسیمِ انعامات میں خصوصی انعام منصفین کو بھی ملے۔چنانچہ کھانے کے دوران حضور نے اچانک اِس عاجز کی طرف دیکھ کر فرمایا۔"تمہیں انعام کس چیز کا ملا ہے۔" چونکہ مقابلے سوائے ایک دو کے باقی بارش کی نظر ہو گئے تھے۔ اس لئے یہ انعام تو مفت میں ہی تھا۔اُسی انداز میں جھٹ جواب دے دیا۔کہ

"حضور مفت میں"

حضور رحمۃ اللہ علیہ کی یہ یادیں مجھ حقیر پُرتقصیر کے لئے ایک عظیم سرمایہ حیات ہیں۔اللہ تعالیٰ حضرت خلیفہ المسیح الثالث رحمۃ اللہ علیہ کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ دے۔آپ کی مقدس اور مطہر روح پر انوار و برکات کی بارش برسائے۔اور آپ کے درجات تا ابد بلندتر فرماتا چلا جائے۔آمین۔

خدا کی حکمتوں پر ایمان لانے میں برکت ہے

حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں۔

"ایک بچہ درزی کو دیکھے کہ اس نے تمام تھان کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے تو وہ گھبرا اٹھتا ہے۔ کیونکہ نہیں جانتا کہ یہ ٹکڑے ایک اعلیٰ ملبوس بننے والے ہیں اسی طرح اللہ کے مصالح اکثر نادانوں سے مخفی رہتے ہیں۔وہ ظاہری صورت دیکھ کر چلا اٹھتے ہیں۔

گلستان میں ایک شخص کی حکایت ہے کہ وہ لنگڑا ہو گیا اور ایک دن بیگار میں لوگوں کو پکڑ رہے تھے اسے چھوڑ گئے تو وہ خدا کا شکر بجا لایا۔

قرآن شریف میں (حضرت) موسیٰؑ اور خضر کا قصہ ہے خضر نے ایک کشتی کو عیب ناک کر دیا اور بعد میں اس کی حکمت ظاہر ہوئی۔

پس ہمیں چاہئے کہ خدا کی حکمتوں پر ایمان لائیں اور اس کے حکم مانیں۔"

(حقائق الفرقان جلد اول ص 133)

والدین کی ذمہ داری

حضرت خليفة المسيح الثالثؒ فرماتے ہیں:

"اولاد کی تربیت اور اس کو قرآن کریم پڑھانے کی اصل ذمہ داری والدین پر ہے۔انہیں اس کے لئے خدا تعالیٰ کے سامنے جواب دہ ہونا پڑے گا۔ ان سے سوال کیا جائے گا کہ انہوں نے اپنی اولاد کو اس نعمت یعنی قرآن کریم سے جو انہیں حاصل تھی کیوں محروم کر دیا"۔الفضل ۲۶ فروری ۱۹۶۶ء صفحہ ۳)

وحدت کی نعمت

آج دنیا میں بیسیوں مذاہب، مسالک اور مکاتبِ فکر موجود ہیں مگر وحدت کی جو نعمت آج ہمیں عطا ہوئی ہے اس کی کوئی نظیر اور مثال نہیں ملتی۔ تمام دنیا کے احمدی ایک ہاتھ پر اکٹھے ہیں۔ ایک آواز پر اٹھتے اور بیٹھتے ہیں۔ایک صدا پر چلتے اور ٹھہرتے ہیں۔دنیا کے دور دراز علاقوں میں کسی جماعت پر کوئی مشکل آجائے تو مرکزِ امامت کی طرف سے اطلاع ملتے ہی ساری جماعت بے چین اور بے قرار ہو جاتی ہے اور دعاؤں میں لگ جاتی ہے اور جو کچھ بن پڑے کر گزرتی ہے۔اور اگر متمدن آبادیوں سے دور بھی کسی جماعت کو خوشی نصیب ہو تو سب جماعتیں مل کر وہ سکھ بانٹتی اور مسرتوں میں شریک ہوتی ہیں۔

یہ وہ نعمت ہے جس کے لئے آج کی دنیا تڑپ رہی ہے مگر ہر طرف خود غرضی اور نفسانیت کا دور دورہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے یہ انعام ہمیں عطا فرمایا ہے۔ اس انعام کی، اس تحفے کی قدر کی ضرورت ہے تا اس آسمانی درخت کا سایہ اور زیادہ بڑھے اور زیادہ پھیلے اور تمام دنیا پر چھا جائے۔

اس نعمت کی قدر کا سب سے اہم اور اچھا طریق یہ ہے کہ ان تمام راہوں سے گریز کیا جائے جو کسی بھی طرح اس زنجیر کی کڑیوں میں کوئی کمزوری اور خلل ڈالتی ہوں اور ہر وہ سلسلہ اختیار کیا جائے جو باہمی محبت، اتفاق اور اتحاد کو دوبالا کرے۔

اگر ہم یہ شکر کریں گے اور عملی طور پر اس کا اظہار کریں گے تو اللہ تعالیٰ اپنے وعدوں کے مطابق اس لطف کو اور بھی ارزاں کرے گا۔اللہ تعالیٰ ہمیں اس شکر کی توفیق عطا فرمائے۔

اللہ کا غلام

حضرت عثمانؓ کے غلام سے روایت ہے کہ میں حضرت عثمانؓ کے پیچھے سوار تھا کہ ہم بیت المال کے مویشی خانے کے قریب پہنچے اس دن شدید گرمی تھی اور بہت گرم ہوائیں چل رہی تھیں۔ہم اچانک ایک شخص کو دیکھا جو تہبند باندھے، ایک چادر اوڑھے اور اس میں اپنا سر چھپائے ہوئے تھا۔ وہ ایک اونٹ کو ہانکتا لا رہا تھا۔ اس نے اونٹ مویشی خانے میں داخل کیا۔ حضرت عثمانؓ نے کہا۔"یہ کون ہے؟" ہم چل کر مویشی خانے کے قریب آئے تو یہ حضرت عمر بن الخطاب تھے۔ حضرت عثمانؓ نے حضرت عمرؓ سے پوچھا۔"اس گرمی میں یہ آپ کیا کر رہے ہیں؟" حضرت عمرؓ نے جواب دیا۔"بیت المال کا ایک اونٹ گم ہو گیا تھا۔اسے ڈھونڈ کر لایا ہوں۔" حضرت عثمانؓ نے کہا۔"یہ کام کسی غلام سے لیا ہوتا۔" حضرت عمرؓ نے فرمایا۔ "مجھ سے زیادہ اللہ کا غلام کون ہے؟"

ھجر کے دکھوں اور ان کی کوکھ سے پھوٹنے والی

الٰہی رحمتوں اور برکتوں کا پر کیف نظارہ

(مسعود احمد سلیمان)

۲۹/اپریل ۱۹۸۴ء کا تاریخ ساز دن، غم اور خوشی کی لازوال کیفیتوں سے دوچار دن تھا۔ جس کی کیفیت اور ماہیت کو بیان کرنا ناممکن ہے۔ ناقابل برداشت غموں اور دکھوں کا دن۔ اذیت ناک کرب وبلا کا دن۔ ہاں وہ دن جب احمدیوں خصوصاً اہل ربوہ سے ان کا پیارا، سب سے زیادہ محبوب، ان کی جانوں سے زیادہ عزیز تر ان کا آقا ان سے جدا کر دیا گیا۔

شدید بے چینی اور بے قراری کے دن

۲۶، ۲۷/اور ۲۸/اپریل کے دن اس قدر گھبراہٹ، بے چینی اور بے قراری کے دن تھے کہ ربوہ کی سرزمین نے شاید ہی پہلے کبھی ایسی بے چینی اور اضطراب دیکھا ہو۔ ایک طرف تمام مخالف طاقتیں جمع ہو چکی تھیں۔ تمام منفی قوتیں یکجا ہو کر ہر سمت سے حملہ آور تھیں۔ تمام ذرائع استعمال میں لائے جا چکے تھے۔ تمام وسائل خرچ کئے جا چکے تھے۔ سرزمین ربوہ چاروں طرف سے گھر چکی تھی۔ دوسری طرف عشاق اپنے معشوق کے عشق میں اور زیادہ فنا ہو چکے تھے۔ وہ اب لہو کی آخری بوند تک بہانے کو تیار تھے۔ اپنے آقا کو اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے کے لئے بیقرار تھے۔ اپنا سب کچھ قربان کرنے کے لئے بیتاب تھے۔ مگر اپنے محبوب آقا کو ہر قیمت پر سلامت دیکھنے کا عہد کر چکے تھے۔ ان کی طرف چلایا جانے والا ہر تیر اپنی چھاتیوں پر لینے کے لئے بے چین تھے۔ جذبے تھے کہ مچلتے جاتے تھے۔ عزائم تھے کہ پہاڑوں کو شرما رہے تھے۔ بچہ بچہ شیر ببر سے زیادہ طاقت اپنے اندر پاتا تھا۔ یوں لگتا تھا کہ آسمان سے فوجوں کی فوجیں اتر رہی ہیں۔ مگر اس کے باوجود ہر لحہ ایسی بے چینی، بے قراری اور گھبراہٹ تھی جو بڑھتی چلی جاتی تھی۔ سینے دھڑک رہے تھے اور ہر دھڑکن بے اختیار دعاؤں میں ڈھل رہی تھی۔ آنکھیں آسمان کے در پر لگی ہوئی تھیں۔ دل اپنے رب کے حضور پگھل رہے تھے کہ یا الٰہی اپنی نصرت اور تائید کی فوجوں کے ساتھ جلد آ۔ آمدد کو آ۔ دیکھ کہ ہماری آنکھیں تیری راہ تک رہی ہیں اور ہمارے دل سینوں سے باہر نکل رہے ہیں۔ تیرا پیارا آج چاروں طرف سے دشمن کے نرغے میں ہے، اپنی قدرت کا جلوہ دکھا۔ اپنے ہاتھ کا کرشمہ ظاہر کر۔ ہاں اپنے وعدے پورے کر۔

عظیم الشان معجزہ

یکم مئی کا دن ڈھل چکا تھا۔ مسجد مبارک میں آج بھی مغرب کی نماز دعاؤں، التجاؤں، سسکیوں اور آہوں کی گونج میں ادا کی گئی۔ سلام ہوا تو پرائیویٹ سیکرٹری صاحب کھڑے ہوئے۔ خلاف توقع ان کا چہرہ مطمئن دکھائی دیتا تھا۔ ہر آنکھ اس طرف جم گئی۔ ہر کان مستعد تھا کہ ہونے والے اعلان کو محفوظ کرلے۔ اعلان ہوا کہ خدا تعالیٰ کے فضل سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بخیر وعافیت لندن پہنچ چکے ہیں۔ لمحہ بھر تو کچھ ہوش نہ رہا۔ کانوں کو یقین نہیں آرہا تھا کہ اتنا عظیم الشان معجزہ ظاہر ہو گیا۔ زندہ خدا نے ایک بار پھر اپنی خدائی کا زبردست جلوہ دکھایا۔ اس کی قدرت کا ہاتھ ایک بار پھر پوری آب وتاب کے ساتھ چمکا اور اس کے سمیع وبصیر ہونے کا شاندار نشان ظاہر ہوا۔

تاریخ کا نیا باب

یہ اعلان آناً فاناً تیز بادلوں کی طرح ربوہ سے ہوتے ہوئے ملک بھر کے گلی کوچوں میں پھیل گیا۔ چہروں پر رونقیں اُمڈ آئیں۔ آنکھوں سے خوشی کے آنسو قطار در قطار بہنے لگے۔ لبوں سے نعرہ ہائے تکبیر نکلنے لگے۔ دل اپنے رب کے حضور سجدات شکر میں تڑپنے لگے۔ یکلخت ساری گھبراہٹ جاتی رہی، ساری بے چینی غائب ہو گئی۔ ہر کوئی دوسرے سے بغلگیر ہو کر مبارک باد دینے لگا۔ کہ آج تاریخ کا نیا باب رقم ہوا ہے۔ اور قدیم نوشتے ایک بار پھر پورے ہوئے ہیں۔ ایسا روشن اور شاندار نشان ظاہر ہوا جس سے آنکھیں چندھیا گئیں۔

ربوہ ہلکا ہلکا نظر آنے لگا۔ گلشن احمد میں باد بہار لوٹ آئی۔ بھینی بھینی ہوا کے جھونکے ہر طرف خوشبو بکھیرنے لگے۔ ہر چھوٹا بڑا خوشی سے جھوم رہا تھا۔ اور ایسا کیوں نہ ہوتا؟ کہ زندہ خدا کی زندہ تجلی کا عظیم الشان نشان بنتے ہوئے ان کا محبوب آقا ننگی تلواروں، زہریلے نیزوں کے نرغے سے بحفاظت نکل گیا تھا۔ اور ہر مخالف تدبیر غالب تقدیر سے ٹکرا کر پاش پاش ہو گئی تھی۔ اور کوئی بندش اور کوئی رکاوٹ اس کی راہ نہ روک سکی تھی۔ سچ ہے کہ۔

جس بات کو کہے کہ کروں گا یہ میں ضرور۔
ٹلتی نہیں وہ بات خدا ئی یہی تو ہے

اجنبی ربوہ

یہ لمحات خوشی و مسرت زیادہ عرصہ ساتھ نہ رہے۔ آہستہ آہستہ حالات جب کچھ نارمل ہونے لگے تو یوں محسوس ہوا کہ جیسے کوئی خواب کے بعد بیدار ہو رہا ہو۔ اس حال میں کہ جس محبوب اور معشوق کو وہ اپنے سینے میں سجا کر سویا تھا وہ آنکھ کھلنے پر نظروں سے اوجھل ہو چکا ہو۔ وہ دُور، بہت دُور چلا گیا ہو اور فراق کی گہری خلیج درمیان میں حائل ہو چکی تھی۔ پھر کیا تھا ہر گلی کوچے میں اداسی بکھر گئی۔ پیارے آقا کی جدائی میں ہر گھر سوگوار بن گیا۔ ہر آنکھ اشکبار تھی، ہر دل غمناک تھا۔ سسکیاں تھیں کہ تھمتی نہ تھیں، آہیں تھیں کہ رکتی نہ تھیں، سجدہ گاہیں تر ہو گئیں، پر رونق گلیاں سنسان دکھائی دینے لگیں۔ ایک ہو کا عالم تھا، ہر چہرہ اداس تھا، ہر آنکھ بجھی ہوئی تھی۔

آج ربوہ اجنبی دکھائی دینے لگا۔ بظاہر کاروبار زندگی تو معمول کے مطابق چل رہے تھے مگر یہ ربوہ ربوہ نہ رہا تھا۔ کیونکہ اس کا حسن چھین لیا گیا تھا۔ اس کی رونق اچک لی گئی تھی۔ اس کا چاند نظروں سے اوجھل کر دیا گیا تھا۔ وہ بلبل کا نغمہ اب کانوں میں رس نہیں گھولتا تھا۔ وہ مسکراتا ہوا چہرہ اب دکھائی نہیں دیتا تھا جس کی ایک جھلک دل و جان کو معطر کر دیتی تھی۔ ہاں مسجد اقصیٰ کے دروازے اس قافلہ کی انتظار میں بند پڑے تھے۔ مسجد مبارک کی دیواریں اس میٹھی نغمہ بار آواز کے ارتعاش سے محروم ہو گئی تھیں۔ ربوہ کے منارے خاموش ہو گئے تھے۔ اجتماع اور جلسہ سالانہ کے میدان سنسان پڑے تھے۔

الٰہی جہاد

آج دشمن بظاہر خوش تھا اور بغلیں بجا رہا تھا مگر اندر ہی اندر اپنی ناکامی و نامرادی سے کٹ مر رہا تھا۔ جسے چھپانے کے لئے وہ اور زیادہ غضب ناک ہو رہا تھا۔ پس مخالفت کی آندھیاں اٹھنے لگیں۔ ظلم و ستم کے نئے باب رقم ہونے لگے۔ ہر عاشق تختۂ مشق بننے لگا۔ پیارے آقا نے ایک سال قبل خبر دی تھی۔

”اس الٰہی جہاد کے لئے تیار ہو جاؤ۔ مگر تمہارے لئے کوئی دنیا کا ہتھیار نہیں ہے۔ دنیا کے تیروں کا مقابلہ تم نے دعاؤں کے تیروں سے کرنا ہے۔ یہ لڑائی فیصلہ کن ہو گی لیکن گلیوں اور بازاروں میں نہیں، صحنوں اور میدانوں میں نہیں بلکہ عبادتگاہوں میں اس لڑائی کا فیصلہ ہونے والا ہے۔ راتوں کو اٹھ کر اپنی عبادت کے میدانوں کو گرم کرو اور اس زور کی پکار کرو کہ آسمان پر عرش کے کنگرے بھی ہلنے لگیں۔ مَتٰی نَصْرُ اللّٰہ کا شور بلند کر دو۔ خدا کے حضور گریہ وزاری کرتے ہوئے اپنے سینوں کے زخم پیش کرو، اپنے چاک گریبان اپنے رب کو دکھاؤ اور کہو کہ اے خدا۔

قوم کے ظلم سے تنگ آ کے مرے پیارے آج
شور محشر ترے کوچے میں مچایا ہم نے

پس اس زور کا شور مچاؤ اور اس قوت کے ساتھ مَتٰی نَصْرُ اللّٰہ کی آواز بلند کرو کہ آسمان سے فضل اور رحمت کے دروازے کھلنے لگیں اور ہر دروازے سے یہ آواز آئے: ”سنو سنو کہ اللہ کی مدد قریب ہے۔ اے سننے والو سنو کہ خدا کی مدد قریب ہے۔ اے مجھے پکارنے والو سنو کہ خدا کی مدد قریب ہے اور وہ پہنچنے والی ہے۔

(خطبہ جمعہ ۲۴/جون ۱۹۸۳ء)

پس خدا کے حضور یہ الٰہی جہاد جاری رہا۔ مہینوں پر مہینے اور سالوں پر سال گزرنے لگے مگر جنگ کی تپش تھی کہ مدھم نہ ہوتی تھی۔ ہر رات، ہر دن، ہر جمعہ، ہر رمضان، ہر عید پر بارگاہ الوہیت میں دعاؤں کے تیر چلائے جاتے۔ گریہ و زاری کا شور بلند ہوتا۔ آہ و نالہ کا طوفان اٹھتا کہ قیامت صغریٰ برپا ہو جاتی۔ جلسہ کے دن ہوں یا پاکیزہ اجتماعات کی راتیں۔ مجالس عرفان کی شامیں ہوں یا تعلیم القرآن کی کلاسز، گھوڑ دوڑ کے دن ہوں یا باسکٹ بال کے ایام ہر دن، ہر مہینہ، ہر موسم یادوں کے زخموں پر نمک چھڑک جاتا یوں دل بے اختیار ہو کر اپنے مالک، اپنے مولا، اپنے رب کے آستانہ پر پگھلنے لگتے۔

پہلی بوند

یہ دعاؤں کے تیر نشانے پر بیٹھنے لگے۔ رحمت کے بادل اٹھنے لگے اور خشک ہونٹوں پر ایک ایک کر کے بوند ٹپکنے لگی۔ شروع شروع میں جب خطبات جمعہ کی آڈیو کیسٹس ربوہ پہنچیں تو وہ بھی کیا دن تھے۔ جب سیکورٹی کا انتظام سخت کر کے عبادتگاہوں کو چھوڑ کر کیونکہ وہاں دشمنوں کی نظریں لگی ہوئی تھیں محلے کے کسی گھر میں عشاق جمع ہوتے باہر گلی میں پہرہ سخت کر دیا جاتا، کھڑکیاں دروازے بند کر کے جونہی ٹیپ چلنے لگتی وہ میٹھی اور جلالی آواز کانوں میں پڑتی تو عجیب سماں بندھ جاتا۔ خوشی بھی ہوتی اور غم بھی۔ غالب جذبات آنکھوں سے ڈھلنے لگتے۔ بدن ساکت ہو جاتے جیسے گوشت پوست کے مجسمے ہوں۔ یوں لگتا جیسے برسوں کے بچھڑے ہوئے بچے اپنی ماں کی آغوش میں جا چھپے ہوں۔ یہ وہ جذبات دو طرفہ تھے جو لفظوں میں ادا ہو نہیں سکتے۔ آج ٹیپ ریکارڈر بھی بہت پیاری لگنے لگی۔ اس وقت یہ راز کھلا کہ سائنس کی یہ ایجاد آج ہی کے دن کے لئے تخلیق ہوئی تھی تا کہ سینکڑوں

ہزاروں میل دور سے اپنے آقا کی آواز سن سکیں۔ آج اس ایجاد کا مقصد پورا ہو گیا۔ آڈیو کیسٹس کا یہ دور چلتا رہا۔ ہر آنے والی کیسٹ کا شدت سے انتظار ہوتا۔ ہر کسی کی کوشش ہوتی کہ جلد سے جلد سنے۔ ایک بار نہیں بار بار سننے سے بھی جی نہ بھرتا تھا۔ اس طرح چپکے چپکے یہ بزمیں بجتی رہیں اور دن گزرتے رہے۔ اور دشمن کی یہ سازش ناکام و نامراد ہو گئی کہ شاخ کو اس کی جڑ سے جداکر دیا جائے۔ شاخیں اپنے شجر سے پیوستہ رہیں اور شاداب ہوتی رہیں۔

ایک یادگار شام

انہی ابتدائی یادگار دنوں میں ۲۵ رمئی ۱۹۸۴ء کا دن بھی ہمیں کبھی نہیں بھولے گا۔ یہ وہ دن تھا جب یہ اعلان ہوا کہ آج رات بی بی سی ورلڈ سروس سے حضور انور ایدہ اللہ کا انٹرویو نشر ہوگا۔ ہم نے ابھی سوچا بھی نہ تھا کہ ریڈیو سے بھی حضور کی آواز سنیں گے۔ پس اس اعلان نے ہر طرف خوشی کی لہر دوڑا دی۔ آج ہر کسی کی زبان پر یہی خبر تھی۔ دن کا ایک ایک لمحہ انتظار کر کے کاٹا گیا۔ ہر گھر میں ریڈیو کو باہر نکالا گیا اسے صاف ستھرا کر کے گھر کی مرکزی جگہ پر رکھا گیا۔ احتیاطاً بیٹری سیل بھی خرید لئے گئے کہ کہیں بجلی بند نہ ہو جائے۔ آج ربوہ کی دوکانوں پر سے سیل اس طرح بکے کہ نہ پہلے کبھی اتنے بکے ہونگے نہ بعد میں۔ آہستہ آہستہ دن اپنے اختتام کو پہنچا۔ انتظار کی گھڑیاں یکایک کر کے کٹتی گئیں اور بی بی سی کی خبریں شروع ہوئیں۔ آج کی رات آسمان کے ستاروں نے یہ عجیب تماشا دیکھا کہ ربوہ کا ہر چھوٹا، ہر بڑا، ہر مرد اور ہر عورت اپنے تمام کام چھوڑ کر ریڈیو کے قریب ہمہ تن گوش بیٹھ گیا۔ خبریں ختم ہوئیں اور سیر بین کا پروگرام شروع ہوا تو یکدم چہرے کھل اٹھے جب نیوز کاسٹر نے یہ اعلان کیا کہ آج ہم جماعت احمدیہ کے سربراہ مرزا طاہر احمد صاحب کا انٹرویو نشر کر رہے ہیں۔ یہ انٹرویو نہایت ہی پیار اور محبت کے جذبات اور جوش وخروش سے سنا گیا۔ اگلے کئی روز ہر کسی کی زبان پر اسی انٹرویو کا چرچا تھا۔ یہ بات غیر معمولی تھی اور بیحد خوشی کا باعث تھی کہ ہمارے آقا کا انٹرویو ساری دنیا میں نشر ہوا ہے۔

رحمت باری کا ایک اور جلوہ

آڈیو کیسٹس کے اس دور کے چند سال بعد ویڈیو کیسٹس کا دور شروع ہوا۔ جب شروع شروع میں ویڈیو کیسٹس آئیں تو وہ دن عید سے کم نہ تھے۔ رات کسی وسیع گھر یا مسجد میں ویڈیو دکھانے کا انتظام بڑی سطح پر کیا جاتا۔ مرد و زن، چھوٹے بڑے ٹی وی کے آگے مبہوت بنے بیٹھے رہتے۔ پیارے آقا کی آواز کے ساتھ تصویر آنکھوں کے رستے دلوں میں اتر جاتی۔ ٹکٹکی بندھ جاتی، آس پاس سے بے خبر چشم تصور میں اڑتے اڑتے لندن پہنچ جاتے اور اپنے آقا کی مجلس میں جا بیٹھتے۔ ہر دوری مٹ جاتی، فاصلے مٹ جاتے، قربت کا احساس نئی زندگی پیدا کر دیتا۔ بس یونہی گھنٹوں بیٹھے ویڈیو کیسٹ دیکھتے رہتے۔ دل خدا کے حضور سجدات تشکر بجا لاتے۔ کس قدر احسان باری ہے کہ مخالف نے جو ہمارا ایک جلسہ بند کیا اور ایک اجتماع پر پابندی لگائی اب ہم بیسیوں، سینکڑوں اجتماعات اور جلسے منعقد کرنے لگے۔ وہی رونق، وہی نوروں نہلائی محفلیں، وہی پر کیف نظارے۔ لیکن ابھی روح پوری طرح سیراب نہ ہو پاتی تھی کہ کیسٹ ختم ہو جاتی۔ ٹی وی آف ہو جاتا۔ عجیب کیفیت سے دوچار ہوتے۔ ایک طرف خوشی سے دل جھوم اٹھتا تو دوسری طرف ہجر کا صدمہ اور زیادہ کاٹنے لگتا۔ وہ نظارے جو آنکھیں دیکھنے کی عادی تھیں بار بار نظروں کے سامنے رقص کرتے اور غائب ہو جاتے۔ یوں یہ آنکھ مچولی جاری رہتی، دلوں کو تپتی سرزمین پر دو بوند ہی برستی پر ہجر کی لپٹیں موج در موج حملہ آور ہوتیں اور درد بھری آہوں کا روپ دھار کر دعاؤں میں ڈھل جاتیں۔

ناقابل فراموش معرکہ

اس دور ہجر کی جنگ کی تپش میں کمی نہ ہوئی تھی۔ سرزمین پاکستان پر ہزاروں لاکھوں عشاق کی متنوع قسم کی قربانیوں کے ابواب کھلنے لگے۔ اور ایک عظیم الشان سنہری حروف سے لکھی جانے والی دردناک داستان تاریخ کے اوراق میں جگہ بنانے لگی۔ مخالف نے مخالفت کی انتہا کر دی۔ تاریخ کے ظلم و ستم ایک ایک کر کے زندہ ہونے لگے۔ معصوم جانیں تلف کی جانے لگیں۔ اموال لوٹے جانے لگے۔ پرامن گھروں کو آگ لگائی جانے لگی۔ نوکریاں ضبط ہو گئیں، عزتیں پامال ہونے لگیں، زبانوں پر پہرے بٹھادئے گئے، قلموں کو توڑ دیا گیا، ہر ترقی کی راہ مسدود کر دی گئی۔ مگر غالب آسمانی تقدیر بھی ساتھ ساتھ اپنا جلوہ دکھاتی گئی۔ ڈھارس بندھتی گئی، دلوں کو قرار نصیب ہوتا گیا، "ملاقات" کی نئی نئی صورتیں پیدا ہونے لگیں۔ ایمان اور یقین اور زیادہ مستحکم ہونے لگے۔ نظام میں نئی طاقت اور قوت پیدا ہو گئی۔ جن کے اموال تلف کئے گئے ان پر اموال کی بارشیں ہونے لگیں۔ جن کے نفوس پر حملہ کیا گیا ان کے نفوس میں برکت دی گئی۔ ایک گھر کے بدلے سینکڑوں ہزاروں گھر آباد ہونے لگے۔ ایک مسجد کے دروازے بند کرنے پر سینکڑوں مساجد ملنے لگیں۔ پس ہر غم کی کوکھ سے سینکڑوں خوشخبریاں جنم لینے لگیں۔ ہر دکھ کے سائے سے رحمتوں اور فضلوں کی موسلا دھار بارش برسنے لگی۔ پس یہ معرکہ ایسا نہیں جسے تاریخ فراموش کر سکے۔

تاریخ عالم کا پہلا واقعہ

اس تمام عرصہ میں ہجر کی گھڑیاں سب سے زیادہ دکھ اور غم کا موجب بنی رہیں۔ فراق کا تصور بار بار ڈستا رہا۔ اور چین نہ لینے دیتا۔ وہ قادر خدا پہلے بھی اس غم کو دور کرنے کے سامان کرتا چلا آیا تھا اور

ہر مرتبہ پہلے سے بڑھ کر جلوہ دکھاتا۔ مگر اب کی بار وہ عظیم الشان سامان پیدا کیا کہ تاریخ عالم میں اس کی نظیر نہیں ملتی۔

جولائی کا مہینہ تھا اور ۱۹۹۲ء کا سال۔ یوں تو جولائی کا مہینہ ہر سال ہی خوشخبریوں کا مہینہ بن جاتا تھا کیونکہ جلسہ سالانہ یو۔کے۔ کے موقعہ پر سال بھر میں خدا تعالیٰ کی بے شمار ہونے والی نعمتوں اور افضال کے تذکرے ہوتے۔ جو ایمان میں بشاشت اور دلوں کے انبساط کے موجب بنتے۔ مگر امسال کا جولائی وہ عظیم الشان خوشخبری لے کر آیا جس کا ہم ابھی وہم و گمان بھی نہ کرتے تھے۔ جس کی کوئی مثال تاریخ سے نہ ملتی تھی۔ جلسہ سالانہ شروع ہوا۔ محروموں کے لئے یہ اعلان خوشی سے دیوانہ کر دینے والا تھا کہ آج کا خطاب براہ راست ٹیلی ویژن پر سیٹلائٹ نظام کے ذریعہ دیکھا اور سنا جا سکتا ہے۔ اس وقت ربوہ میں شاید دو تین جگہوں پر ہی انتظام تھا مگر وہاں رش قابل دید تھا۔ اگرچہ وہ لمحات ہمیشہ کے لئے دلوں پر انمٹ نقوش چھوڑ گئے۔ جب ٹی وی کے شور میں لپٹی ہوئی پیارے آقا کی آواز کانوں سے ٹکرائی اور تصویر آنکھوں میں اتری تو یوں محسوس ہوا کہ ہم زمین پر نہیں آسمان کی بلندیوں پر اڑ رہے ہیں۔ خیر یہ دن گزر گیا۔ اگلا ماہ آیا، ۲۱ راگست سے خطبہ جمعہ براہ راست نشر ہونے لگا۔ اب ٹیپ ریکارڈر کی ضرورت نہ رہی۔ اب ویڈیو کیسٹس کا دور بھی ختم ہو چکا، اب ہر ہفتہ ہمارا محبوب خود ہوا کے دوش پر اڑ کر آنا فانا ہمارے درمیان آ جاتا۔ ہم ہمیشہ سے یہ سنتے آئے تھے کہ کنواں پیاسے کے پاس نہیں بلکہ پیاسا کنوئیں کے پاس جاتا ہے مگر آج یہ محاورہ غلط ثابت ہوا۔ آج کنواں خود پیاسوں کے پاس آیا اور ان خشک لبوں کو تر کرتا گیا۔ ایک ہی مجلس ہوتی، ایک ہی موسم ہوتا، ایک ہی سماں ہوتا، ادھر ہونٹ ہلتے ادھر کانوں میں ارتعاش ہونے لگتا۔ ادھر آنکھیں اٹھتیں، ادھر نظروں میں داخل ہوتیں۔ یہ کیف و مستی کی محفل بے مثال تھی۔ کیونکہ اس سے قبل آسمان نے ایسا نظارہ نہ دیکھا تھا۔ تاریخ کے اوراق خاموش تھے، یک بیک یہ کیا ماجرا گزرا کہ فاصلے ختم ہو گئے، دوریاں مٹ گئیں۔ آج ہجر کا لازوال شیریں پھل ہم نے کھایا۔ آج دعاؤں کی قبولیت کا ایسا نشان ہم نے دیکھا جو اور کسی نے نہ دیکھا تھا۔ آج ہجر کے بند دروازوں کے پٹ کھلنے لگے جہاں سے نور اور روشنی نمودار ہوئی جو تاریکی کے پردوں کو چاک کرنے لگی اور ہر طرف غموں اور دکھوں کو خوشیوں اور مسرتوں میں تبدیل کرنے لگی۔

ابھی ہجرت کے آٹھ سال ہی مکمل ہوئے تھے کہ پیارے آقا کی ایک قسم کی واپسی کی راہ ہموار ہو گئی۔ ایک مرتبہ پہلے بھی ہجر کی رات آٹھ سال بعد ایک عظیم الشان فتح کی نوید لئے ختم ہوئی تھی۔ آج پھر آٹھ سال بعد ایک قسم کی واپسی ہوئی۔

ہر جمعہ کے بعد اگلے کا شدت سے انتظار ہونے لگا۔ یہ انتظار تکلیف دہ بھی تھا اور ولولہ انگیز بھی۔ ہر جمعہ ملاقات کی تیاریاں شروع ہو جاتیں۔ یہ جمعہ کا دن کتنا پیارا لگنے لگا۔ آج جمعہ کے لفظ کا مطلب سمجھ میں آیا اور جمعہ کی عملی تصویر دنیا کے سامنے روشن ہوئی۔

بے مثال نظارہ

اگلے سال کا جولائی ایک اور خوشخبری لے کر آیا جو اپنی مثل آپ تھی۔ ۳۱ر جولائی ۱۹۹۳ء کا دن بھی ہمیشہ تاریخ کے اوراق میں جگمگاتا رہے گا کیونکہ آج کے دن کی راہ گزشتہ آسمانی صحیفے بھی تک رہے تھے۔ تاریخ عالم کا بے مثل واقعہ رونما ہوا۔ آج ۸۴ ممالک کی دو لاکھ چار ہزار سے زائد سعید روحوں کو عالمی مواصلاتی نظام کے ذریعہ عشاق کے گروہ میں داخل ہونے کی سعادت ملی۔ آج ہر احمدی شاد تھا۔ اور خوشی سے پھولا نہ سماتا تھا۔ ہر کوئی ایک دوسرے کو مبارک باد دے رہا تھا۔ مٹھائیاں بانٹی جا رہی تھیں۔ سجدات شکر بجا لائے جا رہے تھے۔ بچے کیا اور بوڑھے کیا، عورتیں کیا اور مرد کیا سب ہی خوشی سے اچھل رہے تھے۔ اب سینکڑوں، ہزاروں کی بات نہیں رہی اب لاکھوں کا دور شروع ہوا۔ سعید فطرت جوق در جوق ظلمتوں سے نکل کر آسمانی چراغ کی طرف لپکنے لگے۔ اس شیریں چشمہ سے آکر پیاس بجھانے لگے۔ اب تو ہر راہ سے فضل اور رحمت برسنے لگی۔ دنیا نے دیکھ لیا کہ چند سال قبل شروع ہونے والی جنگ کس شان سے جیتی گئی کہ دل حمد کے ترانے الاپنے لگتا ہے۔ کمزور اور نہتے مگر ایمان اور یقین کے زیور سے آراستہ دلوں کو فتح کرنے لگے اور ان کی رفتار پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ گئی۔

تاریخی خطبہ

براہ راست نشر ہونے والا خطبہ جمعہ آہستہ آہستہ پھیلنے اور پھولنے لگا۔ مورخہ ۷ر جنوری ۱۹۹۴ء کو MTA کی باقاعدہ نشریات کا آغاز ہوا۔ اب روزانہ کئی کئی گھنٹے روح کی سیرابی کے سامان ہونے لگے۔ مگر دن کا کچھ حصہ ابھی بھی محروم تھا۔ خدا تعالیٰ نے یہ محرومی بھی دور کر دی اور ۵ر اپریل ۱۹۹۶ء کا خطبہ جمعہ تاریخی خطبہ بن گیا جس میں یہ نوید مسرت سنائی گئی کہ اب ایم ٹی اے کا دائرہ پھیلتے پھیلتے چوبیس (۲۴) گھنٹوں پر محیط ہو گیا۔ اب دن کا کوئی لمحہ ایسا نہیں جو اس روحانی چشمہ سے محروم ہو۔ رات کی کوئی ساعت ایسی نہیں جس میں اس آسمانی مائدہ کی ڈش حاضر نہ ہو۔

عظیم الشان خوشخبری

ابھی تین ماہ ہی گزرے تھے کہ ایم ٹی اے نے اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ جلوہ دکھایا۔ ۷ر جولائی ۱۹۹۶ء کی رات بظاہر تو ایک تاریک رات تھی مگر اس کے بطن سے جنم لینے والا نور بے نظیر اور لازوال تھا۔ گھڑیوں نے رات کے چار بجنے کا اعلان کیا تو ساتھ ہی ایم ٹی اے نے اپنی نشریات گلوبل بیم کے ذریعہ نشر کرنی شروع کر دیں۔ اور ایم ٹی اے نے تقریباً ساری دنیا کو اپنی آغوش میں

لے لیا۔

پس ۲۹ را پریل ۱۹۸۴ء کو شروع ہونے والا سفر ترقیات کی منزلیں طے کرتا ہوا ایک عظیم الشان منزل پر ےرجولائی ۱۹۹۶ء کو پہنچا۔ یہ وہ منزل تھی جس سے سارا کرہ ارض جگمگانے لگا۔ مشرق و مغرب، شمال و جنوب کے فاصلے مٹ گئے، رنگ و نسل کا امتیاز ختم ہو گیا۔ وہ شخص جسے اس کی قوم نے دھتکار دیا تھا، جسے اپنے وطن سے بے وطن کر دیا، اس کے اپنے گھروں کے دروازے اس پر بند کر دئے، اس کے عزیز، اس کے پیاروں کو اس سے جدا کر دیا۔ اسے بارگاہ الٰہی نے کس شان سے قبول فرمایا کہ وہی شخص آج دنیا کے ہر گھر میں داخل ہو چکا ہے۔

ہوا کے دوش پہ لاکھوں گھروں میں در آیا
نکل گیا تھا جو گھر سے کبھی خدا کے لئے

آج دنیا کا ہر گوشہ، ہر خطہ، ہر علاقہ اس کی برکتوں سے فیضیاب ہے اس کا نورانی وجود ہر دیکھنے والے کی آنکھوں کے سامنے ہے۔ آج اس کی آواز ہر زندہ کان میں رس گھول رہی ہے۔ ہاں جو نہ سننا چاہے، نہ دیکھنا چاہے اس کا اپنا نصیب مگر فیض تو عام ہو چکا ہے۔

آج ہم دنیا کے سامنے ناز سے اپنا سر بلند کر سکتے ہیں کیونکہ خدا نے ہمیں وہ عظمت دی جو دنیا کی کسی قوم، کسی جماعت اور کسی طاقت کو نصیب نہیں۔ ہمیں وہ نعمت عطا کی جس سے غیر محروم ہیں۔ مگر ہمارے ماتھے اپنے رب کے حضور جھکے ہوئے ہیں کہ یہ سب اسی کی عطا ہے، اسی کی مہربانی ہے، اسی کا فضل ہے ورنہ ہماری کیا اوقات تھی۔

MTA کی برکات بڑھنے لگیں۔ یہ جہاں ہجر کی کڑی دھوپ میں ٹھنڈی چھاؤں کے ساتھ وصل کا شربت پلانے لگا وہاں ہر سال لاکھوں مُردوں میں زندگی کی روح پھونکنے لگا۔ گزشتہ سال ایک کروڑ سے زائد افراد اس عظیم شجر کی ٹھنڈی چھاؤں تلے آ جمع ہوئے۔ جس کی شاخیں دنیا کے ہر خطے تک پھیل چکی ہیں۔ اور جس کی جڑیں ۱۶۰ ملکوں میں مستحکم ہو چکی ہیں۔ پس اپریل کی کہانی دردناک حالات سے گزرتی ہوئی اب فتوحات اور انعامات کے بلند سلسلوں میں داخل ہو چکی ہے۔

ناز اور غم

۱۹۹۹ء کا اپریل بھی حسب سابق غم اور ناز کے جذبات کو انگیخت کرتے ہوئے طلوع ہوا۔ مگر اس مرتبہ ایک ایسا واقعہ رونما ہوا جو سارے گزشتہ زخموں پر نمک چھڑک گیا۔ "ناز بھی تھا اور غم بھی تھا"۔ اس اپریل کو ظالموں نے ہمارا بہت ہی پیارا، ہمارے پیارے کا پیارا، غلام قادر چھین لیا اور اس کا پاکیزہ خون دریا کے کنارے بڑی بے دردی سے بہا دیا۔ یقیناً یہ خون اس لائق تھا کہ اس کی خاطر بہتوں کا خون قربان ہو جائے کیونکہ اس میں حضرت مسیح موعودؑ کا مقدس خون بھی شامل تھا۔ ناز اس پر تھا کہ حضرت مسیح موعودؑ کے خاندان کو جانی قربانی سے بھی سرفراز کیا گیا۔ اور غم بھی ایسا تھا جو ہر کسی کو کھائے جا رہا تھا۔ پس ساری گزشتہ تاریخ آج پھر زندہ ہو گئی۔ آج پھر ربوہ اداس ہو گیا، ہر چہرہ اتر گیا، ہر شخص کھویا کھویا سا دکھائی دینے لگا۔ شکست پر شکست کھانے سے دشمن اور زیادہ ناکامیوں اور حسد کی آگ میں جلنے لگا۔ اور مایوسیوں کا شکار ہو کر ہر ناروا ہتھکنڈے پر اتر آیا ہے۔ مگر ہمارا مولیٰ زندہ ہے۔ آج نظریں ایک بار پھر آسمان کی طرف اٹھنے لگیں۔ دلوں سے بے اختیار یہ صدا بلند ہونے لگی کہ اے قادر! اے خدایا! گزشتہ ہر غم میں مداوا تو نے اس شان سے کیا جس کی نظیر نہیں ملتی۔ اس غم کا مداوا بھی اس شان سے کرنا کہ تیری قدرت کا عظیم الشان جلوہ ظاہر ہو کہ ہم سارے غموں کو بھول جائیں۔ تیری یہی سنت رہی ہے کہ جب دشمنوں نے نفوس پر حملہ کیا تو نفوس میں ایسی برکت ڈالی کہ ایک سے ہزاروں لاکھوں ہو گئے۔ پس آج بھی اس قدر ہمیں ترقی عطا فرما کہ گزشتہ تمام ریکارڈ ٹوٹ جائیں۔ ہاں اے ہمارے قادر خدا ہمارے سارے غموں کا مداوا کر دے۔

آخری التجا

اس ہجرت کے بہت شیریں پھل ہم نے کھائے ہیں۔ ہم نے تیری زمین میں بے شمار وسعت پیدا ہوتی ہوئی خود دیکھ لی۔ ہم نے خوف کو امن میں بدلتے ہوئے بارہا دیکھا ہے۔ ہم نے ہر مخالفت کی اٹھتی ہوئی لہر کو تیری غالب تقدیر کی چٹان سے ٹکرا کر پاش پاش ہوتے ہوئے بارہا مشاہدہ کیا۔ ہر سمت سے نئے نئے علاقے مفتوح ہوتے ہوئے ہم دیکھ رہے ہیں۔ تو اس رفتار کو اور بھی بڑھا دے۔ اب ایک قلق باقی ہے تو اسے بھی دور کر دے۔ ٹی وی کے واسطے کو بھی درمیان سے اٹھا دے اور روبرو ملاقات کے سامان کر۔

وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ

ابتلاء کے وقت کی دعا

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کو جب کوئی کٹھن امر درپیش ہوتا تو یہ دعا کرتے۔

اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں ابتلاء کی سختی سے اور بدبختی کی گرفت سے اور تقدیر کے شر سے اور دشمنوں کے اپنے خلاف خوش ہونے سے۔

(صحیح بخاری کتاب الدعوات باب التعوذ من جهد البلاء)

احمدی بچی کا قابلِ تقلید نمونہ

سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بچوں کی تربیت سے متعلق بارہا جماعت کو مختلف خطبات /خطابات و دیگر مواقع پر توجہ دلائی ہے ۔ اس سلسلہ میں آپ کا ایک نہایت تفصیلی خطبہ جمعہ وہ ہے جو آپ نے ۲۰/جون ۱۹۹۶ء کو مسجد بیت الرحمن واشنگٹن ، امریکہ میں ارشاد فرمایا ۔ یہ خطبہ جمعہ احمدی والدین اور بچوں کو خاص طورپر بہت غور اور توجہ سے باربار پڑھنا اور سننا چاہئے ۔ اس میں حضور ایدہ اللہ نے خصوصیت کے ساتھ مغربی ممالک اور ترقی یافتہ آزاد ممالک میں بسنے والے والدین کی رہنمائی کے لئے بہت اہم اور قیمتی نصائح فرمائی ہیں۔ اس میں حضور ایدہ اللہ نے فرمایا :

”پس اس معاشرے میں جہاں ماحول نیکیوں کے مخالف ہے جہاں بدیوں کو تقویت دینے والا ہے وہاں بچپن ہی سے نیکیوں سے ذاتی لگاؤ پیدا کرنا اور اس کے لئے روزمرہ کے مواقع سے فائدہ اٹھانا بہت ضروری ہے.......... دوسری بات جو سمجھانے کی ضرورت ہے وہ خود اعتمادی پیدا کرنا ہے- جیسا کہ میں نے بیان کیا جب بچے باہر سکولوں میں جاتے ہیں تو بعض لوگ ان کو حقارت سے دیکھتے ہیں ان کا مذاق اڑاتے ہیں لیکن ان میں اگر خود اعتمادی ہو اور ماں باپ ان کو پہلے سے سمجھا چکے ہوں کہ تمہاری نیکیوں پر سوسائٹی تمسخر اڑائے گی، تمہیں ذلیل نظروں سے دیکھے گی لیکن تم نے سر اٹھا کر چلنا ہے- اگر کہیں سر اٹھانا جائز ہے تو اس موقع پر سر اٹھانا جائز ہے اور لازم ہے کہ ہم اپنے بچوں کو بتائیں کہ تم کوڑی کی بھی پرواہ نہ کرو-جو چاہے دنیا کہتی پھرے جس طرح چاہے دیکھے تمہیں معلوم ہونا چاہئے کہ تمہارا کردار تب بنے گا کہ تم جن باتوں کو اچھا سمجھتے ہو انہیں کرنے کی جرأت رکھتے ہو.......... پس نیکی پر خوداعتمادی یہ بہت ضروری ہے اور اس خوداعتمادی کے فقدان کے نتیجے میں نسلیں تباہ ہو جاتی ہیں- پس جن بچوں کو آپ نے سوسائٹی میں بھیجنا ہے ان کو بتائیں کہ تمہاری عزت اور تمہاری اعلیٰ اقدار سچائی سے وابستہ ہیں- تمہاری عزت اور اعلیٰ اقدار گندگیوں سے مونہہ موڑنے سے وابستہ ہیں- سوسائٹی ایک طرف مونہہ کرکے جاتی ہے تم دوسری طرف مونہہ کرکے چلو اور اس میں تمہارا سر فخر سے اٹھنا چاہئے، ذلت کا احساس نہیں ہونا چاہئے- اگر نیکی کے ساتھ ذلت کا احساس ہو تو یہ نیکی کبھی بھی قائم نہیں رہ سکتی- پس اکثر خرابی یہاں بچوں میں اس وجہ سے پیدا ہوتی ہے کہ ان کو گھر میں نیکی میں عزت کا احساس نہیں بتایا جاتا- یہ نہیں بتایا جاتا کہ تم میں تو اس سے خود اعتمادی پیدا ہونی چاہئے ، تم اونچے ہو تم گھٹیا لوگوں سے شرماتے ہو- یہ تم کیا چیز ہو، کیا کبھی جانوروں سے بھی تم شرمائے ہو کہ جانور ہر قسم کی بیہودہ حرکتیں کر رہے ہیں اور تم انسانوں کی طرح چل رہے ہو- تمہیں جانوروں پر رحم تو آ سکتا ہے مگر جانوروں سے شرما نہیں سکتے- پس انسانی ماحول میں بھی جانور بس رہے ہیں اور جانور وہ جو مادر پدر آزاد ہیں، جانوروں سے بھی بے حیائیوں میں آگے بڑھ گئے ہیں ان کے سامنے تمہیں سر اٹھا کر چلنا ہے-

یہ وہ تکبر ہے جس میں حقیقت میں بنیادی طور پر انکساری ہے کیونکہ خدا کی خاطر آپ اپنا سر اٹھا رہے ہیں اور ایسے موقع پر آنحضرت ﷺ سے بھی ثابت ہے کہ بعض دفعہ نیکیوں کا اثر ڈالنے کے لئے سر اٹھانا ہی نیکی بن جایا کرتا ہے- اپنی اعلیٰ اقدار پر سر اٹھا کر چلیں کوڑی کی بھی پرواہ نہ کریں کہ کوئی آپ کو کس طرح دیکھتا ہے اور کیا سمجھ رہا ہے- یہ احساسِ خود اعتمادی گھر میں بچپن میں

”میرا نام عطیۃ الغالب ہے اور میں اس وقت St.Francis Catholic College میں کلاس 9th کی طالبہ ہوں- میں اپنے والدین کے ہمراہ اگست ۱۹۹۶ء میں آسٹریلیا آئی تھی کیونکہ میرے والد صاحب (مسعود احمد شاہد) کا بطور مربی سلسلہ عالیہ احمدیہ یہاں تقرر ہوا تھا۔

آسٹریلیا آکر میں نے 4th کلاس سے اپنی تعلیم کا آغاز کیا۔ دوران تعلیم شروع شروع میں مجھے کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا کیونکہ یہاں کے ماحول اور ہمارے اسلامی ماحول میں بہت فرق ہے۔ جبکہ میں ایک احمدی مسلمان لڑکی کے طور پر سکول میں اپنے آپ کو متعارف کروانا چاہتی تھی اور انہیں روایات کو لے کر آگے بڑھنا چاہتی تھی جو کہ ایک احمدی مسلمان بچی کی شایان شان ہوتی ہیں اور جن کی ہمارے پیارے حضور ہم احمدی بچوں سے توقع رکھتے ہیں۔ ان روایات میں سب سے بڑھ کر میرا لباس تھا۔ میری ہر وقت یہ کوشش رہتی تھی کہ میں اسلامی باپردہ لباس میں سکول جاؤں۔ اور سکول میں میری سیٹ بھی لڑکوں کی بجائے لڑکیوں کے ساتھ ہو۔ مزید یہ کہ جمعہ کے روز مجھے جمعہ پڑھنے کی اجازت بھی مل جائے ۔ سکول میں داخل ہوتے ہی میں نے پہلا کام یہ کیا کہ محترم پرنسپل صاحب سے پورا لباس پہننے، جمعہ پڑھنے اور میوزک کلاس میں شامل نہ ہونے کی اجازت لے لی۔ اس کے علاوہ کلاس کے اندر اپنی کلاس ٹیچر کو بھی بتادیا کہ میری سیٹ آپ لڑکیوں کے ساتھ مقرر کریں۔ دو تین مرتبہ جب میں نے اسے کہا تو ٹیچر نے ذرا غصہ سے کہا کہ تم کون ہو؟ میں نے کہا کہ میں ایک احمدی مسلمان لڑکی ہوں اور ہمارا مذہب ہمیں لڑکوں کے ساتھ کھلم کھلا میل جول کی اجازت نہیں دیتا۔ اس ٹیچر نے کہا کہ یہاں اور بھی بہت ساری مسلمان لڑکیاں پڑھتی ہیں مگر انہوں نے کبھی اس طرح نہیں کہا جس طرح تم کہتی ہو۔

پیدا کرنا ضروری ہے- اگر آپ نے نہ کیا تو پھر بارہ، چودہ، پندرہ سال کے بعد بالکل آپ کا بس نہیں رہے گا- آپ کو اختیار نہیں رہے گا- پھر دنیا کی لذتیں ان کو اس عمر میں اپنی طرف اس طرح کھینچیں گی کہ ان کے نزدیک خود اعتمادی کا کوئی سوال باقی نہیں رہے گا"-

اس زمانہ میں جماعت احمدیہ مسلمہ خداتعالیٰ کے فضل سے اسلامی روایات کی امین ہے اور دنیا بھر میں مخلص احمدی مرد و زن اعلیٰ دینی اقدار کی پاسبانی میں اور اپنے نیک نمونہ کے ساتھ عَلَمِ اسلام کو بلند کئے ہوئے ہیں۔ اہل مغرب کی طرف سے عموماً اعتراض کیا جاتا ہے کہ پردہ مسلمان عورتوں کی ترقی میں روک ہے۔ مگر احمدی مسلمان بچیاں باپردہ ہو کر اعلیٰ تعلیم حاصل کر کے اور مختلفِ علوم و فنون میں مہارت حاصل کرکے اس اعتراض کا عملی جواب دیتی ہیں کہ پردہ نہ صرف یہ کہ ان کی عزت و عصمت کی حفاظت کا ایک ذریعہ ہے بلکہ یہ ہر گز ان کی ترقیات میں کوئی روک نہیں بنتا۔

اسی قسم کی ایک سرگزشت ہمیں عزیزہ عطیۃالغالب بنت مکرم مسعود احمد صاحب شاہد نے آسٹریلیا سے بھجوائی ہے۔ ہمیں امید ہے کہ احمدی بچیاں ہر جگہ ایسے ہی نیک نمونے قائم کررہی ہیں۔ ان سب کے لئے دعا کی تحریک کے ساتھ یہ مضمون ہدیۂ قارئین ہے۔ (مدیر)

اس پر مَیں نے کہا کہ مَیں ان سے مختلف ہوں، مَیں **ایک احمدی مسلمان لڑکی ہوں**۔ میرا جواب سن کر وہ ٹیچر تو خاموش ہو گئی اور اس نے میری سیٹ بھی مستقل لڑکیوں کے ساتھ کردی۔ مگر کلاس نے بھی مستقل لڑکیوں کے ساتھ کردی۔ مگر کلاس نے میرا بائیکاٹ کردیا۔ کوئی لڑکی میرے ساتھ بات کرنے کو تیار نہ تھی۔ کچھ دن تو اسی طرح ہوتا رہا۔ مگر مجھے ذاتی طور پر کوئی پریشانی نہیں تھی کیونکہ مَیں یہ سب کچھ اپنی خوشی سے اپنی مذہبی اقدار کو رواج دینے کی خاطر کر رہی تھی مگر اس بات کو سمجھنے سے قاصر تھی کہ آخر یہ لوگ میرے اس طرح کرنے کو Mind کیوں کرتے ہیں؟

آخر ایک دن مَیں نے گھر آکر اپنے والدین سے اس کا ذکر کیا تو انہوں نے مجھے کہا کہ تم سورۃ فاتحہ اور درود شریف پڑھ کر دعا کیا کرو۔ اللہ تعالیٰ ضرور ان کے دلوں کو بدل دے گا اور وہ خود بخود تمہاری دوست بن جائیں گی۔ اس سے مجھے بڑا حوصلہ ملا۔ چنانچہ اگلے ہی روز سکول میں جب لنچ ٹائم کے دوران مَیں اکیلی بیٹھی ہوئی تھی تو مَیں نے سورۃ فاتحہ اور درود شریف پڑھ کر خاص توجہ سے خداتعالیٰ کے حضور دعا کی تو مَیں نے یوں محسوس کیا کہ اب مَیں اکیلی نہیں ہوں بلکہ خداتعالیٰ کے فرشتے میرے ہمراہ ہیں۔ اور اس وقت میری حیرت کی انتہا نہ رہی جب میری کلاس کی وہ لڑکیاں جو سب سے زیادہ میرے نظریات کی مخالف تھیں میرے پاس آئیں اور کہا کہ آؤ ہم تمہاری دوست ہیں۔ ہمارے ساتھ کھیلو اور یہ کہ اب ہم بھی لڑکوں کو اپنے گروپ میں نہیں رکھیں گی۔ قبولیت دعا کے اس عظیم الشان معجزے نے میرے ایمان کو اس وقت اور زیادہ تقویت بخشی جب میں کلاس میں گئی تو ٹیچر نے مجھے کھڑا کر کے میرا تعارف پوچھا۔ میرے تعارف کرانے پر اس نے پوری کلاس کو مخاطب کر کے کہا کہ مجھے اب اس لڑکی کا مذہب سب سے اچھا لگتا ہے۔

اس دن کے بعد سے تمام کلاس اور ٹیچرز میرا خاص احترام کرتے ہیں۔ گھر آتے ہی مَیں نے یہ تمام باتیں بذریعہ خط حضور انور ایدہ اللہ کی خدمت میں لکھ دیں۔ حضور کی طرف سے مجھے بڑا ہی پیارا دعائیہ خط موصول ہوا۔

اب اس وقت مَیں کیتھولک کالج میں 9th کلاس میں ہوں۔ پورا لباس پہنتی ہوں اور سر پر سکارف اوڑھ کر جاتی ہوں۔ انہوں نے مجھے سکول ہی میں نماز پڑھنے کی اجازت دے رکھی ہے۔

سکول کے اندر ان کا عام دستور ہے کہ مرد عورتوں کے ساتھ اور عورتیں مردوں کے ساتھ ہاتھ ملاتی ہیں۔ مگر مَیں نے پہلے دن ہی جب پرنسپل نے میری طرف ہاتھ بڑھایا تھا تو کہہ دیا تھا کہ سوری (Sorry) ہم مردوں کے ساتھ ہاتھ نہیں ملاتیں۔ میرے اس طرح کہنے سے اس نے ایک ٹیچر کو مقرر کیا کہ وہ تمام Subject کلاسز میں میرا تعارف کراتے وقت یہ بھی کہہ دے کہ اس کے ساتھ کوئی ہاتھ نہ ملائے۔ اس کالج کے اندر باقاعدہ ایک Religious کلاس ہوتی ہے اس میں میرا ٹیچر میرے سے اسلام کے بارہ میں بہت سوالات کرتا ہے۔ اگرچہ میری اس کلاس میں اور بھی بہت ساری مسلمان لڑکیاں ہیں مگر ٹیچر کی مطمح نظر صرف مَیں ہی ہوتی ہوں۔ میرے جواب دینے سے ٹیچر اتنا متاثر ہوتا ہے کہ وہ کئی بار مجھے کہہ چکا ہے کہ میرا خیال ہے یہ کلاس آپ لیا کریں۔ کل مَیں نے ساری کلاس کو کلمہ طیبہ باترجمہ سکھایا تھا۔ وہ میرے عربی بولنے کے انداز سے بڑے خوش ہوتے ہیں۔

اس کے علاوہ مَیں جو بھی اپنے Assignments لکھتی ہوں اس کے ٹائٹل پیج کو کلمہ طیبہ، بسم اللہ اور دوسری اسلامی دعاؤں سے مزین کرتی ہوں جو کہ میرے اساتذہ کے لئے ایک نئی چیز ہوتی ہے۔ وہ بڑی دلچسپی سے اس کو پڑھتے ہیں۔ کل بطور ایک اسلامی لڑکی انہوں نے میرا انٹرویو لیا ہے۔ اب میرے Religious ٹیچر نے مجھ سے کہا ہے کہ اپنے مذہب کے عقائد سے متعارف کرواؤ"۔

(الفضل انٹرنیشنل — ۱۵؍جون ۲۰۰۱ء تا ۲۱؍جون ۲۰۰۱ء)

"اس سلسلہ کو خداتعالیٰ نے تقویٰ ہی کے لئے قائم کیا ہے کیونکہ تقویٰ کا میدان بالکل خالی ہے پس جو متقی بنیں گے ان کو معجزے کے طور پر بچایا جائے گا۔"
(الحکم ۱۷ جنوری ۱۹۰۳ء)

بسلسلہ مقدمات کے پسِ منظر میں

ایک تاریخی حادثہ

تحریر: ملک محمود مجید خان (ویسٹن ساؤتھ)

یاد اک زخم بن گئی ورنہ
بھول جانے کا کچھ خیال تو ہے

ایک مقدمہ سرکار بنام وسیم احمد وغیرہ زیرِ دفعہ 307 تعزیراتِ پاکستان ربوہ تھانہ میں درج ہوا۔ جس کے واقعات مندرجہ ذیل ہیں۔

مؤرخہ 25 جون 1984ء رات گیارہ بجے شب وسیم احمد انور اور مبارک احمد سلیم دو نوجوان قریشی محمد افضل کے مکان کی چھت پر حفاظت بنگلہ کے لئے موجود تھے۔ کہ انہوں نے مکان کے نیچے سے دھوا ں سا اٹھتا ہوا دیکھا۔ وہ نیچے کی طرف دوڑے۔ تو انہوں نے تین اشخاص کو دیکھا۔ جو دروازے کو آگ لگا کر جا رہے تھے۔ ان میں سے ایک مولوی اللہ یار ارشد رنگے ہاتھوں پکڑا گیا۔ اور اس کے بقیہ دو ساتھی سکوٹر پر سوار ہو کر بھاگ گئے۔ مٹی کے تیل کا کنستر اور ایک ٹوٹی ہوئی بوتل بھی موقع پر پکڑی گئی۔ ربوہ کی پولیس کو فوراً مطلع کیا گیا۔ اُن دنوں مخالفت زوروں پر تھی۔

حکومت اور پولیس دونوں احمدیوں کے سخت خلاف ہو چکے تھے۔ لہذا بجائے اس کے کہ مولوی اللہ یار ارشد اور اس کے ساتھیوں کے خلاف مقدمہ درج ہوتا۔ پولیس نے وسیم احمد اور مبارک احمد کے خلاف مقدمہ درج کر کے ان کو گرفتار کر لیا۔ اس واقعہ سے ملتی جلتی رپورٹ پولیس نے از خود مرتب کر لی۔ جس میں حقائق کے برعکس کہانی یہ گھڑی گئی۔ کہ وقوعہ کے وقت مولوی اللہ یار ارشد اس وقت سائیکل پر سوار قریشی محمد افضل کے بنگلہ کے قریب سے گذر رہا تھا۔ کہ اس کو وسیم احمد انور اور مبارک احمد سلیم نے پکڑ کر اغواء کر کے بنگلہ میں لے جا کر مارا پیٹا اور ان کے ہمراہی ملزمان حکیم خوشید احمد، چوہدری ظہور احمد باجوہ خواجہ مجید احمد اور چوہدری عبد العزیز بھامبڑی بھی شاملِ جرم تھے۔ اس کو مارتے پیٹتے پولیس تھانہ لے جا رہے تھے۔ کہ راستہ میں پولیس مل گئی۔ مولوی اللہ یار ارشد کو چنیوٹ ہسپتال میں داخل کر لیا گیا۔ اور مبارک احمد سلیم اور وسیم احمد انور کو گرفتار کر کے تفتیش میں شامل کر لیا گیا۔ اسی طرح چوہدری ظہور احمد باجوہ۔ خواجہ مجید احمد اور حکیم خورشید احمد مرحوم کو ہمراہی ملزمان میں شامل کرتے ہوئے گرفتار کر لیا گیا۔ اک طرفہ تماشہ یہ ہو کہ عبد العزیز بھامبڑی (مرحوم و مغفور) ان دنوں کوئٹہ گئے ہوئے تھے پھر بھی ان کا نام ملزمان میں شامل کر لیا گیا۔ تفتیش کے دوران وسیم احمد انور اور مبارک احمد سلیم پر پولیس نے بے حد تشدد کیا۔ اور ان کو جسمانی اذیت پہنچائی گئی۔

خاکسار کو اس مقدمہ کی پیروی کے لئے لاہور مطلع کیا گیا۔ 27 جون 1984ء کو خاکسار نے A.C. چنیوٹ مسٹر سمیع اللہ عابد مجسٹریٹ دفعہ 30 کی عدالت میں چوہدری ظہور احمد باجوہ وغیرہ کی ضمانت کی درخواست گذاری۔ جو 28 جون کو برائے سماعت مقرر ہوئی۔ چنیوٹ اور ربوہ میں اللہ یار ارشد کے ہسپتال میں داخلے کی خبر دور و نزدیک کے گاؤں میں بھی پھیل چکی تھی۔ ختمِ نبوت چنیوٹ کے ارکان نے اس واقعہ کی بڑھا چڑھا کر تشہیر کر رکھی تھی۔

خاکسار سرائے محبت گیسٹ ہاؤس ربوہ میں قیام پذیر تھا۔ محمود احمد بنگالی صدر مجلس خدام الاحمدیہ سے 28 جون کی صبح کا پروگرام طے کرتے وقت خاکسار نے چنیوٹ میں سماعت کے دوران اپنے خدشہ کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کر دی تھی۔ کہ حفاظتی انتظام صدر صاحب کے سپرد ہوگا۔ جو وقتِ عدالت سے قبل حالات کا جائزہ لے لیں گے۔ تاکہ ہم اطمینان سے مقدمہ کی پیروی کر سکیں۔ اور ہمیں حالات سے مطلع رکھیں گے۔ مگر صدر صاحب کو یہ فکر بھی لاحق تھی۔ کہ راستہ میں ہی کوئی حادثہ نہ ہو جائے۔ اس لئے طے یہ ہوا۔ کہ خدام کی گاڑی آگے آگے چلے گی۔ اور ہم ان کے پیچھے پیچھے چلیں گے۔ خاکسار اپنی گاڑی پر فائلیں۔ کتابیں اور کوٹ وغیرہ رکھ کر تیار ہو گیا۔ اور 28 جون کو ہمارا یہ چھوٹا سا قافلہ عدالت کے وقت سے کچھ پہلے چنیوٹ پہنچ گیا۔ صدر خدام الاحمدیہ کے ہمراہ 8-10 خدام ایک وین میں تھے۔ جنہوں نے اپنی یہ وین عدالت کے کمرہ سے کچھ فاصلہ پر پولیس کے دفتر کے قریب کھڑی کر دی۔ مقدمہ کی پیروی کے لئے خاکسار اور خواجہ سرفراز احمد (مرحوم) مقرر تھے۔ ہمارے ہمراہ مشیر قانونی مبارک احمد طاہر ناظم جائیداد چوہدری صلاح الدین اور کلرک دفتر مشیر قانونی صداقت احمد اور فرزند علی ڈرائیور حکیم خورشید احمد بھی الگ گاڑی میں سوار تھے۔

خاکسار نے اپنی گاڑی حفظِ ماتقدم کے طور پر عین کمرۂ عدالت کے سامنے سڑک پر پارک کر دی۔ کیونکہ اس سے محفوظ کوئی اور جگہ خیال نہیں کی جا سکتی تھی۔ کمرۂ عدالت کے سامنے سڑک کے پار دیوانی عدالتیں اور وکلاء کے دفاتر واقع تھے۔ کچھ فاصلے پر چنیوٹ پولیس کا دفتر تھا۔ جہاں ڈی۔ ایس۔ پی و دیگر عملہ موجود تھا۔

جب ہم عدالت میں پہنچے۔ تو ریڈر۔ چپڑاسی اور نائب کورٹ وغیرہ کا عملہ موجود تھا۔ عدالت کے شروع ہونے میں ابھی کچھ منٹ باقی تھے۔ ہمیں ریڈر نے

مطلع کیا۔کہ عدالت آنے والی ہے۔لہذا انتظار کریں۔

گرمیوں کے دن یعنی جون کا مہینہ تھا۔عدالت میں پنکھا چل رہا تھا۔اس لئے وکلاء کے لئے موجود کرسیوں پر بیٹھ کر ہم لوگ انتظار کرنے لگے۔چند لمحے بعد میں نے دیکھا۔کہ کچھ نوجوان ایک ایک دو دو کرکے عدالت کے باہر درخت کے نیچے اکھٹے ہونے شروع ہو گئے۔مجسٹریٹ سیکشن30 کی کھلی عدالت ہوتی ہے۔اور دیگر مقدمات میں اور لوگوں کی پیشیاں سماعت کے لئے مقرر ہوتی ہیں۔لہذا مجرمان ۔گواہان و دیگر مطلوبہ اشخاص کی آمد بھی جاری رہتی ہے۔اور مجمع لگا ہی رہتا ہے۔اس لئے ہم نے بھی کوئی توجہ نہ دی۔عدالت سے باہر جب کافی لوگ جمع ہو گئے اور اونچی اونچی آوازیں بلند ہوئیں۔تو ہماری توجہ باہر درخت کے نیچے جمع اشخاص کی طرف ہوئی۔آوازے کسے جا رہے تھے۔کہ مرزائی کافر ہیں۔مرزائی آ گئے ہیں۔ادھر آوازے بلند ہونے لگے۔ادھر عدالت سے ریڈر۔آواز دینے والا چپڑاسی اور نائب کورٹ وغیرہ ایک ایک کرکے کمرہ عدالت سے باہر نکل گئے۔چار پانچ آدمی موٹے تازے کمرہ عدالت میں آ گئے اور ہم سے مخاطب ہو کر کہنے لگے۔کہ آپ مرزائی ہیں اور عدالت مسلمان ہے۔یہاں پر آپ لوگ نہیں بیٹھ سکتے۔یہاں سے باہر نکل جائیں۔کمرہ عدالت سے باہر25/30 آدمی اکھٹے ہو چکے تھے۔لہذا ہمارا شک یقین میں بدل گیا۔کہ یہ کسی سازش کے ماتحت عدالت میں آئے ہیں۔کیونکہ عملہ عدالت ان سے پہلے ہی کمرہ چھوڑ کر جا چکا تھا۔حالانکہ وقت عدالت شروع ہو چکا تھا۔اور مجسٹریٹ جان بوجھ کر لیٹ ہو رہا تھا۔

ہم نے انہیں سمجھانے کی ناکام کوشش کی۔کہ عدالت تو ہر پاکستانی کے لئے یکساں ہے۔اور ہم جھگڑا کرنا نہیں چاہتے۔مگر وہ تو آئے ہی جھگڑنے کے لئے تھے۔لہذا نوبت ہاتھا پائی تک پہنچ گئی۔وہ ہمیں پکڑ کر باہر کی طرف کھینچنے لگے۔باہر ماحول اور زیادہ خطرناک نظر آنے لگا۔اس لئے ہم نے یہی مناسب سمجھا۔کہ باہر کے ماحول سے کمرہ عدالت زیادہ محفوظ ہے۔لہذا ہم نے بھی دفاعی عمل شروع کر دیا اور ان کو باہر نکالنے لگے۔لڑائی دست بدست شروع ہو گئی۔ہم تمام کمرے کی چٹخنیاں اور کنڈیاں لگاتے گئے۔اور لڑتے گئے۔خاصی باکسنگ ہوتی رہی۔آخر کار ہم ان کو کمرہ عدالت سے باہر دھکم پیل کر کے نکال رہے تھے۔کہ آخری دروازہ میں ایک موٹا پہلوان ٹائپ شخص صداقت احمد کو پکڑے ہوئے تھا۔ہم صداقت کو اندر کھینچ رہے تھے۔اور وہ باہر زور لگا رہا تھا۔صرف یہ ایک ہی دروازہ رہ گیا تھا۔جونہی اس نے صداقت احمد کو باہر گھسیٹا۔ہم نے اندر سے دروازہ بند کر لیا اور کنڈی لگا لی۔

کمرہ عدالت سے کچھ فاصلہ پر مولوی منظور چنیوٹی کا مدرسہ تھا۔وہاں سے مزید لوگ آ گئے۔دو تین وکلاء بھی تھے۔سامنے قصائیوں کا محلّہ تھا۔جو چنیوٹی کے الیکشن کے ووٹر تھے۔سب جمع ہو گئے۔ہم نے کھڑکی سے دیکھا۔وہ نعرے بلند کر رہے ہیں۔مولوی منظور چنیوٹی خود بھی نعرے بازی کر رہا تھا۔

باہر صداقت احمد اور حکیم خورشید احمد کا ڈرائیور فرزند علی بیچارے قابو آ گئے۔اور انہوں نے ان کو مارنا پیٹنا شروع کر دیا۔یہ بے حد زخمی ہو کر ادھموئے ہو گئے۔ باقی کے لوگ کمرہ عدالت پر حملہ آور ہوئے۔سنگ باری شروع ہو گئی۔وہ خاکسار کی کار کے شیشے توڑ رہے تھے۔کتابیں اور کوٹ وغیرہ پھاڑ رہے تھے۔اور بے شمار پتھراؤ کمرہ عدالت کے دروازوں پر کر رہے تھے۔اور ہم یہ ہنگامہ بڑے اطمینان سے کمرہ عدالت میں کھڑے دیکھتے رہے۔حملہ آوروں نے آوازیں بلند کیں۔کہ مرزائیوں کو کمرہ عدالت سے نکال کر قتل کر دو۔کچھ لوگ ہاکیوں اور چھریوں وغیرہ سے بھی مسلح ہو کر آ گئے۔میں نے چوہدری صلاح الدین صاحب سے کہا کہ وقت آ گیا ہے۔مر گئے تو شہید زندہ رہے تو غازی!

چوہدری صلاح الدین لاء کالج میں میرے کلاس فیلو بھی رہے تھے اور میرے بڑے پیارے مخلص دوست بھی تھے۔وہ کہنے لگے۔کہ" ملک صاحب میرے پاس پستول ہے فکر نہ کریں۔میں کسی کو آپ تک پہنچنے نہیں دوں گا۔" ہم ایک دوسرے کو دیکھ کر مسکرا رہے تھے۔اور نظارہ ایسا تھا۔کہ کسی وقت بھی وہ دروازہ توڑ کر ہمیں ختم کر دیں گے۔لمحہ بہ لمحہ خطرہ بڑھتا جا رہا تھا۔لیکن شائد قدرت ہماری حفاظت کرنا چاہ رہی تھی۔نہ جانے کس وقت خواجہ سرفراز احمد صاحب ایڈووکیٹ (مرحوم و مغفور) عدالت کے پچھلے دروازے سے نکل کر سامنے کچہری میں چلے گئے۔اور وہاں سے کسی عدالت کے ٹیلی فون پر S.P. جھنگ کو اس ہنگامے کی اطلاع کر دی اور کہا۔کہ کمرہ عدالت میں لاہور ہائی کورٹ کے وکیل اور دیگران کے ہمراہی جلوس کے گھیرے میں ہیں اور کسی وقت بھی قتل و غارت ہو سکتی ہے۔S.P. جھنگ نے چنیوٹ DSP پولیس کو خبردار کیا۔کہ اگر کمرہ عدالت میں گھرے ہوئے اشخاص کو کوئی نقصان پہنچا تو تم اور تمہارا عملہ ذمہ دار ہوگا۔(یہ سب ہمیں بعد میں پتہ چلا۔)

ہم نے دیکھا کہ کمرہ عدالت کو حملہ آور چاروں طرف سے گھیر کر پتھراؤ کے علاوہ ہاکیوں اور لاٹھیوں سے دروازے توڑ رہے تھے۔کہ پولیس آنسو گیس اور رائفلوں سے لیس موقع پر آ گئی۔اور ہجوم کو کنٹرول کرنا شروع کر دیا۔عجیب بھیانک سماں تھا۔15/20 منٹ میں ہنگامہ کم ہوا۔تو ایک تھانیدار نے عدالت کے پچھلی طرف سے دروازہ کھٹکھٹایا اور ہمیں باہر آنے کو کہا۔میں نے عرض کیا۔کہ ہم باہر نہیں آئیں گے۔مجسٹریٹ صاحب کو بلائیں۔ہم پیشی بھگت کر ہی جائیں گے۔مگر وہ مصر تھا۔کہ اب کوئی کاروائی نہیں ہونے والی۔لہذا آپ باہر نکل آئیں۔تاکہ ہم آپ کو حفاظت سے ربوہ اپنی نگرانی میں پہنچائیں۔ہمارے انکار پر اس نے DSP کو بلا لیا۔جنہوں نے ہمیں کافی تسلی دی۔کہ پولیس کی گاڑی موجود ہے۔آپ دروازہ کھول دیں اور باہر تشریف لے آئیں۔لہذا ہم باہر نکل آئے۔میری گاڑی ٹوٹ پھوٹ چکی تھی۔تمام کاغذات اور میرا کالا کوٹ پھاڑ کر پھینک دیئے گئے تھے۔ہمیں پولیس کی جیپ میں

بحفاظت ربوہ تھانہ پہنچا دیا گیا۔ جہاں پر میں نے FIR لکھوانے کے لئے کہا۔تو تھانیدار نے کہا۔کہ بیان لکھ کردے دیں۔لہذا ایک کاغذ پر تمام واقعہ کی تفصیل لکھ کردے دی۔بعد میں پتہ چلا۔کہ یہ سب پولیس کی کاغذی کاروائی تھی۔کوئی FIR درج نہ کی گئی تھی۔اور عدالت میں بھی ہنگامہ ایک سوچی سمجھی سازش سے برپا کیا گیا تھا۔اس ہنگامے کے بعدہمیں پتہ چلا۔کہ ہمارے جانے کے فوراً بعد باقاعدہ عدالت لگائی گئی۔ اور ہمارے کیس میں ضمانت کی درخواست پر بحث کے لیے آواز دلائی گئی۔ اور عدالت نے حکم لکھا کہ کوئی حاضر نہیں ہوا ہے۔ لہذا درخواست ضمانت خارج کی جاتی ہے۔ یہ حکم سراسر جھوٹ اور کذب بیانی پر **مبنی** تھا۔ ایسا واقعہ میری ۳۳ سالہ وکالت میں کبھی پیش نہیں آیا تھا۔ اور وکالت کی تاریخ میں بھی ایسا حادثہ کمرہ عدالت میں کبھی پیش نہیں ہوا تھا۔جو پاکستان کی کھلی عدالت کی مرضی اور باقاعدہ سازش کے ساتھ رونما ہوا۔

اس حادثے کے متعلق لاہور ہائی کورٹ۔ہوم سیکرٹری پنجاب اور اعلیٰ حکام نیز مارشل لاء ہیڈ کوارٹر میں ٹیلی گرام دی گئیں۔مگر یہ ایسا وقت تھا۔کہ اس ملک میں احمدیوں کی فریاد کوئی بھی سننے والا نہیں تھا۔

جب حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کو اس حادثے کا علم ہوا۔تو حضور نے رنجیدہ خاطر ہوکر خط تحریر فرمایا۔

تصویر کا ایک رخ

مسٹر سمیع اللہ عابد مجسٹریٹ دفعہ ۳۰ کے حکم کے خلاف سیشن کورٹ جھنگ میں اپیل دائر کی گئی۔اس وقت جھنگ کے سیشن جج چوہدری نفیس احمد باجوہ مقرر ہو چکے تھے۔جو خاکسار کے کلاس فیلو اور پریکٹس کے دوران باوجود مخالفت کے دوستی کا دم بھرتے تھے۔سرکاری وکیل کو نوٹس ہوا اور تاریخ ۱۱ جولائی ۱۹۸۴ء برائے سماعت مقرر ہوئی

خاکسار ایک دن قبل ربوہ پہنچ جایا کرتا تھا۔ تا کہ دوسرے دن وقت پر پیروی شروع کی جا سکے۔لہذا صبح سات بجے(۱۱ جولائی کو) جب ہم ناشتہ کرکے فارغ ہوئے۔تو پولیس کی دو جیپیں سرائے محبت مہمان خانے آ گئیں۔اور پولیس انچارج نے کہا۔کہ ہمیں حکم ہے۔کہ احمدی وکلاء کو بحفاظت جھنگ پہنچایا جائے۔نیز یہ بھی اطلاع ملی۔کہ چنیوٹ سے ہمارے مخالفین بھی جھنگ روانہ ہورہے ہیں۔اور بتایا گیا۔کہ چنیوٹ سے جھنگ جانے کا راستہ بھی ہمارے لئے خطرناک ہے۔چنانچہ ہمارا قافلہ براستہ لالیاں۔پل سندھیائی جھنگ کو روانہ ہوا۔جب ہم جھنگ شہر کے علاقہ میں داخل ہوئے۔ تو ایک مجسٹریٹ کے ساتھ پولیس گارڈ کا دستہ ہمارا منتظر تھا۔وہاں پہنچ کر چنیوٹ کے عملہ کو فارغ کر دیا گیا۔اور جھنگ کے عملہ نے چارج لے لیا۔اور شہر میں داخل ہوگئے۔راستہ میں ہر چوک میں پولیس موجود تھی۔اور ایسا معلوم ہوتا تھا۔کہ جیسے ہم کوئی بیرون ملک کے نمائندہ وفد ہیں۔اور ہمارا سپیشل انتظام بطور VIP کیا گیا ہے۔یہ قافلہ سیشن جج صاحب کی عدالت کے پچھلی طرف جا کر رکا۔اور پولیس اور مجسٹریٹ نے مجھے سیشن جج صاحب کے ریٹائرنگ روم میں جانے کے لئے دروازے کی طرف اشارہ کیا۔میں دروازے کے اندر کمرہ میں داخل ہوا۔تو سیشن جج نفیس احمد باجوہ صاحب میرے منتظر تھے۔بڑے تپاک سے اٹھ کر ملے اور بڑے خلوص سے پوچھا۔کہ راستہ میں کوئی دقت تو پیش نہیں آئی۔معلوم یہ ہوا۔کہ یہ انتظام انہوں نے اپنے حکم سے کروایا تھا۔میں نے اس حسنِ سلوک کا شکریہ ادا کیا۔اور عدالت میں بیٹھنے کی اجازت چاہی۔انہوں نے کہا۔کہ میں ابھی آ جاتا ہوں۔آپ جا کر انتظار کریں۔ میرے ہمراہ مبارک احمد طاہر مشیر قانونی اور ان کا عملہ بھی عدالت میں بیٹھ گئے۔ کچھ دیر بعد عدالت کا کمرہ کھچا کھچ بھر گیا۔جن میں زیادہ تعداد وکلاء کی ہی تھی۔ سیشن جج صاحب نے ہنگامی حالات کے تحت تمام عدالتوں کا ایک گھنٹہ تک کام کرنا ملتوی کردیا تھا۔تا کہ وہ احمدیوں کا مقدمہ اولین فرصت میں سن کر فارغ ہو جائیں۔دورانِ سماعت وکلاء کے علاوہ عام پبلک کو کمرہِ عدالت میں آنے کی اجازت نہ تھی۔لہذا دیگر لوگ باہر جمع ہوتے گئے۔اور ایک جمِ غفیر اکٹھا ہو گیا۔چنیوٹ اور جھنگ کے مولویوں کا گروہ لوگوں کو اپنے ہمراہ لاکر عدالت سے باہر نعرے بازیوں میں مصروف تھا۔جس سے عدالت کے گھیراؤ کی سی صورت بن گئی۔تاہم اس ماحول میں بھی جج کے آتے ہی کمرہِ عدالت میں مقدمہ کی سماعت شروع کر دی گئی۔ مجھے اتنا یاد ہے۔کہ ایک طرف کمرہ عدالت وکلاء سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ اور ہم بحث کر رہے تھے۔اور دوسری طرف عدالت کے باہر مشتعل ہجوم پر پولیس لاٹھی چارج کر رہی تھی۔ مجھے تفصیلی بحث کرنے کے لیے ایک گھنٹہ سے بھی زیادہ وقت دیا گیا۔اگرچہ جج صاحب کو احمدیت اور احمدیت کی مخالفت کا کافی علم تھا۔مگر دوسرے حاضرین کو مجلسِ احرار۔مجلس ختمِ نبوت۔جماعتِ اسلامی اور قیامِ پاکستان کے وقت ان لوگوں کی مخالفت کے متعلق نیز احمدیت کی مخالفت شروع سے کیوں۔ کیسے اور کب ہوتی رہی۔علم نہ تھا۔لہذا اس کا پسِ منظر ضروری سمجھتے ہوئے بحث کی گئی۔

اس کے بعد ضمانت اور واقعات و دوسرے دلائل پیش کئے گئے۔بحث کے دوران دو تین دفعہ جج صاحب کو ٹیلی فون سننے کے لئے اپنے آرام کمرہ میں جانا پڑا۔ اور معلوم ہوا۔کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ مقدمہ کے التوا کے لئے زور ڈال رہا تھا۔وہ ہنگامی حالات اور نقصِ امن کے اندیشہ کے تحت مقدمہ ملتوی کرنے کی تاکید کر رہا تھا۔مگر سیشن جج صاحب بحث سننے اور فیصلہ کرنے کے مکمل موڈ میں تھے۔ اور ضمانت منظور کئے جانے میں کوئی امر مانع نظر نہ آتا تھا۔مگر حکومت اور افسر شاہی انصاف کا جنازہ نکالنے کے درپے تھے۔آخری فون پر SP اور ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے جج صاحب کو مطلع کیا۔کہ یہ مقدمہ مارشل لاء کو بھیج رہے ہیں۔اور مارشل لاء کے کیس

میں سول عدالت کو اختیار سماعت نہیں۔لہذا آپ پولیس فائل اور عدالتی فائل مارشل لاء ہیڈ کوارٹر کو بھیجنے کا حکم صادر فرمائیں۔آخری ٹیلی فون سننے کے بعد جج صاحب نے مایوسی اور افسردگی ظاہر کرتے ہوئے آخر کار یہ فیصلہ سنایا۔کہ "یہ مقدمہ تو ملک صاحب میرے قابل سماعت تھا۔اور میں اس مقدمہ میں ضمانتیں بھی کرنا چاہتا تھا۔مگر اب جو اطلاع ملی ہے۔کہ یہ مقدمہ مارشل لاء میں بھیجا جا رہا ہے۔اس اطلاع نے میرے ہاتھ کاٹ دیئے ہیں۔ مجھے افسوس ہے۔کہ میرے لئے سوائے اس اپیل کو خارج کرنے کے کوئی چارہ نہیں۔لہذا اپیل خارج کی جاتی ہے۔تمام وکلاء عدالت نے تسلیم کیا۔کہ یہ مقدمہ ایسا ہے۔کہ جس میں ہمیں پہلی دفعہ پتہ چلا۔کہ احمدیت کی مخالفت اور قیامِ پاکستان کی مخالفت میں مجلسِ احرار۔ختمِ نبوت اور جماعتِ اسلامی کا شروع سے کیا رول رہا ہے۔کیوں کہ تمام واقعات قبل از تقسیم ہند و پاک 1953۔1974۔ حتیٰ کہ 1984 کے حالات کھلی عدالت میں مکمل دلائل کے ساتھ آشکار کر دیئے گئے تھے۔

عدالت سے باہر زور دار ہنگامہ برپا تھا۔خاصے لوگ زخمی ہو چکے تھے۔لاٹھی چارج ابھی جاری تھا۔کہ ہم جج صاحب کے پچھلے دروازے سے جج صاحب کو خدا حافظ اور شکریہ کہہ کر ربوہ روانہ ہو گئے۔

تصویر کا دوسرا رُخ

مولوی عبد العزیز صاحب بھامبڑی اس مقدمہ میں ابھی گرفتار نہیں ہوئے تھے۔ وہ وقوعہ کے وقت کوئٹہ میں تھے۔پولیس نے اُن کے گرفتاری وارنٹ نکالے ہوئے تھے۔لہذا اُن کی آمد پر قبل از گرفتاری ضمانت کروانے کے لئے ہائی کورٹ تک کوشش کی گئی۔مگر ایڈوکیٹ جنرل کے بیان پر کہ یہ مقدمہ مارشل لاء ہیڈ کوارٹر میں ہے۔اس لئے اختیارِ سماعت نہ ہونے اور مارشل لاء کیس ہونے کی وجہ سے درخواست خارج کر دی گئی۔اس کے بعد مولوی صاحب موصوف از خود گرفتاری دینا چاہتے تھے۔ہم نے لاکھ سمجھانے کی کوشش کی۔مگر مولوی صاحب ایک دن کے لئے بھی رُو پوش نہیں ہونا چاہتے تھے۔ بلکہ ربوہ واپسی کے لئے ہائی کورٹ لاہور ہی سے روانہ ہو گئے۔میں نہیں چاہتا تھا۔کہ یہ بزرگ پولیس ربوہ کو گرفتاری دے کر کسی قسم کے تشدد کا شکار ہوں۔چند عزیزوں نے انہیں اس دن لاہور چھاؤنی میں رات بھر روک لیا۔لہذا مولوی صاحب نے واضح طور پر مصمم ارادہ کر لیا تھا۔کہ وہ اپنے دوستوں کے پاس جیل جانا چاہتے ہیں۔ دوسرے دن میں انہیں خود لے کر فیصل آباد مارشل لاء کورٹ میں پیش کرنے لے گیا۔کیونکہ تمام ''ملزمان'' چوہدری ظہور احمد باجوہ۔حکیم خورشید احمد۔خواجہ مجید احمد وغیرہ ڈسٹرکٹ جیل فیصل آباد میں مقید تھے۔اور مولوی صاحب موصوف بھی اپنے دوستوں کے ہمراہ شمولیت کے لئے بے قرار تھے۔

جب ہم مارشل لاء سپیشل ملٹری کورٹ میں پہنچے۔تو جملہ ملزمان بھی ریمانڈ کے لئے عدالت کے باہر حاضر تھے۔میں مولوی صاحب کو ہمراہ لے کر درخواست ضمانت پیش کرنے عدالت میں داخل ہوا۔تو ایک میجر صاحب عدالت کر رہے تھے۔اُٹھ کر کھڑے ہو گئے۔اور بڑے خلوص سے ہاتھ ملایا۔اور کرسیاں پیش کیں۔اِن کے چہرے پر چھوٹی چھوٹی داڑھی تھی۔اور کوئی شریف ملٹری آفیسر دکھائی دیتے تھے۔انہوں نے درخواست پڑھی۔تو کہا۔کہ "مجھے تو ضمانت کا اختیار نہیں۔البتہ یہ درخواست ہیڈ کوارٹر کھاریاں جائے گی۔" میں نے عرض کیا۔کہ "مجھے معلوم ہے۔کہ آپ ضمانت نہیں کر سکتے۔در اصل میں ملزم کو پیش کرنا چاہتا ہوں۔"تو وہ حیران ہو گیا اس نے مولوی صاحب کو کھڑے ہونے کے لئے کہا۔اور باہر جو تھانیدار ہمارے ملزمان کے ساتھ آیا ہوا تھا۔اُس کو وارنٹ بنا کر دیا۔اور اس طرح مولوی صاحب موصوف باہر اپنے دوستوں کو جا کر گلے ملے۔اور فیصل آباد جیل چلے گئے۔جیل کے اندر یہ تمام ملزمان با جماعت نمازیں پڑھتے۔تہجد پڑھتے۔تبلیغ کرتے اور فیصل آباد کی جماعت و دیگر اہلِ خانہ ان کی خوراک وغیرہ کا بہت خیال رکھتے۔جیل کے عملہ سے خاصے تعلقات ہو گئے تھے۔اور ایسے ملزمان کو مشقت وغیرہ بھی نہ کرنا پڑتی تھی۔بہر حال مجھے یاد ہے۔حکیم خورشید احمد کا ڈرائیور فرزند علی ربوہ سے باقاعدگی سے کھانا پھل وغیرہ لایا کرتا تھا۔

جیل کے حالات کا مولوی صاحب سے بعد میں پتہ چلا۔کہ جیل کی انسپکشن پر کوئی بریگیڈیر صاحب آئے۔تو انہوں نے اِن بزرگوں کا گروپ دیکھ کر پوچھا۔کہ یہ کون لوگ ہیں؟ پتہ چلا کہ یہ احمدی ہیں۔اور یہ شریف لوگ کسی مقدمہ میں ملوث ہیں۔ جو مارشل لاء ہیڈ کوارٹر میں پڑا ہوا ہے۔ہائی کورٹ میں ملزمان کی ضمانت کے لئے درخواست بعد از گرفتاری دی تھی۔جس پر ایڈووکیٹ جنرل کو نوٹس دیا گیا۔جب رپورٹ طلب ہوئی تو پتہ چلا۔کہ اسی بریگیڈیر صاحب نے اپنی رپورٹ جیل کے ڈپٹی ایڈمسٹریٹر کو بھیجی تھی۔جس نے DIG Police کو لکھا۔کہ ہیڈ کوارٹر میں اس مقدمہ کا گہرا مطالعہ کیا گیا ہے۔جو عام قسم کا مقدمہ ہے۔اور اس کو محض دباؤ کے تحت ملٹری میں سماعت کے لئے بھیجا گیا ہے۔حالانکہ یہ ملٹری کورٹ میں بھیجے جانے کے قابل نہیں۔لہذا عام فہم مقدمہ کی طرح اس کو سول کورٹ میں سنا جائے۔لہذا 3 ستمبر 1984 کو اس مقدمہ کو ہائی کورٹ کے جسٹس ضیا محمود مرزا نے سماعت کیا۔خاکسار کے علاوہ چوہدری عزیز احمد باجوہ۔چوہدری محمد عبداللہ باجوہ اور چوہدری اے۔وحید سلیم ایڈووکیٹس نیز فاروق بخت بیدار A. Advocate General پنجاب کے دلائل سننے کے بعد ملزمان کی پچاس پچاس ہزار فی کس ضمانتوں کا حکم دیا۔میرے والد چوہدری عبدالمجید خان بھی عدالت میں بیٹھے ہوئے تھے۔عدالت نے اُن سے پوچھا یہ بزرگ کیسے آئے ہیں۔میں نے عرض کیا۔یہ میرے والد ہیں۔اور عبد العزیز بھامبڑی جو اس مقدمہ میں ملزم ہیں۔کے دوست ہیں۔چنانچہ والد صاحب کو ان کا ضامن قبول کر کے ضمانت منظور کر لی۔اور رہائی کا پروانہ جاری کر دیا۔بعد میں یہ مقدمہ ربوہ کی عدالت میں پولیس نے بھیج دیا۔مگر ہم نہیں چاہتے تھے۔کہ اس کی

ساعت ربوہ میں کسی ہنگامے یا نا مناسب حالات کا باعث بنے۔لہذا انتقال مقدمہ کی درخواست ہائی کورٹ میں دے دی گئی۔اور یہ مقدمہ سرگودھا بھیج دیا گیا۔وہاں پر ہم نے بھی ایک استغاثہ مولوی اللہ یار ارشد اور اس کے دو ہمراہیوں کے خلاف کر دیا۔پھر یہ مقدمے اکٹھے کروائے گئے۔یہ مقدمہ مختلف عدالتوں سے منتقل ہوتا ہوا ایک ایسے مجسٹریٹ کی سماعت کے لئے بھیج دیا گیا۔جو شیعہ عقائد رکھتے تھے۔لہذا کسی فریق کی رعایت کا سوال ہی پیدا نہ ہوتا تھا۔خاکسار نے ایک اور درخواست ضابطہ فوجداری کے پیش کی۔کہ ضابطے اور سپریم کورٹ کی رولنگ کے تحت استغاثہ پہلے سماعت کیا جاتا ہے۔اور فوجداری کیس بعد میں سماعت ہوگا۔اس لئے ہمیں موقع دیا جائے۔مجسٹریٹ صاحب نے درخواست منظور کرلی۔ہم نے ابتدائی شہادت پیش کی۔اور مجسٹریٹ نے مولوی اللہ یار ارشد وغیرہ کو طلب کیا۔مولوی اللہ یار ارشد کا ملزم بننا تھا۔کہ ختم نبوت والے نیز مولوی منظور چنیوٹی بھی بہت سٹپٹایا۔8۔10 دفعہ مولوی اللہ یار ارشد کو حاضر ہونا پڑا۔تو خرچہ کا سوال پیدا ہوا۔

مولوی اللہ یار کے دیگر ہمراہیوں نے پیش ہونے میں دیری کر دی۔وارنٹ جاتے اور واپس آتے۔اور مقدمہ طویل ہوتا گیا۔مولوی مذکور کے مالی حالات بھی ناگفتہ بہ ہوتے گئے۔لہذا وہ سخت پریشان ہوگیا۔کوئی سرگودھا جانے کا کرایہ بھی نہ دیتا تھا۔

آخرکار وہ کافی عرصہ بعد تنگ آ گیا اور صلح کے لئے کہنے لگا۔لہذا ہر دو مقدمات میں صلح صفائی ہوگئی اور اس طرح سے اللہ تعالیٰ کے فضل سے سب ملزمان بری کر دیئے گئے۔

وہ تاجر احمدی نکلا......!

حضرت شیخ محمد احمد صاحب مظہر فرماتے ہیں:

میرے ایک غیر احمدی دوست عبد المجید صاحب تھے۔جو چھاؤنیوں میں گوشت بہم پہنچانے کے ٹھیکیدار تھے۔اور بہت مالدار آدمی تھے۔انہوں نے بیان کیا۔کہ میں نے ایک دفعہ پانچ سو بھیڑوں کا سودا بھیڑوں کے مالک کے کارندے سے کرلیا۔اور بیعانہ بھی دے دیا۔سودا مکمل ہو گیا۔اور میرے لئے یہ سودا بہت نفع مند تھا۔جب میں قیمت لے کر گیا۔تو بھیڑوں کے اصل مالک نے قیمت لینے سے انکار کرتے ہوئے سودے کو فسخ کر دیا۔اور بتایا کہ اس کے کارندے نے دیانت نہیں برتی۔دراصل ان بھیڑوں میں بیماری پھیل چکی ہے۔اور چند دن میں ان کا مرجانا اغلب ہے۔اور اس لحاظ سے دیانت داری کے خلاف ہے۔کہ میں آپ سے قیمت وصول کروں۔جس میں سراسر آپ کا نقصان ہے۔عبد المجید صاحب کا بیان تھا۔کہ میں اس تاجر کی دیانت اور امانت پر حیران رہ گیا۔اور دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ وہ تاجر احمدی تھا۔

("مضامین مظہر" ص 176)

محمدؐ کا خدا اپنا خدا ہے

(صابر ظفر کراچی) ؎۱

وصالِ یار سے مجھ پر کھلا ہے — محبّت ہی محبت کی جزا ہے
ہمیں سچّا سمجھتی ہے جو دُنیا — شہادت در شہادت کا صِلہ ہے
قسم اپنے شہیدوں کی ہے مجھ کو — کہ باقی اُن سے یادِ کربلا ہے
خُدا دُشمن کو بھی رکھے نہ پیاسا — مرے سُوکھے ہوئے لب پر دُعا ہے
جو ناواقف ہیں ہم سے، جان لیں وہ — محمّدؐ کا خُدا اپنا خُدا ہے
جُدا اُن سے نہیں منزل ہماری — جُدا اُن سے ہمارا راستہ ہے
رہے گی حشر تک اُسؐ کی شریعت — مرا مولا محمّدؐ مصطفٰے ہے
غلام اُسؐ کا مگر آتا نہ کیسے — کہ دروازہ غلامی کا کھُلا ہے
ظفؔر جانے بھٹک جاتا کدھر کو — خلافت نے اُسے رستہ دیا ہے

؎ صابر ظفؔر، پاکستان کے معروف احمدی شاعر ہیں جن کے سات شعری مجموعے ابتدا، دُھواں اور پھُول، پاتال جتنی آنکھیں اچھی ہوں گی، دریچہ بے صدا کوئی نہیں ہے، لہو ترنگ اور دُکھوں کی چادر شائع ہو چکے ہیں۔

ناصر احمد وینس

تماشہ کرائے محوِ آئینہ داری!

۱۹۷۴ء میں زیڈ اے بھٹوحکومت نے اپنے بعض سیاسی مفادات کے طابع، افرادِ جماعت احمدیہ پرنان مسلم ہونے کا سرکاری فتویٰ لگا کر تاریخِ اسلام میں ایک انوکھے فیصلے کی بنیاد رکھی۔اسلام کی چودہ سو سالہ تاریخ میں معاندینِ اسلام کی جانب سے مسلمان حکومتوں پر تلوار کے زور سے اسلام پھیلانے اور لوگوں کو جبراً کلمہ پڑھوا کر مسلمان بنانے کے الزامات تو لگتے رہے ہیں۔لیکن کسی کلمہ گو مسلمان کو جبراً کلمہ پڑھنے سے روکنے، خود کو مسلمان سمجھنے یا کہنے اور اسلامی عبادات بجا لانے پر قدغنیں عائد کرنے کی غالباً یہ واحد مثال ہے۔اس انوکھے مگر ظالمانہ فیصلہ پر جہاں قیامِ پاکستان کے شدید ترین مخالف فتویٰ فروش ملاؤں (جنہوں نے اب تحفظِ ختمِ نبوت کا اوور کوٹ پہن رکھا ہے) کی طرف سے بغلیں بجائی جاتی ہیں۔نیز اُن کے بعض ہم نوا لفافہ بردار صحافیوں کی طرف سے تحسین کے ڈونگرے برسائے جاتے ہیں۔۔وہاں معدودے چند روشن خیال دانشورانِ قوم کی طرف سے قرآن و سنت، مسلمہ جمہوری اصولوں اور اقوام متحدہ کے بنیادی انسانی حقوق کے عالمی چارٹر کے سراسر منافی اس بہیمانہ سیاسی فیصلے پر کی گئی تنقید بھی کبھی کبھار دیکھنے میں آ جاتی ہے۔جسے اقبال کے منظوم حرفوں نے کچھ یوں منعکس کر رکھا ہے

تجھے کیا پڑی ہے زاہد میری طرزِ بندگی سے\
نہ حرم تیری وراثت نہ خدا تیرا اجارہ

زیرِ نظر تبصرہ، بھٹو حکومت کی عطا کردہ "فخریہ پیشکش"، یعنی لاکھوں کلمہ گوؤں کے خارج از دائرہ اسلام فیصلے کے متعلق پاکستان کے دو مختلف الرائے افراد کے اُس نکتہ ہائے نظر اور بیانات کے پس منظر میں لکھا گیا تھا۔جو چند سال پیشتر ٹورانٹو کے ایک اردو ہفت روزہ نے پاکستانی اخبارات سے فوٹو کاپی کر کے شائع کئے تھے۔

تبصرہ ہذا لکھے جانے کے وقت پاکستان میں بے نظیر بھٹو کی حکومت برسرِ اقتدار تھی۔جس کے حوالے سے بھی بعض باتیں تبصرے میں شامل ہیں۔البتہ بعد ازاں یہ حکومت بھی پیپلز پارٹی کے انتہائی وفادار متصور کئے جانے والے صدرِ پاکستان کے ہاتھوں کرپشن کے الزامات کے نتیجہ میں ڈسمس کر دی گئی تھی۔حکومتوں کی اکھاڑ پچھاڑ سے قطع نظر ۱۹۷۴ء میں شہریوں کے ذاتی عقائد میں حکومتی "دخل در غیر معقولات" کے نتیجہ میں اس بد قسمت ملک و قوم پر پڑنے والے نحوستوں کے سائے آج بھی پوری قوم کے حال و مستقبل کو گہنائے ہوئے ہیں۔چنانچہ "صلائے عام ہے یارانِ نکتہ داں" کے لئے" کے نظریہ کے پیشِ نظر لکھا جانے والا زیرِ نظر غیر طبع شدہ" تجزیاتی تعاقب اتمام حجت کی خاطر شامل اشاعت کیا جا رہا ہے۔اس تبصرہ کی ایک نقل ٹورانٹو کے متذکرہ اردو ہفت روزہ کو بھی بھجوائی گئی تھی۔(ادارہ)

قلمی لاٹھی چارج"

پچھلے دنوں ایک پاکستانی سیاست دان مسٹر حاکم علی زرداری کا ایک اخباری انٹرویو (جس میں احمدیوں والی آئینی ترمیم کا بھی تذکرہ تھا) اخباری صفحات کی زینت کیا بنا، کہ اس پر مختلف سیاسی و صحافتی پنڈتوں نے اپنی اپنی ڈفلی اٹھائی اور کالموں اور تبصروں کی صورت میں مختلف راگنیاں الاپنی شروع کر دیں۔نوائے وقت نے ایک پورا اداریہ لڑھکا دیا۔ جبکہ ایک اور اخبار روز نامہ خبریں (لاہور) کے کالم نویس مسٹر ہارون الرشید نے اپنے "ناتمام" نامی کالم کا پیٹ بھرنے کے لئے حاکم علی زرداری کے انٹرویو میں احمدیوں کے متعلق دیئے گئے بیان پر اندھا دھند قلمی لاٹھی چارج برسایا۔واضح رہے۔کہ مسٹر ہارون الرشید اپنے کالموں میں (اسلام کو نعرے اور حربے کے طور پر استعمال کر کے اپنے متشدد انہ نظریات کے ذریعے بعض مخصوص مفادات کے اصول میں ہمہ وقت کوشاں رہنے والی قیامِ پاکستان کی شدید مخالف) جماعتِ اسلامی کی تعریف و توصیف میں اکثر زمین و آسمان کے قلابے ملاتے رہتے ہیں۔لہٰذا مودودی جماعت کا ایک نمکخوار "صالح کالم نویس" ہونے کے ناطے (قیامِ پاکستان میں قائدِ اعظم کی واحد حلیف مذہبی جماعت) جماعت احمدیہ کے متعلق حاکم علی زرداری کے اصولی مئوقف پر اس کالم نگار کے پیٹ میں شدید مروڑ بھلا کیسے نہ اُٹھتے۔۔؟!

ٹورانٹو کے مقامی اردو ہفتگی جریدے مسمی "پاکیزہ" میں مکرّر اشاعت پذیر ہونے والے اخبار "خبریں" کا یہ جماعتیہ کالم نویس جناب حاکم علی زرداری کے اس بیان پر کہ:

"میں قادیانیوں کو کافر قرار دینے کے خلاف تھا کیونکہ اس طرح اسمبلی نے اپنے اختیار سے تجاوز کیا۔۔"

پر چیں بہ چیں ہوتے ہوئے اپنے کالم کا لٹھ کچھ اس طرح گھماتا ہوا نظر آتا ہے:۔

"قادیانیوں کو اقلیت قرار دینا اگر اسمبلی کا اختیار نہ تھا تو کس کا اختیار تھا؟ اگر قادیانی نبی اور اس کے خلفاء کو یہ اختیار تھا۔ کہ وہ مسلمانوں کو کافر کہیں تو مسلمانوں اور ان کی منتخبہ اسمبلی کو یہ اختیار کیوں نہ تھا؟ کیا آپ یہ کہنا چاہتے ہیں۔ کہ عوامی احساسات کی قوت کا ادراک رکھنے والے ذوالفقار علی بھٹو نے یہ فیصلہ کر کے غلط قدم اٹھایا تھا؟ اور کیا یہ فرض کیا جائے کہ حج کی عام اجازت، جمعہ کی تعطیل، ریس اور شراب کی بندش کے جو فیصلے ان کی حکومت نے صادر کئے، وہ بھی ناقص اور احمقانہ تھے؟..." (بحوالہ ہفتگی پاکیزہ ٹورانٹو ۲۴ تا ۳۰ جنوری ۱۹۹۶ صفحہ ۶)

اختیار نامہ اور "ضیاء الحقی" پر مبنی ایک دلپذیر مشورہ:

مسٹر ہارون الرشید کے "نا تمام" نامی کالم میں دیئے گئے مندرجہ بالا دلائل میں منطق، دلیل اور ترتیب کو تلاش کیا جائے۔ تو موصوف کے کالم ہذا کی عجیب و غریب وجہ تسمیہ سمجھ میں آنے لگتی ہے۔! لیکن شائد یہ چیز جملۂ معترضہ ٹھہرتی ہو۔ لہٰذا اِس سے صرفِ نظر کرتے ہوئے صرف کالم نگار کے مندرج دلائل کے جائزے تک قلم محدود رکھا جا رہا ہے۔

- یہ جو موصوف نے سوال اٹھایا ہے کہ:

"قادیانیوں کو اقلیت قرار دینا اگر اسمبلی کا اختیار نہ تھا تو کس کا اختیار تھا۔"

اس سوال کا جواب آنمکرم نے اپنے ایک اور کالم میں غیر ارادی طور پر خود ہی دے دیا ہے۔ اتفاق سے وہ کالم ٹورانٹو ہی کے اس متذکرہ بالا مقامی ہفت روزہ کے ۳۱ جنوری تا ۶ فروری ۱۹۹۶ء کے پرچہ میں شائع ہو کر نظر سے گذرا۔ کالم کا موضوع سخن صدرِ پاکستان کو ایک اہم مشورہ تھا۔ جس کی سرخی تھی: "تماشا کرائے محوِ آئینہ داری" اس کالم کے ذریعے صدرِ پاکستان کو حکومتِ وقت کے ساتھ "ضیاء الحقی" کرنے یعنی جونیجو حکومت کی طرح کھڑے کھڑے چلتا کر دینے کی ترغیب دیکر ثواب دارین کمانے کا مشورہ کچھ یوں دیا ہے:

"۔۔کیا دن میں چھ بار خدا کے حضور سربسجود ہونیوالے صدر، روزِ قیامت پروردگار کو یہ بتائیں گے کہ اپنے اخلاقی فرائض ادا کرنے کی بجائے، وہ پارلیمانی نظام کے تقاضے نبھاتے رہے۔۔ کیا پارلیمانی نظام کوئی معبود ہے، جس کی عبادت کی جائے؟ جناب صدر! ایک لمحہ رک کر غور کیجئے یہ تو شرک ہے شرک، خدا کی بندگی سے انحراف اور اس صورت حال میں اس کے بندوں سے بے وفائی بھی۔"

(بحوالہ ہفت روزہ پاکیزہ ٹورانٹو ۳۱ جنوری تا ۶ فروری ۱۹۹۶ء صفحہ ۶)

مسٹر ہارون الرشید کے مندرجہ بالا الفاظ کی روشنی میں غور طلب امر یہ ہے۔ کہ اگر پارلیمانی نظام یعنی اسمبلی کوئی معبود نہیں اور لا ریب یقیناً نہیں۔ تو پھر خدا اور رسول کے واضح احکامات و ارشادات کو نظر انداز کر کے ۱۹۷۴ء کی پاکستانی پارلیمنٹ نے لاکھوں کلمہ گو احمدیوں کے ایمان و عقیدے کا فیصلہ کرنے کا اختیار اپنے ہاتھ میں لیکر جس طرح (نعوذ باللہ) معبود بننے کی کوشش کی اسے کیا نام دیا جائے گا؟ ہارون الرشید صاحب پر اپنے ہی لکھے مندجہ بالا الفاظ کی رُو سے یہ حقیقت روزِ روشن کی طرح واضح ہو جانی چاہئے۔ کہ انسانوں کے ایمان و عقیدے کا فیصلہ کرنے کا اختیار کسی دنیاوی اسمبلی، ملاں، مفتی، قاضی یا کالم نویس کو نہیں صرف اور صرف ہر عیب سے پاک خدائے بزرگ و برتر کو حاصل ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ اپنے اس اختیار کے متعلق قرآنِ حکیم میں کھول کر بیان فرماتا ہے۔ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَادُوا وَالصَّابِئِينَ وَالنَّصَارَىٰ وَالْمَجُوسَ وَالَّذِينَ أَشْرَكُوا إِنَّ اللَّهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ ﴿١٨﴾ (سورہ حج آیت ۱۸)

یعنی یقیناً جو لوگ (محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر) ایمان لائے اور وہ لوگ جو یہودی بن گئے۔ اور صابی اور نصرانی اور مجوسی اور وہ لوگ بھی جنہوں نے شرک کیا۔ اللہ یقیناً ان کے درمیان قیامت کے دن فیصلہ کر دے گا۔ اللہ یقیناً ہر چیز پر نگران ہے۔

یہ آیتِ ربانی قطعی اور واضح طور پر بیان کر رہی ہے۔ کہ انسانوں کے ایمان و عقیدے کا فیصلہ کرنے کا اصل اختیار کس کو ہے؟ کیا قومی اسمبلی نعوذ باللہ خدا اور اس کے رسولؐ سے بڑی ہے۔ کہ انسانوں کے ایمان کے بارہ میں اس کا فیصلہ برحق مان لیا جائے۔

یہ کردار.... یہ عالمِ ڈھٹائی

پھر جن ممبران قومی اسمبلی نے اپنی اکثریت کے بل بوتہ پر آئین میں احمدیوں کے "نان مسلم" ہونے کا سرکاری فتویٰ دیا تھا۔ ان میں سے ہر ایک کے خلاف ضیاء حکومت نے جو قرطاسِ ابیض شائع کیا تھا۔ اس کے بعد ان ممبرانِ بھٹو اسمبلی کی اخلاقی حالت کس صاحب ایمان کے نزدیک مستحسن اور قابل رشک ہے۔ دلچسپ بات یہ کہ اس مرحومہ اسمبلی کی ہیئت ترکیبی میں ایسے ممبران بھی شامل تھے جو کیمونسٹ، دہریہ، ہندو اور مشرک وغیرہ ہونے کے باعث خود تو اسلام سے دور کی نسبت بھی نہ رکھتے تھے۔ لیکن ان کی ڈھٹائی کا یہ عالم تھا کہ وہ کسی کے مسلم یا ناٹ مسلم ہونے کا فیصلہ کرنے بیٹھ گئے۔

عذرِ گناہ بدتر از گناہ:

پھر اس سے بھی حیرت انگیز امر یہ کہ جس سربراہِ اسمبلی نے "ہیرو" بننے کی خاطر اسمبلی سے یہ ترمیم منظور کروائی تھی وہ جلد ہی مکافاتِ عمل کے نتیجہ میں قانونِ ملکی کے ہاتھوں قتل کا مجرم قرار دے کر تختۂ دار پر کھینچ دیا گیا.... تاہم مجرم قرار دینے سے قبل ایک مرتبہ پاکستان کی عدالتِ عظمیٰ میں عدالت کے اس ریمارکس پر کہ "وہ صرف برائے نام

مسلمان ہے" اس نے اپنے دفاع میں یہ ریکارڈ شدہ بات کہی تھی۔کہ "یہ تسلیم شدہ اصول ہے۔کہ جو شخص کلمہ پڑھتا ہے۔وہ مسلمان ہے۔اور کسی شخص کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ اسے غیر مسلم کہے۔"(روزنامہ مساوات ۲۰ دسمبر ۱۹۷۸ء) اور جب اسی عدالت میں اس سے یہ سوال کیا گیا۔کہ پھر آپ نے احمدیوں کو غیر مسلم کس طرح قرار دیا تھا۔تو "عذرِ گناہ بدتر از گناہ" کے مصداق کہہ دیا۔کہ "وہ تو ایک سیاسی بات تھی!" کیا یہ تعجب انگیز بات نہیں کہ جو اسمبلی کرپٹ قرار دے کر توڑ دی گئی ایسی اسمبلی کو اختیار دیکر یہ فیصلہ کروایا جائے۔کہ کون سا کلمہ گو فرقہ مسلمان ہے۔اور کون سا غیر مسلم؟ اور پھر اس کے "فیصلہ" پر دادو تحسین کے ڈونگرے بھی برسائے جائیں؟ کسی شاعر نے یہ شعر بلا وجہ نہیں کہا تھا۔کہ

ہر اک پہ لگا دیتا ہے تُو کفر کا فتویٰ
اسلام تیرے باپ کی جاگیر نہیں ہے

افتراء اور مغالطہ انگیزی کی بیساکھیاں:

خبریں کے کالم نویس نے اگلی دلیل یہ دی ہے۔کہ

"اگر قادیانی نبی اور اس کے خلفاء کو یہ اختیار تھا۔کہ وہ مسلمانوں کو کافر کہیں تو مسلمانوں کو اور ان کی منتخب اسمبلی کو یہ اختیار کیوں نہ تھا؟"

اس دلیل میں افتراء اور مغالطہ انگیزیوں کی بیساکھیوں کا سہارا لینے کی کوشش کی گئی ہے۔

حضرت بانیٔ جماعت احمدیہ اور آپ کے خلفاء پر یہ الزام کہ انہوں نے دیگر مسلمانوں کو کافر کہا، قطعی غلط ہے۔ جماعت احمدیہ کا مسلک ہرگز کسی کلمہ گو مسلمان کو غیر مسلم نہیں کہتا۔تکفیر کی ساری بات یہاں سے چلی۔کہ بعض مسلمان علماء نے اپنی کم فہمی اور احمدیت دشمنی کی بنا پر بانیٔ سلسلہ احمدیہ حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ السلام پر کفر کے فتوے عائد کئے۔تو انہوں نے جواباً لکھا کہ چونکہ ازروئے قرآن و حدیث میں اپنے آپ میں کوئی وجہ کفر نہیں پاتا اور آنحضرت ﷺ کی یہ حدیث سب کی مسلمہ ہے۔کہ جو کسی مسلمان کو کافر کہتا ہے وہ خود کافر ہو جاتا ہے۔اس لئے مجھے کافر کہنے والے سرکارِ دو عالم ﷺ کے اس ارشادِ مبارکہ کی رُو سے خود کافر بن گئے ہیں۔پس اگر کوئی حضرت مرزا صاحب یا آپ کے خلفاء پر دوسرے مسلمانوں کو (جماعت احمدیہ کے مذکورہ مسلک کے علی الرغم) کافر ٹھہرانے کا الزام لگاتا ہے، اسے یا تو حقیقت کا علم نہیں اور یا پھر وہ عمداً جھوٹ بول رہا ہے۔حضرت بانیٔ جماعت احمدؑیہ خود پر لگنے والے فتویٰ ہائے کفر کے پشتارہ کو منظوم کلام کی شکل میں اٹھائے اپنے مولیٰ اور اسکے محبوب ترین بندے حضرت محمد عربی ﷺ کے کوچۂ عدالت میں کچھ یوں حاضر ہوتے ہیں

قوم کے ظلم سے تنگ آکے مرے پیارے آج
شورِ محشر ترے کوچہ میں مچایا ہم نے
کافر و ملحد و دجال ہمیں کہتے ہیں
نام کیا کیا غمِ ملت میں رکھایا ہم نے
تیرے مُنہ کی ہی قسم میرے پیارے احمدؐ
تیری خاطر سے یہ سب بار اٹھایا ہم نے

"مسلمانوں" کی منتخب اسمبلی کی منطق:

اب رہا سوال "مسلمانوں کی منتخب اسمبلی" کا اختیارِ کافرگری!

اوّل تو یہ بات بھی حقائق کے سراسر منافی ہے۔کیونکہ اس اسمبلی کو صرف پاکستانی مسلمانوں نے نہیں۔بلکہ پاکستانی شہریوں نے منتخب کیا تھا۔جن میں عیسائی، ہندو، پارسی وغیرہ سب شامل تھے تاہم مسلمانوں کے حوالے سے بھی یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کر لینی چاہئے کہ احمدیوں کے متعلق ظالمانہ آئینی ترمیم پوری قوم کا مطالبہ ہر گز نہ تھا۔اور اس بات کا ثبوت ۱۹۷۰ء کے قومی انتخابات میں جماعت اسلامی کا منشور تھا۔جس میں یہ بات درج تھی۔کہ اگر وہ برسرِ اقتدار آ گئی تو وہ احمدیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دے گی۔راقم الحروف اُن دنوں اسکول کا طالب علم تھا۔تاہم مجھے یاد ہے۔کہ ریڈیو پر نشر کی جانے والی اپنی انتخابی تقریر میں مولانا مودودی صاحب نے اپنا منشور بیان کرتے ہوئے اِس شق کا بھی ذکر کیا تھا۔ جسے پوری پاکستانی قوم نے سنا۔لیکن اس کے باوجود اس جماعت کو مغربی پاکستان میں صرف تین سیٹیں ملی تھیں۔جن میں مغربی بازو کے سب سے بڑے صوبے پنجاب سے واحد سیٹ ڈیرہ غازی خان کے حلقہ سے ملی۔جس کا صاف مطلب یہ ہے۔کہ صرف مغربی پاکستان کے ڈیڑھ فیصد لوگ بھی اس کے ہم نوا نہ تھے۔لہذا "مسلمانوں کی منتخب اسمبلی" کی منطق بھی بالکل بھونڈی، لغو اور بے بنیاد ہے۔اسی طرح دینی اعتبار سے "اکثریت" کے لفظ کو قرآنِ حکیم کے ارشادات کی روشنی میں پرکھا جائے۔تو قرآن کریم نے تو یہ کہہ کر اکثریت کی لُٹیا ہی ڈبو دی۔کہ

"وَ اِنْ تطع اکثر یحق فی الارض یضلوک عن سبیل اللہ"

یعنی اگر تو اکثریت کے پیچھے لگے گا۔تو وہ تجھے اللہ کے راستہ سے دور لے جائے گی۔چنانچہ تمام انبیاء کے ابتدائی پیروکار اس کی واضح مثالیں ہیں۔

آئینی شقوں کی باہم متضاد بیانی وٹکراؤ:

لیکن اس کے باوجود اگر یہ کالم نگار صاحب احمدیوں سے متعلق کی گئی آئینی ترمیم کو جمہوری اور اکثریتی نکتۂ نگاہ سے حق بجانب قرار دینے پر بضد ہیں تو بھی یہ ترمیم آئینِ پاکستان کی شق نمبر20 سے باہم متضاد اور اس کی ناسخ ہے۔کیونکہ آئین کی شق نمبر20 بالوضاحت اعلان کرتی ہے۔کہ "پاکستان کے ہر شہری کو یہ حق حاصل ہے۔کہ جو مذہب وہ چاہے، اسے اختیار کرے، اس پر عمل کرے اور اس کی تبلیغ کرے"

جبکہ احمدیوں کے متعلق کی گئی ترمیم، اسی آئین کا منہ چڑاتے ہوئے ایک پاکستانی احمدی کے عقیدے پر تبر رکھتی ہے۔اور اسے آئینی و قانونی اغراض کے لئے "ناٹ مسلم" قرار دیتی ہے۔جو نہ صرف اقوامِ متحدہ کے حقوقِ انسانی کے عالمی منشور کے خلاف ہے جس پر پاکستان نے دستخط کر رکھے ہیں۔بلکہ ماڈرن جمہوریت کی تاریخ میں بھی اپنی نوعیت کی منفرد اور بدترین مثال ہے۔

جمہوری اصول و روایات:

جمہوریت کی کچھ قیود و حدود ہیں۔جن کی رُو سے کسی جمہوری حکومت کو ہر گز یہ حق حاصل نہیں ہے۔کہ وہ اپنی رعایا کے کسی فرد کا مذہب خود تعین کرے۔

اٹلی اور سپین کی دونوں حکومتیں مذہبی لحاظ سے سخت قسم کی متعصب اور کٹر کیتھولک مشہورِ عام ہیں۔جہاں پروٹسٹنٹ فرقہ کے عیسائی بمشکل پانچ فیصد ہوں گے۔لیکن ان دونوں حکومتوں میں سے کسی ایک نے بھی اپنے ملک کی پارلیمنٹ میں یہ قانون پاس نہیں کیا۔کہ پروٹسٹنٹ فرقہ کے عیسائی، آئینی اور قانونی اغراض کے لئے "ناٹ عیسائی" ہیں!

کیا میری ضد میں باغباں سارا چمن جلائے گا:

اسی طرح اگر "اکثریت" کے بل بوتے پر دنیا کے بیشتر ممالک کی حکومتیں (جہاں مسلمان بالعموم پہلے ہی اقلیت میں ہیں۔) وہاں پاکستان جیسے قوانین بنا دیں۔

بالخصوص ہندوستان میں بال ٹھاکرے جیسا انتہا پسند معاند اسلام لیڈر برسر اقتدار آ کر اپنے "اکثریت" کے حق کو استعمال کرتے ہوئے ہندوستان کے مسلم شہریوں کیساتھ وہی سلوک روا رکھے جو پاکستان میں احمدیوں کے ساتھ رکھا جا رہا ہے اور جس کی ہارون الرشید ایسے "اسلام پسند" دانشور پورے شد و مد سے وکالت کرتے دکھائی دیتے ہیں۔تو کیا کوئی عقلِ سلیم رکھنے والا شخص ہندوستان اور دیگر ممالک کے ان قوانین کی تائید و حمایت کر سکتا ہے؟ مگر حیرت سے یہ کہنا پڑتا ہے۔کہ جب ہندوستان کے حوالے سے ہی یہی سوال ۱۹۵۳ء کی اینٹی احمدیہ فسادات کی تحقیقاتی عدالت میں "مفکرِ اسلام" اور "صاحبِ تفہیم القرآن" مولانا مودودی صاحب سے عدالت نے پوچھا۔تو انہوں نے جو جواب دیا وہ شاہکار بھی ہے اور لاجواب بھی!

منیر انکوائری رپورٹ میں شائع شدہ مولانا کا جواب تھا:

"یقیناً مجھے اس پر کوئی اعتراض نہ ہوگا۔کہ (ہندو) حکومت کے اس نظام میں مسلمانوں سے ملیچھوں اور شودروں کا سا سلوک کیا جائے۔ان پر منو کے قوانین کا اطلاق کیا جائے اور انہیں حکومت میں حصہ اور شہریت کے حقوق قطعاً نہ دیئے جائیں"

(رپورٹ تحقیقاتی عدالت صفحہ ۲۴۵)

انا للہ و انا الیہ راجعون

محض احمدیت دشمنی کی آڑ میں اپنے موہوم تھیا گریسی عزائم کی تکمیل کی خاطر مسلمانانِ عالم کے بنیادی انسانی حقوق کو اپنی رعونت فکر کی بھینٹ چڑھا دینے والے فکرِ مودودیت کے اِس ''رُخِ تاباں'' پر، بحیثیت احمدی، راقم الحروف فقط یہی کہہ سکتا ہے۔ ع

" کیا میری ضد میں باغباں سارا چمن جلائے گا ؟"

"ہیرو" بننے کا جنون:

دُکھ تو اِس بات کا ہے۔کہ چمن کو جلانے میں متشدد ملائیت کے ساتھ ساتھ سیکولر یعنی غیر متعصب ذہن رکھنے کا دعویٰ کرنے والے سربراہِ حکومت مسٹر بھٹو بھی مذہب کو سیاسی آلۂ کار کے طور پر استعمال کرتے ہوئے (احمدیوں کے خلاف) مذہبی فساد انگیزی کی آگ بھڑکاتے رہے یہ اب کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں رہی۔کہ ۱۹۷۴ء میں ہیرو بننے کیلئے "ختمِ نبوت" کا ڈرامہ خود بھٹو صاحب نے سٹیج کروایا۔جسے اردو ڈائجسٹ کے مدیر الطاف حسن قریشی نے یوں واضح کیا تھا "ذوالفقار علی بھٹو نے (۱۹۷۴ء میں) یہ اقدام، سیاسی فوائد حاصل کرنے کے لئے اُٹھایا تھا۔کچھ باخبر حلقے تو یہاں تک کہتے ہیں۔کہ قادیانیوں کے خلاف ہنگامہ آرائی کے مواقع مسٹر بھٹو نے ہی فراہم کئے تھے"

(ماہنامہ اردو ڈائجسٹ مارچ ۱۹۷۶ء)

گھر کے بھیدی:

جماعت اسلامی اور پیپلز پارٹی کی دیرینہ مخاصمت کی بنا پر ممکن ہے۔جماعتِ اسلامی کے اس دانشور (مدیر اردو ڈائجسٹ) کی بات کو بعض حلقے درخورِ اعتناء نہ سمجھیں۔مگر اب تو پیپلز پارٹی کے بعض پرانے نمکخوار جیالوں نے (جو اُس ڈرامے میں 'بالائی ہدایات' پر اہم کردار ادا کرتے رہے) اُس دور کے راز و نیاز کھلے عام اُگلنے حتیٰ کہ احاطۂ تحریر میں بھی لانے شروع کر دیئے ہیں۔مثلاً پیپلز پارٹی کے ایک اولین سر گرم سیاسی کارکن طارق وحید بٹ (سابق سالار پیپلز گارڈ لاہور و ممبر پنجاب اسمبلی) نے اپنی سیاسی یادداشتوں پر مشتمل کتاب "میری آواز" شائع کی ہے۔بطور تعارف معروف صحافیوں جنگ کے عبدالقادر حسن، نوائے وقت کے نذیر ناجی، مشرق کے نذیر حق اور ریاض بٹالوی وغیرہ کی آراء بھی شاملِ کتاب ہیں۔ذوالفقار علی بھٹو کے کارناموں کو سراہتے ہوئے ایک جگہ "تحریکِ ختمِ نبوت" کے ذیلی عنوان کے ساتھ مصنف رقمطراز ہے:۔

تحریکِ ختمِ نبوت:

"پاکستان میں قادیانیوں کے خلاف بھرپور تحریک چل رہی تھی۔ملک کی بیشتر سیاسی و دینی جماعتوں اور اپوزیشن کا یہی مطالبہ تھا۔کہ مرزائیوں کو اقلیت قرار دیا جائے۔اس مطالبہ میں ہر مکتبہ فکر کے لوگ بھی شامل تھے۔لاہور میں عام مولویوں میں اتنا دم خم نہ تھا کہ وہ کوئی تحریک چلا سکتے۔جن علماء نے قومی اتحاد کی تحریک میں زیڈ

اے بھٹو کی حکومت کی مخالفت کی تھی۔ انہوں نے ہی تحریکِ ختمِ نبوت کے دوران بر ملا یہ کہا تھا۔ "اگر زیڈ اے بھٹو مرزائیوں کو اقلیت قرار دے دیں۔ اور انہیں دائرہ اسلام سے خارج کر دیں۔تو ہم ساری عمر غلام بن کر ان کے گھر پر پہرہ دیں گے" اس دوران جب قادیانیوں کی تحریک کمزور پڑنے لگی۔تو ملک معراج خالد نے مجھے سرکٹ ہاؤس لاہور بلا کر کہا۔اوپر سے آرڈر آئے ہیں۔کہ سینکڑوں کی تعداد میں قادیانیوں کے خلاف پمفلٹ تقسیم کئے جائیں۔اور مسجد وزیر خاں سے جو جلوس نکل کر دہلی گیٹ آتا ہے۔اس میں ہنگامہ مزید بڑھایا جائے"چنانچہ ہم اور پیپلز پارٹی نے اندر خانے مولویوں کا ساتھ دیا اور بڑھ چڑھ کر انتظامیہ کے خلاف خشت باری اور احتجاج کیا۔ایک روز میں اپنے ساتھیوں کے ہمراہ پیپلز پارٹی سیکرٹریٹ واقع ایجرٹن روڈ شملہ پہاڑی لاہور بیٹھا ہوا تھا۔کہ پی پی پنجاب کے روح رواں ناصر رضوی آئے اور کہا۔"چیئر مین بھٹو کو ذاتی گارڈز کی ضرورت ہے ۔آپ لوگ تیار رہیں"۔ ہم فوری اپنی اپنی موٹر سائیکلوں کے جلوس میں جو ان کی کار کے دائیں بائیں اور آگے پیچھے تھیں۔ریڈیو پاکستان پہنچے اورقوم سے خطاب کیا۔جب بھٹو تقریر ریکارڈ کرانے ریڈیو پاکستان پہنچے تو اس وقت ان کے بال بکھرے ہوئے تھے۔ اور رنگ پیلا پڑا ہوا تھا۔ جب قوم سے خطاب کے دوران انہوں نے اپنی تقریر میں احمدیوں اور لاہوری قادیانیوں کو اقلیت قرار دیا اور کافر و مرتد قرار دے کر دائرۂ اسلام سے خارج کر دیا تو تقریر کے اختتام کے بعد جب ریڈیو پاکستان کی عمارت سے باہر آئے تو ان کا چہرہ خوشی سے دمک رہا تھا۔اور چہرے پر روحانی نُور تھا۔واقعی وہ ایک بہت بڑا تاریخی معرکہ سر انجام دے کر آئے تھے۔اس واقعہ سے آپ اندازہ کر سکتے ہیں۔کہ زیڈ اے بھٹو اسلام کے سپاہی اور عاشقِ رسول تھے"۔

(بحوالہ "میری آواز"مصنف و ناشر طارق وحید بٹ۔ پتہ:۲۔کرم پارک بٹ روڈ مصری شاہ لاہور تاریخ اشاعت:جولائی ۱۹۹۰ء ایڈیشن ثانی صفحہ ۱۰۸)

اسی طرح پنجاب کے ایک سابق وزیرِ اعلیٰ حنیف رامے(جن کے دورِ وزارت میں احمدیوں کے خلاف ۱۹۷۴ء کی ہنگامہ آرائی ہوئی تھی) پیپلز پارٹی سے علیحدگی و ناراضگی کے دنوں میں لاہور کے ہفت روزہ"دید شنید" کے ایڈیٹر رفیق ڈوگر کو دیئے گئے ایک انٹرویو میں اعترافِ حقیقت کرتے ہوئے(اپنا پہلو بچانے کی خاطر اگرچہ گول مول انداز میں) کہتے ہیں۔"..میں پنجاب میں یہ مسئلہ حل کر رہا تھا۔بھٹو صاحب نے ٹی وی پر ایک تقریر میں ذکر کر کے پنجاب سے مسئلہ مرکز پہنچادیا۔مسئلے کو اگر غلط حل کیا یا درست حل کیا۔فائینل حل تو بھٹو صاحب نے کیا۔ میرے لئے لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ تھا...اور جب یہ مسئلہ تقریباً حل ہو چکا تھا۔تو بھٹو صاحب اسے مرکز میں لے گئے۔کیونکہ ان کو لوگ کہتے تھے۔کہ اگر آپ یہ کام کر جائیں تو یہ مولوی آپ کے جوتے صاف کریں گے اور دس سال تک آپ ملک کے حکمران رہیں گے۔اس لئے وہ سمجھے۔کہ ان کو بہت فائدہ پہنچے گا...

(بحوالہ کتاب"سیاسی ملاقاتیں"
مرتبہ رفیق ڈوگر شائع شدہ:سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور ۱۹۹۲ء صفحہ ۱۱۷)

سر بستہ راز.....؟!

مندرجہ بالا انٹرویو میں مسٹر ح۔ رامے نے"صاف چھپتے بھی نہیں سامنے آتے نہیں!" کے مصداق اگرچہ ساری ذمہ داری بھٹو صاحب پر ڈال دی ہے۔جبکہ یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ احمدیوں والی آئینی ترمیم سے بہت پہلے ۲۹ مئی ۱۹۷۴ء کو ربوہ ریلوے سٹیشن پر ملتان کے نشتر میڈیکل کالج کے طلباء کے ذریعے ہنگامہ آرائی کی منظم پلاننگ حکومتی سطح پر تیار کی گئی تھی جس میں مسٹر ح۔ رامے بطور وزیرِ اعلیٰ پنجاب پوری طرح شریکِ کار تھے۔اس کا ایک ثبوت یہ بھی ہے۔کہ جب جنرل ضیاء الحق نے احمدیوں کے خلاف ۱۹۸۴ء میں آرڈیننس جاری کرنے کے بعد احمدیہ مساجد سے کلمہ طیبہ مٹانے کے احکامات دیئے تو مسٹر رامے کا سویا ہوا ضمیر(پیپلز پارٹی سے ناراضگی کے ناطے) اچانک انگڑائی لے کر جاگ اُٹھا اور روزنامہ جنگ لاہور میں ایک آرٹیکل بعنوان "یہ کلمہ دوستی ہے یا کلمہ دشمنی" لکھ کر شائع کروادیا۔ جس پر مولویوں نے (جو پیٹ کے ہلکے ہوتے ہیں) رامے کے خلاف خوب شور مچایا۔ بالخصوص انہوں نے جو ۱۹۷۴ء میں (محنتانوں کے عوض) حکومت کے آلۂ کار بن کر احمدیوں کے خلاف فسادات کرنے پر مامور تھے۔کراچی کے ایک مولوی محمد یوسف لدھیانوی نے رامے کے آرٹیکل کے جواب میں جنگ لاہور میں ہی ایک جواب آرٹیکل شائع کروایا جس کا عنوان احسان دانش کا یہ مصرعہ تھا۔

"سنا ہے باغباں نے چمن بیچ دیا!"

مولانا یوسف لدھیانوی نے "باغباں" یعنی مسٹر رامے کے آرٹیکل پر غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے یہ بھی لکھ دیا۔کہ رامے صاحب وہ ایام کیوں بھول گئے ہیں۔ جب وہ ۱۹۷۴ء میں بطور وزیرِ اعلیٰ علماء کو(احمدیوں کے خلاف) ہنگامہ آرائی بڑھانے پر نقدی اور پلاٹوں کی صورت میں محنتانے دیا کرتے تھے....."

یہ راز تاریخ کے سینے پر ثبت ہو چکے ہیں۔جنہیں چھپانا کسی کے بس کی بات نہیں۔گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے والی مثال کے تحت، طارق وحید بٹ،مسٹر ح۔رامے یا مولوی یوسف لدھیانوی جیسے لوگ تو رہے ایک طرف،مسٹر بھٹو خود بھی یہ سر بستہ راز اگل چکے ہیں۔چنانچہ ۷ ستمبر ۱۹۷۴ء کو ترمیم پاس ہونے کے بعد جب مولویوں نے احمدیوں کو "ناٹ مسلم" قرار دینے کا سہرہ اپنے سر باندھنا چاہا۔تو مسٹر بھٹو بھی خاموش نہ رہ سکے۔ غالباً کراچی کی ایک مجلس میں جب کسی نے بھٹو صاحب کے سامنے کہا کہ مولوی اس ترمیم کو علماء کی کوشش سے تعبیر کر رہے ہیں۔تو بھٹو صاحب نے غصّے میں آ کر کہا۔"اچھا تو پھر وہ لڑکے(جنہوں نے ربوہ سٹیشن پر ہنگامہ کیا تھا) مفتی محمود کے باپ نے بھیجے تھے؟"

دور کی کوڑی:

مسٹر ہارون الرشید مزعومہ سیاسی فتویٰ کا جواز ثابت کرنے کے لئے ایک دور کی کوڑی یہ لائے ہیں۔کہ "اگر اسمبلی کا فیصلہ غلط تھا۔تو کیا بھٹو صاحب کی طرف سے حج کی عام اجازت، جمعہ کی تعطیل، ریس اور شراب کی بندش ایسے اقدامات بھی احمقانہ تھے؟" ان حضرت کو کیونکر بتایا جائے کہ کون ظالم کہتا ہے یہ اقدامات اپنی ذات میں احمقانہ تھے ریس اور شراب وغیرہ پر پابندی تو بھٹو صاحب نے اُس وقت لگائی تھی۔جب مولویوں نے "نظامِ مصطفےٰ" کے نعرے کی آڑ میں بھٹو حکومت کو گرانے کے لئے پورے ملک میں پُرتشدد تحریک چلا دی تھی۔

اُس وقت جنرل ضیاء الحق بھی مولویوں کو پسِ پردہ اُکسا رہا تھا۔کہ "بھٹو کارنر ہو چکا ہے۔اس سے مزید مطالبے کرو..!" چنانچہ یہ دلچسپ حقائق بھی تاریخ کے ریکارڈ پر محفوظ ہیں۔کہ وہی مسٹر بھٹو جو کل تک ابوالاعلیٰ مودودی کی ہوا پر بھی تلواریں چلا رہے تھے۔عین دورانِ تحریک منصورہ جا کر مودودی کے چرنوں میں حاضری دی اور مدد کی التجا کی۔اقتدار سنبھالنے کے تقریباً پانچ سال بعد بھٹو صاحب کو ام الخبائث اور گھوڑ دوڑ پر پابندی لگانے کا خیال کیونکر آیا؟ جبکہ صرف چند ماہ قبل ایک انتخابی مہم کے دوران گوجرانوالہ شہر میں بھٹو صاحب نے مولویوں کی طرف سے ان پر شراب نوشی کرنے کے الزامات کے جواب میں جو اعلانیہ اعتراف کیا تھا۔وہ بھی مدتوں اخباری کالموں میں موضوعِ سخن بنا رہا۔بھٹو صاحب نے کہا تھا۔"تھکاوٹ دور کرنے کے لئے تھوڑی سی شراب پی لیتا ہوں تو کیا ہوا؟...غریبوں کا خون تو نہیں پیتا!!!"

اسلام خطرے میں ، اسلام بطور دکھاوا اور بطور سیاسی حربہ:

ایک دلچسپ نقطہ یہ ہے۔کہ کیا مولویوں نے بھٹو صاحب کے ان اقدامات کو سراہا تھا؟ ہرگز نہیں کیونکہ وہ جانتے تھے۔کہ ان کے "نظامِ مصطفےٰ" کے نعرے کی طرح بھٹو صاحب بھی ان اقدامات (کے دکھاوے) کے ذریعے اپنے اقتدار کو بچانے کی کوشش کر رہے ہیں۔درحقیقت دونوں فریق ہی اسلام کے لئے نہیں بلکہ "اسلام آباد" کی خاطر، اسلام کو بطور سیاسی حربہ استعمال کرنے کی تگ و دو میں تھے۔راقم یہ بات اپنی طرف سے نہیں کہہ رہا۔بلکہ فرزندِ اقبال، جسٹس ڈاکٹر جاوید اقبال نے اس کا برملا اظہار اپنی کتاب "یادیں" میں کیا ہے۔جناب ڈاکٹر جاوید اقبال لکھتے ہیں۔"...ساری اپوزیشن نے بھٹو کو ہٹانے کا یہ طریقہ اختیار کیا کہ اسلام کو خطرے میں ڈال دیا۔حالانکہ آج تک اسلام خطرے میں نہیں ہوا...آپ کو یاد ہوگا کہ بھٹو نے گھوڑ دوڑ اور شراب بند کر دی۔احمدیوں کو غیر مسلم قرار دے دیا۔سو انہوں نے اپنی طرف سے یوں اسلام نافذ کیا۔وہ اپنے اقتدار کو بچانے کی خاطر سب کچھ کرتے چلے گئے......آپ دیکھ لیں کہ اسلام کو کیونکر حربے کے طور پر استعمال کیا جاتا رہا ہے۔"
("یادیں" صفحہ ۱۴۶)

جسٹس ڈاکٹر جاوید اقبال کی اِس قابلِ ستائش حق گوئی کے بعد مزید کسی وضاحت کی گنجائش باقی نہیں رہتی۔البتہ اس کی روشنی میں مسٹر ہارون الرشید ایسے دانشوروں سے فقط اتنا کہنا ہے

"تماشا کہ اے محوِ آئینہ داری — تجھے کس تمنا سے ہم دیکھتے ہیں!"

بلاتبصرہ

"یہ عبرت کی جا ہے تماشا نہیں ہے"

بے مثال عروج کا حیرت انگیز زوال

روزنامہ جنگ لاہور اور ہفت روزہ پاکستان اسٹار ٹورانٹو کے کالم نگار جناب حمید احمد سیٹھی رقمطراز ہیں......

"زیڈ اے بھٹو ایک کرشماتی اور عہد ساز شخصیت تھے جن کے مخالف بھی ان کی قابلیت اور جادو بیانی کے معترف تھے۔وہ بھٹو کی قوتِ استدلال سے خائف رہتے تھے۔ان کے ناقد اور اختلاف رکھنے والے بھی ان کے ساتھ مذاکرات کی میز پر بیٹھنے سے ڈرتے اور اکثر کتراتے تھے کیونکہ انہیں اٹھتے وقت ان کی تائید میں سر ہلانے ہی پڑتے تھے۔اس مقناطیسی اور صائب الرائے شخص کا عروج بھی بے مثال تھا اور زوال بھی عبرت انگیز۔ان کی فیملی کی دوسری اہم شخصیت جو ایک سابق وزیر اعظم کی بیوی بھی ہے اور ایک سابق وزیر اعظم کی ماں بھی اس وقت ایک ملزمہ ہی نہیں مدت سے قابلِ رحم حالت میں ہے۔بھٹو صاحب کا ایک بیٹا دیارِ غیر میں پراسرار حالات میں اپنے فلیٹ میں مردہ پایا گیا تھا جبکہ دوسرا بیٹا اپنی ہی بہن کے عہد وزارت عظمیٰ میں پولیس کے ہاتھوں مارا گیا اور اس کا لہو بھی کسی کے ہاتھ پر تلاش نہیں ہو سکا۔بھٹو کی ایک بیٹی دو بار وزیر اعظم منتخب ہونے کے باوجود اس وقت سزا یافتہ اور مفرور یا جلاوطن ہے جبکہ اس کا سابق وزیر خاوند متعدد مقدمات میں ملوث دو بار ملا کر سات سال سے جیل میں ہے۔اس خوفناک اور دردانگیز انسانی تماشے (المیئے۔ناقل) اور آج کل کے حالات کو دیکھنے والوں اور اہل نظر کے لئے یہ مقام عبرت ہے اور اس ملک کے باسیوں کے لئے وجہِ فکر بھی کہ آخر وہ کونسا اجتماعی گناہ ہے جس کی ہمیں معافی نہیں مل رہی"۔ (روزنامہ جنگ لاہور ۲۲/جنوری ۲۰۰۱ء صفحہ ۲ و ۱۳)

اجتماع انصاراللہ 2000ء کی تصویری جھلکیاں



مخلص خادم سلسلہ چوہدری عبدالعزیز صاحب بھامبڑی مرحوم (دائیں سے دوسرے)

انصاراللہ عہد دہراتے ہوئے

مجلس عاملہ کے کچھ اراکین

انصاراللہ کھانے کی مارکی میں

سامعین اجتماع

چوہدری عبدالباری (کیلگری) صاحبزادہ مرزا انور احمد صاحب سے انعام وصول کرتے ہوئے

زور آزمائی بذریعہ رسہ کشی

مجالس ہائے انصاراللہ ٹورانٹو کے سپورٹس ڈے کے موقعہ پر صدر مجلس کا افتتاحی خطاب

تحریر: ہومیو ڈاکٹر ایم مظہر (ٹورانٹو)

اپنی یادداشت اور ذہنی استعدادِ کار بڑھائیے

خدا تعالیٰ نے عالمگیر جماعت احمدیہ پر جو عظیم ذمہ داریاں ڈالی ہیں۔ وہ اس امر کی متقاضی ہیں۔ کہ افرادِ جماعت احمدیہ جسمانی و ذہنی لحاظ سے اعلیٰ صلاحیتوں کے حامل ہوں۔ بالخصوص واقفینِ نو کی ذہنی نشوونما کے لئے ماہرینِ فن کی خدمت میں گذارش ہے۔ کہ وہ اس اہم ضرورت کے پیشِ نظر بکثرت ایسے مضامین ہدیۂ قارئین کریں۔ ادارہ مکرم ایم۔ مظہر صاحب کا ممنون ہے۔ جنہوں نے زیرِ نظر مضمون بغرض اشاعت ارسال کیا ہے مکرم مظہر صاحب اونٹاریو ہربل پریکٹس ایسوسی ایشن کے پروفیشنل ممبر ہیں۔ جن سے مزید معلومات کیلئے اس فون پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ 416-740-6592 (ادارہ)

سیدنا حضرت حافظ مرزا ناصر احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ بالخصوص طلباء کی ذہنی صلاحیتوں کو بڑھانے کی طرف خاص توجہ فرماتے تھے۔ چنانچہ اِس سلسلہ میں سویا بین کا مختلف طریقوں سے بکثرت استعمال ہوتا رہا۔ اب پھر ہم اس مضمون کے ذریعے تمام ذہنی و دماغی کام کرنے والوں کے لئے چند مفید معلومات فراہم کر رہے ہیں۔

سویا بین کے استعمال کے مختلف طریق

۱. کیپسول (سفوف) سویا بین: سویا بین گرائینڈر میں ذرا موٹا پیس کر اور بڑے سائز کے کیپسولوں میں بھر کر دو کیپسول صبح۔ دوپہر شام دودھ یا پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

۲. سویا بین بھگو کر کھائیں: رات بھر پانی میں بھگو کر رکھیں (اگر چاہیں تو نمک بھی ملا لیں) جب اچھی طرح پھول جائے۔ تو کپڑے سے خشک کر کے کچے دانے کھا لیں یا اوون میں پکا لیں۔ بھنے ہوئے چنوں کی طرح کھا سکتے ہیں یا کچے دانوں کو تیل میں تل کر کھائیں۔ پہلا طریقہ زیادہ موزوں ہے۔ کیونکہ اس میں چکنائی نہ ہو گی۔ نمک ملی بھنی ہوئی سویا بین بلک فوڈ سٹورز سے بھی مل سکتی ہے۔

۳. مربہ سویا بین: سویا بین کو پانی کی مناسب مقدار میں رات بھگو کر رکھیں۔ صبح ہلکی آگ پر پکائیں۔ کہ پانی جذب ہو جائے۔ اسے اب ہوا میں ٹھنڈا ہونے دیں۔ چینی کا شیرہ الگ تیار کر کے (سویا بین کو مناسب برتن میں ڈال کر) اس کے اوپر تک ڈال دیں۔ کہ سویا بین ڈوب جائے۔ دوسرے روز شیرہ پتلا ہو جائے۔ تو دانوں کو الگ کر کے شیرہ گاڑھا کر لیں۔ یہ عمل بعض اوقات دو۔ تین مرتبہ بھی کرنا پڑتا ہے۔ اس طرح خوش ذائقہ مربہ تیار ہو جائے گا۔

چند ورزشیں

حافظہ اور ذہنی استعدادِ کار بڑھانے کے لئے ضروری ہے۔ کہ ہم اپنی آنکھوں کی بینائی و گردن کے پٹھوں و اعصاب کی قوت و صحت پر خصوصی توجہ دیں۔ پس اس مقصد کے حصول کے لئے ہم چند ورزشیں تحریر کر رہے ہیں۔

آنکھوں کی ورزشیں

بیمار آنکھوں کے پٹھے اور ریشے سخت ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ ان ورزشوں سے آنکھیں آزادانہ طور پر ادھر اُدھر گھوم سکتی ہیں۔ یہ ورزشیں تحفظ بھی ہیں اور علاج بھی۔ اگر تندرست لوگ انہیں باقاعدگی سے کریں گے تو عینک سے بچے رہیں گے۔ اور عینک لگانے والے لوگوں کی عینک اتر سکتی ہے۔ یا نمبر کم ہو سکتے ہیں۔

ورزش نمبر ۱

کرسی پر بیٹھ کر سر کو ہلائے بغیر آرام دہ حالت میں رکھیں۔ اور جتنا اوپر دیکھ سکتے ہیں دیکھیں۔ لیکن سر پیچھے نہ جھکنے پائے۔ پھر جتنا نیچے دیکھ سکتے ہیں دیکھیں لیکن سر آگے نہ جھکنے پائے۔ آنکھوں کو اتنا اٹھانا یا نیچے نہیں لے جانا چاہئے۔ کہ ان پر ذرا بھر زور پڑے۔ انہیں چھ بار اوپر اور چھ بار نیچے لے جانا چاہئے۔ اس کے بعد دو تین سیکنڈ آرام دیں۔ اور یہی ورزش دو بار بیچ میں وقفہ دے کر کریں۔ (اگر کرسی میسر نہ ہو اور وقت بھی کم ہو تو بلحاظ وقت کم مقدار میں بھی کر سکتے ہیں۔)

ورزش نمبر ۲

اپنے سر کو پہلے جیسی حالت میں رکھیں۔ آنکھوں کو پہلے دائیں جانب اور بعد میں بائیں جانب لے جائیں۔ آنکھوں کے ساتھ سر نہ گھومنے پائے۔ اسی طرح چھ بار دائیں اور چھ بار بائیں جانب جتنی دور تک دیکھ سکتے ہیں۔ یہ ورزش درمیان میں دو

سیکنڈ کا وقفہ دے کر تین بار کرنی چاہئے۔آنکھوں پر زور نہ پڑنے دیں۔

ورزش نمبر۳

آنکھوں کو آہستہ چکر دار گولائی میں دائیں سے بائیں چار بار گھومائیں۔یہ عمل درمیان میں دو سیکنڈ تک آرام کرنے کے بعد تین بار کرنا چاہئے۔

ورزش نمبر۴

یہ ورزش ،ورزش نمبر۳ کے برعکس ہے۔یعنی بائیں سے دائیں جانب۔

ورزش نمبر ۵

۲۵ بار آنکھوں کو کھولئے اور بند کیجئے ۔ہر دو گھنٹہ کے بعد یا کم وبیش وقفہ سے اس عمل کو دہرائیں۔

ورزش نمبر۶

دائیں ہاتھ کے انگوٹھے والی (تشہد کی) انگلی کو آنکھوں کے سامنے آٹھ انچ کے فاصلہ پر رکھیں۔دس فٹ کے فاصلہ پرکوئی چیز جیسے دروازہ کھڑکی وغیرہ دیکھ لیں۔پہلے انگلی کی طرف دیکھیں پھر اس چیز کی طرف۔اس طرح بیس بار انگلی سے اس چیز تک اپنی نظر دوڑائیں۔درمیان میں دو دو سیکنڈ آرام کرکے اس ورزش کو تین بارکرنا چاہئے۔آنکھوں کے لئے یہ سب سے زیادہ مفید ورزش ہے۔جس وقت جس جگہ موقع ملے۔اسے کرتے رہنا چاہئے۔

مذکورہ بالاورزشوں میں سے جو ورزش بھی آپ حسبِ حالات وحسبِ موقع (جس قدروقت ملے) کرتے رہیں گے۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔یاد رہے کہ یہ ورزشیں ہمیشہ عینک اتار کر کرنی چاہئیں۔اور ویسے بھی عینک کا استعمال حتی الوسع کم کرنا چاہئے۔

گردن کی ورزشیں

ذیل کی ورزشیں گردن کے سکڑے ہوئے اور سخت پٹھوں کو ڈھیلا کرنے کے لئے مفید ہیں۔

ورزش نمبر۱

سر کو اتنا آگے جھکائیے۔جتنا آپ جھکا سکتے ہیں۔کندھوں کو ڈھیلا رکھئے۔ٹھوڑی کو سینے تک لے جائیے۔پھر اُسے اٹھائیے اور اتنا پیچھے لے جائیے جتنا ممکن ہو۔اس طرح سر کو چھ بار اٹھائیے اور چھ بار پیچھے لے جائیے۔

ورزش نمبر۲

سر کو آگے کی طرف سینے پر پہلے کی طرح جھکائیے۔اور اسے دائیں جانب سے بائیں جانب ایک چکر کی شکل میں گھومائیے۔یہی کام ۱۲ مرتبہ کیجئے۔

ورزش نمبر۳

سر کو آگے کی جانب سینے تک پہلے کی طرح جھکائیے ۔اور اسے بائیں طرف سے دائیں طرف چکر کی مانند گھمائیے۔یہ کام ۱۲ مرتبہ کیجئے۔

ورزش نمبر۴

سر کو بائیں کندھے پر اتنا جھکائیے۔جتنا ممکن ہو۔جسم کے باقی اعضاء کو بالکل نہیں ہلانا چاہئے۔اس کے بعد سر کو پہلے جیسی حالت میں لے جائیے۔پھر اسے دائیں طرف اسی طرح جھکائیے۔جیسے پہلے بائیں طرف جھکایا تھا۔اس طرح دس بار بائیں جانب اور دس بار دائیں جانب جھکائیے۔اگر یہ سب ورزشیں لگاتار روزانہ کی جائیں۔تو گردن اور ریڑھ کی ہڈی کو آرام پہنچے گا۔اور اس کے نتیجہ میں آنکھوں اور سر میں صاف خون کا دوران ہوگا۔

مذکورہ بالا ورزشوں میں سے جو جو ورزش آپ حسبِ حالات وحسبِ موقع جتنی مرتبہ کرسکیں ضرور کریں۔نہ کرنے سے کچھ نہ کچھ کرنا ہی بہتر ہے۔اور اسی نسبت سے آپ کو فائدہ ہوگا۔انشاء اللہ۔

میں نے خود تجربہ کرکے دیکھا ہے۔یہ ورزشیں بلا شبہ بہت مفید ہیں۔کئی دوسرے لوگوں کو بتائی ہیں۔اگر کوئی بھول جاتا ہے۔تو یاد دلانے کے لئے جس کمرہ میں آپ زیادہ وقت گذارتے ہیں۔وہاں دیوار پر ٹیپ کی مدد سے ایک چٹ لگا لیں۔جس پر R.E. لکھیں۔R سے مراد Remembrance of Allah یا ذکرِ الٰہی ہے۔اور E سے مراد Eye Exercise ہے۔جب نظر پڑے۔اپنے قلب کی آنکھیں روشن کرنے کے لئے ذکرِ الٰہی شروع کردیں۔اور ساتھ ان ظاہری آنکھوں کی بینائی تیز کرنے کے لئے آنکھوں کی ورزش بھی شروع کرلیں۔

ورزشوں کی جو مقدار مذکور ہے۔وہ نہ بھی پوری کرسکیں۔تو کوئی بات نہیں ۔جو جو ورزشیں درج کی گئی ہیں۔ان میں سے جس کے کرنے کا موقع ملے وہ ہی کر لیں۔یہی نشان جس کا ہم اوپر ذکر کر چکے ہیں۔قلم کی مدد سے اپنے ہاتھ پر بھی بغرض یادداشت بنا سکتے ہیں۔اور سارے دن میں جب بھی موقع ملے اپنی بصیرت اور بصارت دونوں کو بڑھائیں اگر نشان بنانے کے باوجود آپ کو یاد نہیں رہتا۔تو نشان بنانے کی نیت کا اجر تو بہرحال آپ کو ملتا رہے گا۔

غذا

کسی بلک فوڈ سٹور سے گندم کا چھان (Wheat Bran) لے لیں۔اور آٹے میں ملا کر اس کی روٹی بنا کر کھانے کو معمول بنائیں۔ اور Oats (جو۔ جئی کی قسم) کے دلیہ میں بھی یہی چھان Bran ملا کر دلیہ تیار کریں اور صبح اس کا ناشتہ کریں۔ چھان میں قبض کشاء وٹامنز ہوتے ہیں۔اور چونکہ دماغی کام کرنے والوں کو زیادہ بیٹھنے کی وجہ سے اکثر قبض کی شکایت ہو جاتی ہے۔یہ وٹامنز جسم کو جہاں طاقت بخشتے ہیں۔وہاں قبض دور کرنے کا قدرتی، مفید و بے ضرر علاج بھی ہیں۔ چھان کا ریشہ دار مواد Fibre انتڑیوں کی خوب صفائی کرتا ہے۔ مجموعی طور پر ۵۰ گرام چھان یومیہ تقسیم کر کے مختلف شکلوں میں استعمال کرنا چاہیئے۔

شہد دودھ یا پانی میں ملا کر پئیں۔بشرطیکہ شہد خالص ہو۔ سلاد، سبزیاں، پھل، خشک پھل، میوے، بادام، چلغوزے، اخروٹ، ناریل، کھجور، چنے، دالیں بمع چھلکا، بکرے کی سری اور اس کا بھیجا (مغز)، انڈوں کی زردی۔ پیاز لہسن بھی مفید غذائیں ہیں۔

پرہیز و ہدایات

مسلسل زیادہ دیر تک بیٹھے رہنے سے اجتناب کریں۔ کھلی تازہ ہوا میں سیر یا ورزش کو معمول بنائیں۔میدہ کی مصنوعات جو انتڑیوں میں چپک کر قبض کا باعث بنتی ہیں۔ سے پرہیز کریں۔ نیز چائے، کافی اور کوک اگرچہ وقتی طور پر چستی تو پیدا کرتی ہیں۔مگر ان کے نقصانات بہت زیادہ ہیں۔ ان کا استعمال کم سے کم کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

دماغی کام کرنے والے تھوڑا کھائیں۔اور تھوڑے وقفوں سے کھائیں۔ اتنا کہ غذا آپ کا بوجھ اٹھائے۔ نہ اتنا کہ آپ کو غذا کا بوجھ اٹھانا پڑے۔ کام کرتے کرتے جب دماغ تھک جائے۔ تو اسے مکمل آرام دیں۔ خواہ تھوڑے وقت کے لئے ہی ہو۔ مذکورہ بالا ورزشیں بھی اس مقصد کے لئے مفید ہیں۔ ذہنی پریشانیوں سے ذہن کو آزاد رکھیں۔ دماغ تھک جائے۔ تو سر اور گردن کی مالش بھی مفید رہتی ہے۔ مالش کے لئے زیتون کا یا کوئی اور تیل استعمال کر سکتے ہیں۔ مثلاً روغن بادام یا روغن کدو وغیرہ

یادداشت بڑھانے کا ایک اور طریق

اس طریق سے سبق جلد ذہن نشین ہو جاتا ہے۔اور یادداشت ترقی کرتی ہے۔

(ا) جب ٹیچر پڑھائے۔ تو پوری توجہ اور انہماک سے سنا جائے۔

(ب) نوٹس لئے جائیں۔

(ج) اپنے سے کسی Junior Student کو پڑھایا جائے۔

(د) اگر ایسا نہ ہو سکے۔ تو خود کو اونچا بول کر سنایا جائے۔ یا اپنے الفاظ میں لکھا جائے۔ اگر متذکرہ بالا طریقوں میں سے فرداً فرداً سب کو معمول بنایا جائے۔ تو یادداشت ترقی کرتی ہے۔

جستہ جستہ

ایک خطرناک آزمائش

"ایک ورزش کرنے والے پر سب سے بڑا ابتلاء اس وقت آتا ہے جب وہ یہ سوچتا ہے کہ چلو آج ایک دن کا ناغہ کر لیں، کوئی بات نہیں یہ خیال ایک ورزش کرنے والے کا سب سے بڑا دشمن ہے اگر آپ اس وقتاً فوقتاً پیدا ہونے والے وسوسے پر قوت کے ساتھ غالب آ جائیں تو یقین جانیں کہ آپ صحت اور توانائی کے راستے پر بے روک ٹوک گامزن ہو چکے ہیں۔"

(ورزش کے زینے صفحہ 35)

ڈبوں میں بند دودھ سے بچوں کے دماغ کی صحیح نشوونما نہیں ہوتی

[سکاٹ لینڈ] گلاسگو یونیورسٹی رائل ہسپتال فار چلڈرن کے ایک پروفیسر Forrester Cockburn نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ماؤں کو اپنی چھاتیوں کے دودھ سے بچوں کی پرورش کرنا چاہئے۔ کیونکہ ڈبوں میں بند دودھ میں مناسب مقدار میں Fatty Acids موجود نہیں ہوتے جس کی وجہ سے دماغ کی نشوونما صحیح طریق پر نہیں ہو سکتی۔

انہوں نے کہا کہ ماں کے دودھ کا کوئی نعم البدل نہیں اور اسے مشینوں کے ذریعہ تیار نہیں کیا جا سکتا کیونکہ مشینوں سے تیار شدہ دودھ میں Enzymes اور Cells اس صورت میں جمع نہیں کئے جا سکتے جس صورت میں وہ انسانی دودھ میں موجود ہوتے ہیں۔

پروفیسر Cock Burn نے کہا کہ زندگی کے پہلے سال میں بچے کا دماغ ۳۵۰ گرام سے بڑھ کر ۱۱۰۰ گرام تک پہنچ جاتا ہے۔ اور اس کا زیادہ تر حصہ پہلے چھ ماہ میں بڑھتا ہے۔ اس وقت Fatty Acids کی کمی آئندہ کے لئے نقصان کا باعث بن سکتی ہے۔

عمل کے بغیر قولی طاقت اور لسانی قوت کچھ فائدہ نہیں پہنچا سکتی۔

ارشاد حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام

ربوہ......دارلہجرت

..........ربوہ شہر کے ایک باسی کے منظوم جذبات

"کسی ماں نے وہ بچہ نہیں جنا جو ہماری مسکراہٹیں چھین سکے.........!" نصرتِ باری تعالیٰ پر یقین کامل اور عزم واستقلال کی نکہتوں سے مہکتا ہوا یہ تاریخی جملہ سیدنا حضرت حافظ مرزا ناصر احمد خلیفۃ المسیح الثالثؒ نے ان دنوں ارشاد فرمایا تھا، جب ایک احسان فراموش سیاسی بزرجمہر نے ہیرو بننے کے جنون اور کرسی اقتدار کی مضبوطی کے زعم میں یہ متکبرانہ فرعونی بڑھک لگائی کہ میں مرزا ناصر احمد کے ہاتھ میں کشکول پکڑا دوں گا!۔اس کے بعد ایک اور مردِ منافق نے خود کو(نعوذ باللہ) قادرِ مطلق گردانتے ہوئے اور سلسلۂ احمدیت کو کینسر سے موسوم کرتے ہوئے براہِ راست خلافت احمدیہ پر حملہ آور ہونے کی مذموم جسارت کی۔تاکہ احمدیوں بالخصوص اہلِ ربوہ کے چہروں کی مسکراہٹیں چھینی جاسکیں۔لیکن مکافاتِ عمل اور خدائی تقدیر کے ہاتھوں، وقت کے ان فرعونوں اور ہامانوں کی نخوتوں کا جو خوفناک انجام ہوا، راولپنڈی جیل کا پھانسی گھاٹ اور اسی شہر کا جبڑا چوک اس انجام کے تاریخی گواہ ٹھہر کر دیدۂ عبرت نگاہ بن گئے ! لیکن افسوس کہ حق وصداقت کے ازلی دشمنوں نے پھر بھی عبرت نہیں پکڑی۔چنانچہ مردِ منافق کی باقیات نے حاسدین ومعاندین احمدیت کی حسد کی آگ کو ھل من مذید کے مصداق بڑھاوا دینے کی خاطر ان کے مطالبہ پر ربوہ شہر کا نام تبدیل کرڈالا کہ شاید اسی طور احمدیت کے پیغام کی خوشبو دہر میں پھیلنے سے رک جائے۔۔۔ لیکن مشرکینِ مکہ جیسی قبیح حرکات کرنے والے ابولہبوں کو کوئی کیونکر بتائے کہ گلاب کا جو چاہے نام رکھ لو، گلاب نے ہرصورت گلاب ہی رہنا ہے اور اسکی خوشبو نادان بھنوروں کی بھنبھناہٹ کو خاطر میں لائے بغیر فضاؤں کو ہر آن اور چہار سو معطر کرتی چلی جاتی ہے۔۔۔۔۔۔یوں بھی اپنے پیدا کرنے والے رب العالمین کی رضا پر راضی رہنے والے اہلِ ربوہ کے اطمینانِ قلب اور چہروں کی مسکراہٹیں کوئی کیسے چھین سکتا ہے۔کہ اس بستی کی بنیادیں تو خالص ابراہیمی دعاؤں پر اٹھائی گئی تھیں اور اس شہر کے بانی حضرت مصلح موعود نے ربِ کعبہ کے حضور یہ منظوم دعا بھی مانگی تھی۔

ربوہ رہے کعبہ کی بڑائی کا دعا گو
ربوہ کو پہنچتی رہیں کعبہ کی دعائیں

(کلام محمودؓ)

مذکورہ بالا حالات وواقعات کے پس منظر میں نظم بند کیے جانے والے ربوہ شہر کے ایک باسی کے منظوم جذبات پر مبنی ایک طویل نظم کے کچھ منتخب بند، قارئین کے ذوقِ سخن کے لئے پیشِ خدمت ہیں۔

ربوہ میرا شہر

ربوہ جو میرا شہر ہے
اک برکتوں کی نہر ہے
یہ صادقوں کا شہر ہے
یہ روشنی کی لہر ہے

سرچشمۂ برکت ہے یہ
کاشانۂ جنت ہے یہ
اور مظہرِ قدرت ہے یہ
اور مہبطِ رحمت ہے یہ

گہوارۂ علم وعمل
یہ شہر میرا بے بدل
امن وسکوں کا اک محل
غافل نہیں یہ ایک پل

تعلیم اس جا عام ہے
پڑھنا پڑھانا کام ہے
اک معرفت کا جام ہے
مشہور خاص وعام ہے

اسکول کالج ہیں یہاں
ہیں علم کے دریا رواں
سب علم کے طالب یہاں
ہے آگہی کا اک جہاں

یہ وادیٔ کہسار ہے
گلزار سبزہ زار ہے
یہ اک حسیں دلدار ہے
لیکن صبار فتار ہے

ربوہ جو میرا شہر ہے
یہ روشنی کی لہر ہے

سرسبز اور شاداب ہے　　بے مثل آب و تاب ہے
یہ ہم کنارِ آب ہے　　ہمسایۂ چناب ہے

سو سال سے زائد ہوئے　　اور سب مخالف مر گئے
اپنی سی وہ بھی کر گئے　　لیکن نہ کچھ بھی کر سکے

بڑھتا رہا یہ سلسلہ　　یہ ہے خدا کا فیصلہ
نہ رک سکے گا قافلہ　　یہ اس کی قدرت کاملہ

پھیلتا رہے گا یہ سدا　　ہو چاہے کوئی بھی خفا
جو آج تک نہ رک سکا　　اب کون روکے گا بھلا

